URDU

Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE



# خصوصی تعلیم

## والدین کے لیئے، ہینڈ بک





جنوری 2021ء

والدین کیلئے خصوصی تعلیم کی یہ ہینڈبک ایک کمیٹی میں مشاورت سے تیارکی گئی ہے جس میں فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولزکے پرنسپل صاحبان، اوردرج ذیل محکموں اور دفاتر سے تعلق رکھنے والے مرکزی خصوصی تعلیم منتظمین شامل تھے: انسٹرکشن، پروسیجرل سپورٹ، اسکول سائیکولوجی سروسز، ملٹی ایجینسی، سیکشن 504، کیریئر اینڈ ٹرانزیشن، پیرینٹ ریسورس سینٹر(PRC) اور والدین۔

محکمہ خصوصی خدمات اس کمیٹی کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جس کے علم، تجربہ اور مہارت سے اس ہینڈبک کی تیاری ممکن ہوئی۔

Jugnu Agrawal، اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن

Laura Allen ، پیرنٹ

Natashi Anthony، اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکش

Tim Brown ، ملٹی ایجنسی سروسز

Michelle Cades، پیرنٹ

Mary Beth Harrison Cunningham ، پیرینٹ ریسورس سینٹر

Kim Dupont، اَرلی چائلڈ ہڈ اسپیشل ایجوکیشن

Sara Harper، پرنسپل

Erica Jones، خصوصی تعلیمی ہدایات

Susan Kannengiesser، اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ

Jennifer Krempasky ، اسسٹنٹ پرنسپل

Toby Latham، پیرنٹ

Diane Leipzig ، پرنسپل

Ann Long، کیریئر اینڈ ٹرانزیشن سروسز

Jason McBeth، اسکول سائیکولوجی سروسز

Kathy Murphy، سیکشن 504

Jane Strong، اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ

Keyanna Williams، ویب سپورٹ

# پیش لفظ

معذوریوں کے حامل افراد کی تعلیم میں بہتری کے قانون (IDEA) مجریہ 2004ء ایسے تمام بچوں اورنوجوانوں کو، جن کو خصوصی تعلیمی خدمات کی ضرورت ہے، مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ کوڈ آف ورجینیا 2 سے 21 سال کی عمر کے ایسے تمام افراد کی، جنہیں ایسی سہولیت کی ضرورت ہے اورجو ورجینیا میں رہائش پذیر ہیں، نشاندہی کرنے اور انکی جانچ کے بعد FAPE کی فراہمی کا تقاضہ کرتا ہے۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز (FCPS) اہل طالبعلموں کو خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔

وفاقی خصوصی تعلیم کے قانون کا کلیدی ستون یہ ہے کہ والدین کو ایسی خدمات کے تعین کیلئے فعال شرکاء کی حیثیت سے مدعو کیا جائے جو ان کے بچے کی خصوصی تعلیم کی ضروریات کو مناسب انداز سے پوراکرتی ہوں۔ والدین اور اساتذہ کے مابین مؤثراشتراک کار ضروری ہے تاکہ تمام لوگوں کو، جو اس سلسلہ میں شامل ہیں، خصوصی تعلیمی خدمات کے متعلق علم ہو اور ان اقدامات کو سمجھتے ہوں جو معذورطالبعلموں کی نشاندہی کرنے اور تعلیم دینے کیلئے درکار ہوں۔

یہ ہینڈ بک والدین، اساتذہ اور معذوری کے حامل طلباء کی اعانت کیلئے تیارکیا گیا ہے تاکہ وہ بچوں کی کامیاب تعلیم اور نتائج کے مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے مِل جُل کر کام کریں۔ خصوصی تعلیمی خدمات FCPS کی تعلیمی پیشکشوں ایک جزولاینفک ہے۔ ہلکی پھُلکی معذوریوں سے لیکر شدید معذوریوں کے شکار 2 سے 21 سال کے طالبعلموں کو مختلف قسم کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ چونکہ ان خدمات کو وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت منظم کیا جاتا ہے ، اس ہینڈ بک کے بعض حصوں میں مخصوص اصطلاحات شامل ہیں۔

ان اصطلاحات کی ایک فرہنگ ضمیمہ B میں مہیا کی گئی ہے۔ آپ جب یہ ہینڈبک پڑھیں اوراستعمال کریں گے تو آپ کو شائد مزید معلومات یا مدد کی ضرورت پیش آئے۔ بہت سے لوگ ہیں جو آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات اورمدد کیلئے آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ (OSEPS) سے 571-423-4290 پر؛ پیرینٹ ریسورس سینٹر (PRC) سے 703-204-3941 پررابطہ کیجیئے یا ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے
https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/parent-resource-center

آپ اپنے مقامی اسکول، علاقائی دفتر، اپنے پروسیجرل سپورٹ لیژون (PSL)،پیرینٹ ریسورس سینٹر(PRC)، محکمہ برائے خصوصی خدمات (DSS) کے عملے کے ارکان، یا کمیونٹی سپورٹ گروپس جیسا کہ معذوری کے حامل طلباء کے لیئے مشاورتی کمیٹی(ACSD) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو اس ہینڈبک کا چَھپا ہوا نسخہ درکار ہے تو PRC سے 703-204-3941 پر فون کیجیئے ۔

# فہرست مضامین


پیش لفظ ........ i
**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز ........ 3**
ہمارا اسکول سسٹم ........ 3
قرب وجوار پرمبنی اسکول ........ 3
اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویلکم سینٹرز ........ 3
ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اور سینٹرل ایڈمنسٹریشن ........ 4
ریجن کے دفاتر ........ 4
محکمہ برائے خصوصی خدمات (DSS) ........ 4
فیئر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ ........ 5
معذوری کے حامل طلباء کے لیئے, مشاورتی کمیٹی (ACSD) ........ 5
اسپیشل ایجوکیشن پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن (SEPTA) ........ 5
گھرانوں اور طلباء کے محتسب اعلیٰ ........ 6
**آپ کے خاندان کے خصوصی تعلیم کے حقوق ........ 6**
**خاندانوں کیلئے خصوصی التفات ........ 6**
ترجمے اور مترجم کی خدمات ........ 6
مثبت طرزعمل کے طریقے ........ 6
**خصوصی تعلیم کا طریقہ کار ........ 7**
**خصوصی تعلیم کیا ہے؟ ........ 7**
**خصوصی تعلیم کے طریقہ کار کے اہم عناصر ........ 7**
شناخت ........ 7
ریفرل ........ 8
جانچ ........ 10
اہلیت ........ 11
ازسرنو جانچ پڑتال ........ 12
خصوصی تعلیم کی اہلیت کی برخاستگی / خاتمہ ........ 13
معذوری کی اقسام ........ 13
آئی ای پی ........ 16
**خصوصی تعلیم کے اضافی عناصر ........ 24**
کم سےکم پابندی والا ماحول (LRE) ........ 24
متعلقہ سہولیات ........ 24
اضافی سہولیات ........ 26
توسیعی تعلیمی سال (ESY) کی سہولتیں ........ 27
مددگار ٹیکنالوجی کی سہولتیں (ATS) ........ 29
مثبت طرزعمل کے طریقے ........ 30
عملی طرزعمل کی جانچ (FBA) اور طرز عمل کا اصلاحی پلان(BIP) ........ 30
کیریئر اینڈ ٹرانزیشن پروگرامز اینڈ سروسز (CTS) ........ 32

ورجینیا احتساب نظام میں ایسے طالبعلموں کی شرکت جو خصوصی تعلیمی خدمات سے استفادہ کرتے ہیں..... 39
والدین کی جانب سے نجی اسکولوں میں داخل کئے گئے بچے ..................................................... 40
نظم وضبط اور معذوری کے حامل طالبعلم ..................................................... 41
اپیلوں کا طریقہ کار ..................................................... 43
طالبعلم کا ریکارڈ ..................................................... 46
**سیکشن 504 اور امریکنز ود ڈس ایبلٹیز ایکٹ ترمیمی ایکٹ مجریہ 2008 (ADAAA) .................... 48**
504 سوالات وجوابات ..................................................... 48
**ماخذ اور معلومات ..................................................... 53**
تعریفیں ..................................................... 53
پیرینٹ ریسورس سینٹر(PRC) ..................................................... 54
پیرینٹ ایجوکیشن پروگرام ورکشاپس ..................................................... 54
PRC لائبریری Dunn Loring Center برائے والدین کی خدمات ..................................................... 54
فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز ریسورسز ..................................................... 55
فیئرفیکس کاؤنٹی گورنمنٹ ریسورسز ..................................................... 58
کمیونٹی اور دیگر وسائل ..................................................... 60
**ضمیمہ ..................................................... 62**
ضمیمہ A – IEP فارمز ..................................................... 62
ضمیمہ B – اصطلاحات کی فرہنگ ..................................................... 62
ضمیمہ C متعلقہ مخفف ..................................................... 68
اہلیت کی میٹنگس کیلئے خصوصی تعلیم کے ریفرل اور مدتِ وقت ..................................................... 71

# فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز

## ہمارا اسکول سسٹم...

- ریاست ورجینیا میں سب سے بڑا اسکول ڈویژن ہے
- ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں 10 واں بڑا اسکول ڈسٹرکٹ ہے
- 188,000 سے زیادہ طلبا وطالبات کو زیورِتعلیم سے آراستہ کرتا ہے
- 267,000 طالبعلموں کو خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کرتا ہے
- 198 سے زیادہ اسکولوں اور مراکزکا انتظام وانصرام کرتا ہے

## قُرب وجوار میں موجود اسکول

کاؤنٹی میں آنے والے نئے لوگ https://www.fcps.edu/schools-centers پر جاکر اپنے گھر کے پتہ کے قریب اسکولوں کا پتہ چلاسکتے ہیں۔ اسکولوں کا تعین رہائش گاہوں کے پتہ کے مطابق ہوتا ہے۔ حدود (حاضری کا علاقہ) معلوم کرنے کیلئے ملاحظہ کیجیئے http://boundary.fcps.edu/boundary/ تاکہ آپ کے پتے کے مطابق اسکول کا تعین کیا جائے۔ اسکول حدود کے تعین پر ہرسال نظرثانی کی جاتی ہے اور ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔ اسکول حدود کی معلومات صرف موجودہ تعلیمی سال کے لئے ہیں۔ کسی نئے علاقہ میں واقع پتہ کیلئے آفس آف فیسیلیٹیز پلاننگ سروسز سے 571- 423- 2330 پر رابطہ کرکے اسکول کے تعین کی تصدیق کیجیئے۔

والدین اپنے بچے کو آن لائن رجسٹر کرانے کیلئے معلومات https://www.fcps.edu/registration سے حاصل کرسکتے ہیں۔ خصوصی تعلیمی خدمات قرب وجوار میں موجود اسکول میں فراہم کی جاتی ہیں تاوقتیکہ طالبعلم کے انفرادی تعلیمی پروگرام کیلئے کسی دوسری جگہ داخلے اور مقام کی ضرورت نہ ہو۔ طالبعلموں ، بشمول خصوصی ضروریات کے حامل طلبا وطالبات ، کی رجسٹریشن قرب وجوار میں موجود اسکولوں میں ہوگی۔

## اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویلکم سینٹرز

اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویلکم سینٹرز آسانی کیلئے مندرجہ ذیل مقامات پر موجود ہیں۔ آپ طالبعلم کے اندراج کے پیشگی وقت کیلئے اپنے قریبی مرکز سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ انرراج کے عمل میں معاونت کیلئے دوہری زبان جاننے والے رجسٹرارز بھی دستیاب ہیں۔

### South County Center
8333 Richmond Highway,
Alexandria, VA 22309
فون: 703-742-4900
ہفتے کے دنوں میں صبح 8 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک

### Lake Anne/Reston Center
11484 Washington Plaza West,
Suite 310,
Reston, VA 20190
فون: 703-668-0690
ہفتے کے دنوں میں صبح 8 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک

### Dunn Loring Center
2334 Gallows Road,
Dunn Loring, VA 22027
فون: 703-204-6740
صبح 8 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک ہفتے کے دنوں میں قانونی سرپرستوں کے لئے معلومات: 703-204-6744

اگرآپ پر مندرجہ ذیل شرائط کا اطلاق ہوتا ہے تو (اوپردیئے گئے ) تینوں سینٹرز میں سے کسی ایک میں اندراج کرائیں:

- کنڈرگارٹن کے وہ طالبعلم جو تعلیمی سال شروع ہونے کے بعد رجسٹر ہورہے ہوں جنکی زبان Home Language Survey میں، انگریزی نہیں، یا اس کے علاوہ کوئی دوسری زبان ہے ۔
- گریڈ 1 سے لے کر گریڈ 12 تک وہ طالبعلم، جنکی زبان Home Language Survey میں، انگریزی نہیں، یا اس کے علاوہ کوئی دوسری زبان ہے ۔

حالات کے مطابق (رضاعی دیکھ بھال، بے گھر، قانونی سرپرست کے قابل قبول حالات وغیرہ) رجسٹریشن یا تو مقامی اسکول میں ہوگی یا پھر اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویلکم سینٹرز میں۔ براہ مہربانی Special Registration Situations ملاحظہ کیجیئے۔ (اپنے بچے کی ہوم اسکولنگ کے آپشن کیلئے Home Instruction ملاحظہ کیجیئے۔)

اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویلکم سینٹر میں پیشہ ورماہرین کورس میں داخلے کیلئے آپ کے بچے کی انگریزی زبان میں مہارت اور/ یا تعلیمی سطح جانچنے کیلئے اضافی آزمائشیں کریں گے۔ یہ آزمائشیں مقامی اسکول کو اور آپ کے بچے کی تدریسی ضروریات میں اعانت کیلئے قیمتی معلومات فراہم کرسکتی ہیں۔

## ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اور سینٹرل ایڈمنسٹریشن

ایف سی پی ایس سپرنٹنڈنٹ Scott Brabrand، کو لیڈرشپ ٹیم کی طرف سے مشاورت فراہم کی جاتی ہے ، جو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، چیف آپریٹنگ آفیسر، چیف ایکویٹی آفیسر، چیف اکیڈیمک آفیسر، چیف انفارمیشن آفیسر، ڈویژن کونسل، ڈائریکٹر آف آپریشنز، اور پانچ محکموں کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس پر مشتمل ہے۔ ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس اور ایگزیکٹو پرنسپلز بھی لیڈرشپ ٹیم میں خدمات سرانجام دیتے ہیں ؛ دیگرافراد بھی سپرنٹنڈنٹ کی صوابدید پر خدمات انجام دیتے ہیں یا لیڈرشپ ٹیم کی میٹنگوں میں شریک ہوتے ہیں۔

## ریجن کے دفاتر

ایف سی پی ایس پانچ ریجنوں میں منظم ہے۔ ہر ریجن میں ایک اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اور دو ایگزیکٹو پرنسپلز ہوتے ہیں۔ ہر ریجن چار یا پانچ پیرامڈز پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک پیرامڈ ایک ہائی اسکول اور اس کے تمام مڈل اور ایلیمنٹری فیڈر اسکولوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

## محکمہ برائے خصوصی خدمات (DSS)

DSS چار دفاتر پر مشتمل ہوتا ہے۔ آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ, انٹروینشن اینڈ پریوینشن سروسز، آپریشنز اینڈ اسٹریٹیجک پلاننگ اینڈ اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن میں ڈائریکٹر اور ان کے عملے کے ارکان (کوآرڈینیٹرز، پروگرام مینیجرز، اسپیشلسٹس، پروسیجرل سپورٹ لیژونز (PSL)، اسکول کے ماہرین نفسیات، ریسورس ٹیچرز، اسکول کے سماجی کارکن، مترجم اور دوسرے) DSS کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو رپورٹ کرتے ہیں۔

والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ PSL سے رابطہ کریں اور ان سوالوں اور تشویش کے متعلق بات کریں جو مقامی اسکول میں حل نہیں ہوتے۔ PSLs کے نام ،فون نمبرز اور اسکول کی اسائنمنٹس آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ کے ویب پیج پر مل سکتی ہیں۔ https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support-1

DSS کے دفاتر فی الوقت ان جگہوں پر واقع ہیں: Willow Oaks Administrative Center, 8270 Willow Oaks Corporate Drive, Fairfax, VA 22031 یا the Gatehouse Administrative Center at 8115 Gatehouse Road, Falls Church, VA 22042۔ DSS کے مرکزی دفاتر میں عملے کے ارکان ڈویژن بھر کی سطح پرخصوصی تعلیم کی خدمات کی فراہمی کی منصوبہ بندی اور منظم کرتے ہیں۔ پیرامڈز کی جانب سے تعینات کردہ عملے کے ارکان وفاقی اور ریاستی قوانین کی رُو سے پیچیدہ خصوصی تعلیمی طریقہ ہائے کار کو منظم کرنے اور ان کی نگرانی کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

## فیئر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ

ایک منتخب شدہ 12 رکنی اسکول بورڈ اورطلباوطالبات کا ایک نمائندہ، جسے ووٹ کا حق نہیں ہوتا، FCPS کا نظام چلاتا ہے۔ اسکول بورڈ Luther Jackson Middle School میں میٹنگز منعقد کرتا ہے۔ مزید معلومات اسکول بورڈ webpage پر https://www.fcps.edu/school-board. ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

اسکول بورڈ سے بات چیت کیلئے یا اسکول بورڈ کے طریقہ کار کے متعلق معلومات حاصل کرنے کیلئے ، بورڈ کے کلرک یا اسکول بورڈ اسسٹنٹ کو 571-423-1075 پر کال کیجیئے، یا اسکول بورڈ کے کسی رکن سے رابطہ کرنے کیلئے SchoolBoardMember@fcps.edu پر ای میل کیجیئے۔

## معذوری کے حامل طلباء کے لیئے مشاورتی کمیٹی (ACSD)

اسکول بورڈ مقامی شہریوں کو فیئرفیکس کاؤنٹی ACSD کے رکن کے طورپر مقرر کرتا ہے۔ ACSD اسکول بورڈ کو خصوصی تعلیم کی پالیسیوں، طریقہ ہائے کار اور خدمات کے متعلق ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی وساطت سے مشاورت فراہم کرتا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تحریری یا زبانی مواد کے ذریعہ کمیٹی تک اپنی آراء پہنچائیں۔ ACSD اسکول ڈویژن کیلئے ورجینیا کی ریگولیٹری شرط کو پورا کرتی ہے جس کے تحت ایک خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی ہونی چاہیئے، جو دیگر اسکول ڈویژنوں میں اسپیشل ایجوکیشن ایڈوائزری کمیٹی (SEAC) کہلاتی ہے۔
ACSD ملاقاتیں عوام کیلئے کھلی ہوتی ہیں اور شہریوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ہر مہینے عوام کی آراء کے مقرر وقت میں ذاتی طورپر یا ACSDchair@fcps.edu پر کمیٹی کو اپنے خیالات سے آگاہ کریں۔ ACSD جولائی اور اگست کے سوا، مہینے کی دوسرے بدھ کے روز میٹنگ منعقد کرتی ہے۔ ہرسال اسکول بورڈ کا ایک رکن اسکول بورڈ لیژون کے طورپر مقرر کیا جاتا ہے اور عملے کا لیژون اہلکار دفتر برائے خصوصی تعلیمی ہدایات کا ڈائریکٹر ہوتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے عملے کے لیژون اہلکار سے 571-423-4100 پر رابطہ کیجیئے یا ACSD کے صدر اور نائب صدر کو acsd@fcps.edu پرای میل کیجیئے یا ACSD کی ویب سائیٹ https://www.fcps.edu/committee/advisory-committee-students-disabilities-acsd-2020-21 ملاحظہ کیجیئے۔

## اسپیشل ایجوکیشن پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن (SEPTA)

(SEPTA) مقامی اسکول کی PTA کے علاوہ والدین کی ایک تنظیم ہے۔ SEPTA والدین ، طالبعلموں اور پیشہ ورماہرین کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ ایک دوسرے سے منسلک ہوں اور مدد کریں ؛ مالی اعانت کریں ، اسپانسر کریں، خصوصی تعلیم کی تربیتیں دیں ؛ اور خصوصی تعلیم کے نظام کو سمجھیں اوراسے چلائیں ۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کا ایک نصب العین ہے جس کی رُو سے، "خاندانوں، طلبا وطالبات اور اساتذہ کوبااختیار بنایا جائے اور ایک دوسرے سے جوڑا جائے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ معذوری کے حامل طلباء بحیثیت ایک فرد اور معاشرہ کے ایک رکن ،اپنی ممکنہ استعداد کو مکمل طورپر بروئے کار لائیں۔" SEPTA کے بارے میں مزید معلومات ان کی ویب سائٹ www.fairfaxcountysepta.org تک رسائی حاصل کرکے یا info@FairvaxCountySEPTA.org پرای میل کرکے لی جاسکتی ہیں۔

## گھرانوں اور طلباء کے محتسب اعلیٰ

FCPS دمحتسب اعلیٰ فتر برائے گھرانے و طالب علم ، طلبا و طالبات، گھرانوں اور کمیونٹی کے ارکان کو پیش آنے والی کسی بھی طرح کی مشکلات، شکایات اور طلباء سے منسلک دیگر مسائل کے غیر رسمی حل نکالنے کے سلسلے میں ایک خود مختار، رازدارانہ ذریعہ ہے۔ اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہے یا تشویش کا اظہارکرنا ہے اورآپ نہیں جانتے کہ اپنی وکالت کہاں سے شروع کریں تو محتسب اعلیٰ آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ محتسب اعلیٰ یا محتسب اعلیٰ اسپیشلسٹ برائے خصوصی تعلیم آپ کی بات سنیں گے، اس کا جائزہ لیں گے اور معلومات اور ریفرل کے حوالے سے ذرائع فراہم کریں گے؛ حق، انصاف، شمولیت اور استحکام کے ایک غیر جانبدار علمبردار کی حیثیت سے خدمات فراہم کریں گے؛ اور کام کے دوران مثبت تعلقات کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

اگر آپ محتسب اعلیٰ کے دفتربرائے گھرانے و طالب علم کی جانب سے معاونت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی 571-423-4014 پر کال کریں یا ombudsman@fcps.edu پر ای میل کیجیئے۔

## آپ کے خاندان کے خصوصی تعلیم کے حقوق

والدین اور گھرانے اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں معلومات متعدد طریقوں سے حاصل کرسکتے ہیں۔ "آپ کے خاندان کے خصوصی تعلیم کے حقوق" IDEA 2004، کے کلیدی حصوں کی نشاندہی کرتا ہے، جومعذوریوں کے حامل طالبعلموں کی تعلیم کا وفاقی قانون ہے۔ معذوریوں کے حامل افراد ایکٹ مجریہ 2004ء (IDEA) کی رُو سے لازم ہے کہ خاندانوں کو ان کے خصوصی تعلیم کے حقوق سے آگاہ کیا جائے، بشمول یہ کہ گھرانے اور اسکول مسائل کو کیسے حل کرسکتے ہیں۔ خصوصی تعلیمی ضابطےکے تحفظات کی دستاویزhttps://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se4.pdf والدین کو خصوصی تعلیم کےعمل کے دوران میں کئی مواقع پر فراہم کی جاتی ہے۔ آپ ضابطے کی دستاویز ورجینیا کے محکمہ تعلیم (VDOE) کی ویب سائیٹ http://www.doe.virginia.gov/special_ed/regulations/state/procedural_safeguards/english_procedural_safeguards.pdf پر بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

## خاندانوں کیلئے خصوصی التفات

### ترجمے اور مترجم کی خدمات

ترجمے اور مترجم کی خدمات کیلئے اسکول یا والدین درخواست کرسکتے ہیں۔ خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے والے طالبعلموں کے والدین کو ان کی گھر کی بنیادی زبان میں یا بنیادی ذریعہ ابلاغ (مثال کے طورپر بریل)، میں معلومات ملنی چاہیئں، تاوقتیکہ یہ واضح طورپر ممکن نہ ہو۔ والدین یہ بھی درخواست کرسکتے ہیں کہ اسکول ، اسکول کی میٹنگوں میں ایک مترجم کا انتظام کرے۔

اس ہینڈ بک اور FCPS کی خصوصی تعلیم سے متعلقہ دیگردستاویزات کے تراجم PRC سے 703-204-3941 پر دستیاب ہیں۔

### مثبت طرزعمل کے طریقے

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں تمام اسکول ایک مثبت طرزعمل اپنائیں، جس سے ایسا تعلیمی ماحول میسر آئے جو طالبعلموں کو ذمہ دار، مطمئن اور باعزت زندگیاں گزارنا سکھائے۔ ہر اسکول اپنے طالبعلموں کی سماجی - جذباتی تربیت اور کردارسازی کا منصوبہ وضع کرے ۔ دو مخصوص طریقے، مثبت طرزعمل کی اصلاحات واعانت (PBIS)، اور رسپانسیو کلاس روم ©Responsive Classroom ، جو بطور مشقیں فروغ دیئے گئے ، اسکول کی مثبت طرز عمل انداز میں بروئے کار لائے گئے ہیں۔

# خصوصی تعلیم کا طریقہ کار

## خصوصی تعلیم کیا ہے؟

IDEA 2004, Public Law 108-446، ایک ***قانون*** ہے جو معذوریوں کے حامل بچوں کی خدمات کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ IDEA حکم دیتا ہے کہ ریاستیں کیسے ابتدائی اصلاحات، خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات اہل طالبعلموں کو فراہم کرتی ہیں۔

وفاقی اور ریاستی قوانین کی رُو سے، ایف سی پی ایس فیئر فیکس کاؤنٹی میں پیدائش سے 21 سال کی عمرتک کے ایسے بچوں کی شناخت کرنے، تلاش کرنے اور اُن کا جائزہ لینے کیلئے سرگرم عمل ہوتا ہے۔ VDOE خصوصی تعلیم کی تعریف کچھ یوں کرتا ہے کہ خصوصی طورپرترتیب دی گئی تعلیم ، جس کا مالی بوجھ والدین پر نہ ہو، جو معذوری کےحامل بچے کی منفرد ضروریات کو کلاس روم ، گھر، اسپتالوں ، اداروں اور دیگر مقامات پر پورا کرے۔ VDOE قواعد وضوابط معذوری کے حامل بچے کی تعریف یوں کرتے ہیں کہ ایک بچہ جس کی نشوونما تاخیر سے ہوئی ہو، ذہنی معذوری، ثقلِ سماعت، اُونچا سنتا ہو، بولنے یا زبان میں معذوری، بصری خرابی (بشمول نابینا پن) ، جذباتی معذوری، ہڈیوں کی خرابی، آٹزم، دماغی کے زخم کی چوٹ، صحت کی کوئی دوسری خرابی، پڑھائی کی مخصوص معذوری، سمعی و بصری خرابی، متعدد معذوریاں ، جن کی بوجوہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت پیش آئے۔

ہینڈ بک کا یہ حصہ خصوصی تعلیم کے طریقہ کار کو بیان کرتا ہے۔ یہ عمل، پچھلے مرحلے (مرحلوں) پر تعمیر کے ساتھ ، ایک مدت کے دوران یکے بعد دیگرے ہوتا ہے۔ والدین کے لیئے، یہ سمجھنا انتہائی اہم ہے کہ خصوصی تعلیمی عمل کیسے کام کرتا ہے تا کہ وہ اپنے بچے کی تعلیمی ضروریات کے حوالے سے مناسب فیصلے کرنے میں، اسکول کے عملے کے ساتھ، مؤثر طور پر شرکت اور تعاون کر سکیں۔ والدین فیصلہ سازی کی ٹیم کا لازمی حصہ ہیں۔

## خصوصی تعلیم کے طریقہ کار کے اہم عناصر

### معذوریوں کی شناخت

اگر والد، والدہ، نگران، استاد یا کسی دوسرے متعلقہ فریق کوشک ہو کہ بچہ کو خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے، وہ مندرجہ ذیل دفاتر یا مقامات پر سیکھنے کے مسئلے یا معذوری کی شناخت کیلئے سوالات کرسکتا ہے:

- <u>پیدائش سے 36 مہینے کی عمر کے بچے</u>، شناخت سے متعلق سوالات Infant and Toddler Connection (Fairfax County) سے 703-246-7121 پرپوچھے جاسکتے ہیں۔

- <u>پری اسکول بچے ( دو سے پانچ سال)</u>، Fairfax County Public Schools Early Childhood Identification and Services/Child Find سے 571-423-4121 پر رابطہ کیجیئے۔

- <u>اسکول کی عمر کے بچے</u>،آپ اپنے بچے کی شناخت سے متعلق سوالات اسکول کے پرنسپل سے کرسکتے ہیں۔

## ریفرل

وفاقی قانون، بشمول Every Student Succeeds Act (ESSA) اور IDEA 2004 ، اس بات کی حمایت کرتا ہے کہ خطرہ سے دوچار طالبعلموں کیلئے خصوصی تعلیمی خدمات میں بھیجنے سے قبل ابتدائی اصلاحات پر مبنی خدمات بروئے کار لائی جائیں۔ براہ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ یہ طریقہ کار ابتدائی اصلاحات کی خدمات سے مختلف ہے، جو ایسے پری اسکول بچوں کی معاونت کرتا ہے ، جو خصوصی تعلیمی خدمات کے لئے پہلے ہی سے اہل قرار پاچکے ہیں۔ FCPS نے ہمیشہ پری ریفرل اصلاحات اور معاون خدمات کے ذریعہ بچوں کی اصلاحات اور شناخت کے عمل کی پُرزور حمایت کی ہے۔

اگرآپ کو تشویش ہے کہ ابتدائی اصلاحات کی خدمات میں آپ کے بچے کی مناسب طورپر مدد نہیں کی گئی اور/ یا آپ کو شک ہے کہ وہ بچہ معذور ہے اور اسے خصوصی تعلیم کی خدمات کی ضرورت ہے ، تو آپ کے بچے کے اسکول میں مقامی اسکریننگ کمیٹی (LSC) کو ریفرل بھیجا جاسکتا ہے۔ (LSC) ایک ٹیم ہوتی ہے جو خصوصی تعلیم کے طریقہ کار سے متعلقہ ریفرلز کا جائزہ لیتی ہے۔ یہ ریفرل والدین، اسکول کے عملے، یا کوئی بھی شخص جس کی آپ کے بچے سے معقول دلچسپی ہو، جمع کراسکتا ہے۔

یہ ریفرلز اسکول میں کسی بھی عملے کے رکن کو تحریری، الیکٹرانک یا زبانی طورپرکیے جاسکتے ہیں۔ ریفرلز Multi-Purpose Referral (SS/SE-5) form جسے والدین یا اسکول عملے کو مکمل کرنے کو کہا جاسکتاہے۔ https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se5.pdf استعمال کرتے ہوئے جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ تمام مانگی گئی معلومات فراہم کیجیئے اور ایسی کوئی بھی دستاویز منسلک کیجئے جو آپ کے خیال میں آپ کی تشویش میں معاون ہیں (مثال کے طورپر بیرونی جانچ پڑتال، کام کے نمونے اور ڈاکٹر کی رپورٹیں)۔ آپ ہوسکتا ہے اپنے ریفرل کی ایک نقل اپنے پاس بطور ریکارڈ رکھنا چاہئیں۔ ضرورت پڑنے پر ریفرل کے عمل کو مکمل کرنے کیلئے ، اسکول سے معاونت کی درخواست کی جاسکتی ہے ۔

طالبعلموں کو ریفرکئے گئے اسکول میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ FCPS میں، اسکول جانے والی عمرکے بچوں کے ریفرلزLSC وصول کرتی ہے اور طالبعلم کے قرب وجوار میں موجود اسکول کی بنیاد پر اُن کا جائزہ لیتی ہے۔ وہ طالبعلم جو فیئر فیکس کاؤنٹی میں رہائش پذیر ہوں ، لیکن کسی دوسری کاؤنٹی میں نجی اسکول میں داخل ہوں، ان کو انکے نجی اسکول کے قریب اسی کاؤنٹی میں پبلک اسکول میں بھیجا جانا چاہیئے جہاں وہ نجی اسکول واقع ہو۔

### **LSC میٹنگ**

ہر اسکول میں ایک LSC ہوتی ہے جو:

- طالبعلم کے ریفرلز کے ریکارڈ اور کارکردگی کے دیگر شواہد کاجائزہ لیتی ہے تاکہ طالبعلم کی تعلیمی اور طرزعمل کی ضروریات کے متعلق سفارشات پیش کرے اور/ یا یہ تعین کرتی ہے کہ آیا خصوصی تعلیم کے ایک جائزہ لیے جانے کی ضرورت ہے ۔
- ان اسیسمنٹس کا تعین کرتی ہے جو اس صورت میں کئے جاتے ہیں جب جانچ پڑتال کی ضرورت ہو۔
- والد یا والدہ سے باخبر تحریری اجازت نامہ حاصل کرتی ہے۔
- مکمل شدہ اسیسمنٹس اہلیت کمیٹی کو بھیجتی ہے تاکہ خصوصی تعلیمی خدمات کی اہلیت کا تعین کیا جائے۔

LSC میں پرنسپل یا پرنسپل کے نامزد کردہ اہلکار، اسکول کے ماہرنفسیات، عمومی تعلیم کے استاد اور ایک خصوصی تعلیم کے استاد شامل ہوتے ہیں۔ اس میں عملہ کے دیگر ارکان بھی شامل ہوسکتے ہیں جو کمیٹی میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں۔
LSC خصوصی تعلیم کیلئے ریفرلز کا ریفرل موصول ہونے کے کام کے دس دنوں کے اندر جائزہ لیتی ہے تاکہ اس بات کا تعین کرے کہ آیا طالبعلم کی ضروریات اسکول کے اندر ہی پوری کی جاسکتی ہیں اور / یا خصوصی تعلیم کیلئے ایک انفرادی جائزہ کی ضرورت ہے۔

اسکول LSC میں شرکت کی ایک تحریری دعوت بھیجےگا۔ طالبعلم کے والد یا والدہ (والدین) کی حیثیت سے آپ کی شرکت اور رائے نہایت اہم ہے، اس کا بغور جائزہ لیا جاتا ہے اور یہ فیصلہ سازی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ LSC کمیٹی آپ کی فراہم کردہ معلومات، بچے کی تعلیم کے متعلق آپ کے نقطہ نظر اورفیصلے سے متعلق آپ کی آراء کہ آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم کیلئے جانچا جائے، میں سب سے زیادہ دلچسپی رکھتی ہے۔ آپ میٹنگ میں اپنے بچے کے متعلق مواد پیش کرنے یا آپ کی اعانت کیلئے، اپنے ساتھ مہمان (مہمانوں) کو لاسکتے ہیں ۔ اگر ایسا ہے، تو آپ سے کہا جائے گا کہ اپنے بچے کی خفیہ معلومات میٹنگ میں افشاء کرنے کی اجازت دیں۔

خصوصی تعلیم کا جائزہ لینے کیلئے فیصلہ کرنے کے دوران، LSC متعدد آپشنز میں سے انتخاب کرسکتی ہے۔ کمیٹی کا یہ متفقہ فیصلہ ہوسکتا ہے کہ خصوصی تعلیم کی جانچ درکار ہے تو اس صورت میں آپ کے بچے کی جانچ سے قبل آپ کی باخبر تحریری اجازت ضروری ہوگی۔ کمیٹی کا یہ بھی متفقہ فیصلہ ہوسکتا ہے کہ آپ کے بچے کا مزید جائزہ لیا جائے اور شائد عملے کا ارکان کے ساتھ مشاورت کی درخواست دی جائے تاکہ آپ کے بچے کی ضروریات کا درست اندازہ لگا یا جائے اور پھر بعد کی تاریخ میں میٹنگ دوبارہ بلائی جائے۔ LSC کمیٹی ایک منصوبہ اور / یا حکمت عملی وضع کرسکتی ہے تاکہ آپ کے بچہ کو باقاعدہ کلاس روم کے ماحول میں مدد کی جائے اور یہ تعین کیا جائے کہ خصوصی تعلیم کی خدمات کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کوLSC کمیٹی کے اس فیصلے سے تحریری طورپر آگاہ کیا جائے گا۔

LSC اس بات کی بھی ذمہ دار ہے کہ یہ فیصلہ کرے کہ معذوری (معذوریوں) کے حامل طالبعلم کیلئے سیکشن 504 پلان کی اہلیت بنتی ہے جو خصوصی تعلیم کی خدمات کا اہل نہیں ہوسکتا۔
504 کی اہلیت کے بارے میں مزید معلومات کیلئے اس مینوئل کا سیکشن دیکھیئے بعنوان
*سیکشن 504* سمجھیئے۔

اگر آپ LSC کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں توآپ کو اپیل کا حق حاصل ہے۔ LSC کے فیصلے کے خلاف کیسے اپیل کریں ،کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، براہ مہربانی اس مینوئل کا سیکشن دیکھیئے بعنوان *اپیلوں کا طریقہ کار*۔

**LSC میٹنگ کیلئے تیار ہونا اور شرکت کرنا**

- ریفرل میں نوٹ کی گئی تشویش کا جائزہ لیں اور غور کریں۔

- اپنے بچے کے متعلق اہم معلومات، جو آپ کی تشویش میں معاون ہواور دستاویزی شکل میں ہو، میٹنگ سے پہلے حاصل کرکے جمع کرلیں۔ آپ ہوسکتا ہے اپنی تشویش سے متعلقہ معلومات جیسا کہ طبی تشخیص؛ نجی جانچ پڑتال؛ اور کام کے نمونے، بشمول ٹیسٹس، ہوم ورک وغیرہ مہیا کرسکتے ہیں۔

- اپنے خیالات کو مجتمع کیجیئے تاکہ آپ اپنی پریشانیوں کو واضح اورمختصر طورپر پیش کرسکیں۔

- اپنے طالبعلم کو مدد دینے کیلئے اسکول میں اور اسکول سے باہر ، حکمت عملیوں کو زیر بحث لانے کیلئے تیار رہیں، اور یہ کہ آیا وہ کامیاب ہوئیں یا نہیں ۔

- اگرLSC آپ کے طالبعلم کی جانچ پڑتال کرنے کی تجویز پیش کرتی ہے تو ان شعبوں کو نوٹ کیجیئے جن کا جائزہ لیا جانا ہے اور اگر ضروری ہو تو وضاحت طلب کیجیئے ۔
- میٹنگ کے دوران LSC ٹیم کا ایک رکن نوٹس قلمبند کررہا ہوگا۔ میٹنگ کے اختتام پر آپ کو *Local Screening Committee Report* کی ایک نقل فراہم کی جائے گی۔
- آپ کا بچہ بھی LSC میٹنگ میں شرکت کرکے اپنی خوبیوں اور مسائل کے بارے میں اپنی رائے دے سکتا ہے۔

## جائزہ

اگر LSC یہ طے کرتی ہے آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم کیلئے جائزہ کی ضرورت ہے ، تو اسکول سسٹم کو بچے کا جائزہ لینے سے قبل والدین کی جانب سے باخبر تحریری اجازت نامہ لازماً موصول ہونا چاہیئے۔ جائزے کے عمل کو ریفرل کی تاریخ سے 65 کاروباری دنوں کے اندراندر مکمل کیاجانا ضروری ہے۔ اگرطالبعلم فی الحال خصوصی تعلیم کیلئے اہل ہے ، اسکول سسٹم لازمی طورپر تین سال کیلئے دوبارہ جائزہ reevaluation مکمل کرے۔ معذوری کے حامل طالبعلم کے دوبارہ جائزہ reevaluation سے قبل والدین کا باخبرتحریری اجازت نامہ ضروری ہے۔

قوانین کی رُو سے ضروری ہے کہ طالبعلموں کی تمام مشتبہ معذوری کے بارے میں جائزہ لیا جائے ۔ جائزہ کے عمل میں نفسیاتی، سماجی و ثقافتی، تعلیمی اور دیگر مناسب جانچ پڑتال شامل ہوسکتی ہیں۔

اگر آپ کو کسی خاص مہارت کے شعبے میں پریشانی ہے توآپ اس مہارت کی جانچ پر غور کرنے کیلئے درخواست کر سکتے ہیں۔ اس کا انحصار LSC پرہے کہ وہ تعین کرے کہ کون کونسی جانچ پڑتال کی ضرورت ہے تاکہ جائزہ کی شرائط پوری کی جاسکیں جن میں طالبعلم کی خصوصی تعلیم کی ضروریات کی نشاندہی ہو۔ ایف سی پی ایس کا ماہر مخصوصی آزمائشوں یا جانچ پڑتال کے طریقہ ہائے کار کا تعین کرتا ہے جسے اہلیت کا جائزہ لینے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ معلومات اکھٹی کرنے کیلئے رسمی اور غیر رسمی دونوں اقدامات کئے جاسکتے ہیں۔ اضافی ٹیسٹس بھی شامل کئے جاسکتے ہیں جن میں آپ کے بچے کے زبان وبیان ، اعصاب کی حرکی کم ازکم اور عمدہ صلاحیتوں ، سمعی اور یا بصری صلاحیتوں کا جائزہ بھی شامل ہیں۔

LSC کے ارکان آپ کو ایسی راہیں تلاش کرنے میں مدد دے سکتے ہیں جن کے ذریعہ آپ اپنے بچے سے آئندہ جائزوں کے بارے میں بات کرسکتے ہیں۔ اگر ایسی صورت حال درپیش ہوجس سےآپ کا بچہ بعض دنوں میں بہت متاثرہو (مثال کے طورپر اگر آپ کے بچے کو زکام یا الرجی ہے، یا آپ کے بچے ٹیسٹ والے دن اپنی روزانہ کی دوائی نہیں کھائی) تو اسکول کے اس کے متعلق آگاہ کیجیئے تاکہ جائزہ لینے والے ماہرین ضرورت پڑنے پر ٹیسٹ کی نئی تاریخ طے کریں۔

جب جائزے مکمل ہوجاتے ہیں تو اہلیت کمیٹی کے اجلاس سے قبل، اسکول کے اہلکار (عام طورپر اسکول کے ماہرنفسیات) آپ کے ساتھ ایک تشریحی کانفرنس منعقد کریں گے تاکہ ٹیسٹوں کے نتائج کا جائزہ لیں اور آپ سے ان پر تبادلہ خیال کریں۔ طالبعلم کو کامیابی میں مدد دینے کیلئے، یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے طالبعلم کی خوبیوں اور کمزوریوں ، پڑھنے کے انداز اور کلاس روم میں بچے کی کارکردگی پر اثرات کے تناظر میں ٹیسٹنگ کے نتائج کو سمجھیں۔ اگر آپ جائزہ کے نتائج سے متفق نہیں ہیں، تو آپ کو ایک غیر جانبدارانہ تعلیمی جائزے (IEE) کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ Due Process and Eligibility دفترسے 571-423-4470 پر مزید معلومات کیلئے رابطہ کرسکتے ہیں۔

تشریحی کانفرنس کے دوران میں ( اہلیت کی میٹنگ سے تین یا زیادہ دن قبل پیش کی گئی) عملے کے ارکان خصوصی تعلیم سے متعلق معیار پر بات کرسکتا ہے؛ تاہم صرف اہلیت کی کمیٹی طالبعلم کی خصوصی تعلیم کیلئے اہلیت کے بارے میں فیصلہ کرسکتی ہے۔ نتائج کی رپورٹیں ،اہلیت کمیٹی کے اجلاس سے تین دن قبل، والدین کو لازماً فراہم کی جانی چاہیئں۔

## اہلیت

ایک بار جائزہ کمیٹی اپنے جائزے مکمل کرلیتی ہے تو اسکول اہلیت کمیٹی کی میٹنگ کا وقت طے کرے گا۔ اسکول آپ کو تاریخ، وقت، اورملاقات کے مقام کے بارے میں تحریری طورپر مطلع کرے گا۔ اہلیت کمیٹی کی میٹنگس عام طورپر اس اسکول میں منعقد ہوتی ہیں جہاں طالبعلم جاتا ہے۔

اہلیت کمیٹی FCPS کے ماہرین پر مشتمل ہوتی ہے ، جو معذوری کے مشتبہ پہلوؤں سے آگاہ ہوتے ہیں، اوران میں سے ایک نے طالبعلم کا جائزہ لیا ہوتا ہے یا مشاہدہ کیا ہوتا ہے۔ والدین بھی ٹیم کا لازمی حصہ ہوتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اہلیت کے لئے میٹنگ میں شریک ہوں اور باقاعدہ حصہ لیں۔ اگر آپ شریک ہونے کا انتخاب کرتے ہیں اور پھر اہلیت کمیٹی کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں، تو کمیٹی آپ کا موقف جاننے کیلئے دوبارہ اجلاس بلانے کی پیشکش کرے گی۔ والدین اور اسکول کے عملے کے اہلکار ایسے لوگوں کو مدعو کرسکتے ہیں جو طالبعلم کے متعلق مزید معلومات فراہم کرسکتے ہیں۔

**اہلیت کی میٹنگ کیلئے تیاری**

- اپنے بچے کے متعلق تشخیصی رپورٹوں کا جائزہ لیں۔ اپنے بچے کی خوبیوں اور کمزوریوں اور ان شعبوں کو نوٹ کیجیئے جن میں آپ کا بچہ اپنی عمر اور گریڈ کی سطح سے نمایاں طورپر کم کارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے۔

- اسکول میں اپنے بچے کی ترقی کے بارے میں، خدشات پر گفتگو کرنے کے لئے تیاری کریں۔

- ضمیمہ A میں موجود، *Basis for Committee Decision* فارمزکا جائزہ لیں تاکہ یہ سمجھنے میں مدد ملے کہ اہلیت کا کیسے تعین کیا جاتا ہے۔

- ان سوالات کی ایک فہرست مرتب کریں جو آپ کمیٹی سے پوچھنا چاہتے ہیں۔

اہلیت کی میٹنگ میں، اسکول کےماہر نفسیات اور/ یا دیگر ارکان عام طور پرLSC ریفرل کے جائزے میں خدشات سے آغاز کرتے ہیں اور پھر تشخیصوں کے نتائج کا خلاصہ کرتے ہیں۔ آپ کو متعلقہ معلومات پیش کرنے اور اپنے خیالات و خدشات کا اظہار کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ کمیٹی کے ارکان اور والدین کو سوال پوچھنے اور بچے کے متعلق معاملات کی وضاحت کرنے کا موقع ہوگا۔

جب یہ عمل مکمل ہوجائے گا، تو کمیٹی اتفاق رائے سے ، اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ اس مخصوص پیمانے پر پورا اترتا ہے جو اُسے معذوری کے حامل بچے کے طورپر خصوصی تعلیم کی خدمات کے حصول کا اہل بناتے ہیں۔ کمیٹی یہ فیصلہ قابل اطلاق (BCDs) *Basis for Committee Decision* فارمزکو بنیاد بناتے ہوئے کرے گی۔ خصوصی تعلیم کی 14 کیٹیگریزمیں ہر ایک کی BCD ہے - BCDs کے نمونے اس ہینڈ بک کے ضمیمہ A میں موجود ہیں۔

خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے اہل ہونے کیلئے ضروری ہے کہ اہلیت کمیٹی یہ پتہ چلائے کہ آپ کا بچہ معذوری کی 14 کیٹیگریزمیں سے کسی ایک یا زیادہ کی متعلقہ BCD میں درج تمام پیمانے پر پورا اترے ۔ کسی طالبعلم کے ابتدائی خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے اہل ہونے کیلئے والدین کی رضامندی ضروری ہے۔ وہ طالبعلم جو پہلے ہی خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل ہیں، اہلیت میں کسی قسم کی تبدیلی، جیسا کہ اہلیت کی کیٹیگری یا نااہلیت کیلئے، والدین کی رضا مندی ضروری ہے۔

اہلیت کے اجلاس کے دوممکنہ نتائج ہوسکتے ہیں۔ کمیٹی کے ارکان فیصلہ کرسکتے ہیں کہ :

- آپ کا بچہ معذوری کی 14 کیٹیگریوں میں سے ایک کے پیمانے پر پورا اترتا ہے اور کیلینڈر کے 30 دنوں کے اندر IEP کی میٹنگ شیڈول کی جائے گی۔

- آپ کا بچہ خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے کوالیفائی نہیں کرتا ، نہ اس وقت اُسے مزید جانچنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کا بچہ خصوصی تعلیم کی خدمات کیلئے اہل نہیں قرارپاتا ، تو اہلیت کمیٹی کے ارکان اُسے Section 504 کے تحت LSC کی طرف ریفر کرسکتے ہیں۔

اسکول کی عمر کے بچے، 5 سے 22 سال تک ، اپنے بنیادی اسکول میں ، خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ وہ طالبعلم جو ترمیم شدہ اسٹینڈرڈ ڈپلومہ یا اطلاقی تعلیمی ڈپلومہ مکمل کرتے ہیں، FCPS نظام میں اس تعلیمی سال تک خدمات حاصل کرنے کے اہل ہوتے ہیں جب وہ 22 سال کی عمر کو پہنچتے ہیں ، اگر وہ 30 ستمبر تک 22 ویں سالگرہ کو نہیں پہنچتے۔ IEPs کیساتھ طالبعلم ، جو ایک اسٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ ڈپلومہ مکمل کرتے ہیں ، وہ گریجویشن کے بعد خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے کے اہل نہیں رہتے۔

## ازسرنو جانچ پڑتال یا Reevaluation

ازسرنوجانچ پڑتال کےعمل کا اطلاق ان طلبا وطالبات پر ہوتا ہے جو قبل ازیں معذوری کے حامل طالبعلم کی حیثیت سے اہل شناخت کئے گئے تھے۔ ازسرنو جانچ پڑتال کا عمل، کم ازکم ہرتین سال میں منعقد ہونا چاہیئے اور عمل مکمل ہونے سے مناسب وقت پہلے شروع کیا جائے تاکہ یہ گذشتہ بار تعین کی گئی اہلیت کی تیسری سالگرہ سے پہلے مکمل ہوجائے۔

ٹیم کے ارکان، بشمول والدین، طالبعلم سے متعلق پہلے سےموجود جانچ کے اعدادوشمار کا جائزہ لیں۔ طالبعلم اور اس کے ساتھ ساتھ والدین کی جانب کی مدعو کئے گئے کوئی مہمان بھی میٹنگ میں شریک ہوسکتے ہیں۔ جانچ پڑتال کے اعدادوشمار میں والدین، اور طالبعلم کی جانب سے مہیا کی گئی معلومات، کلاس روم پر مبنی تشخیصیں، اساتذہ اور متعلقہ خدمات کے اہلکاروں کے مشاہدات اور IEPاہداف کے حصول کی جانب کی گئی ترقی کی رپورٹیں شامل ہوسکتی ہیں۔

**ازسرنوجانچ پڑتال کی میٹنگ کیلئے تیاری**

- اپنے بچے کے بارے میں تازہ ترین جانچ پڑتال کی معلومات کا جائزہ لیجیئے۔ اگرآپ کے پاس ان جانچ پڑتال کی نقول نہیں ہیں تو اسکول سے طلب کیجیئے۔

- نمایاں خوبیوں اور کمزوریوں کو اُجاگر کیجیئے، کسی تبدیلی کو نوٹ کیجیئے اور فیصلہ کریں کہ آیا آپ کے خیال میں ان شعبوں کی ازسرنوجانچ کی ضرورت ہے۔

- اسکول میں اپنے بچے کی ترقی کے بارے میں، خدشات پر گفتگو کرنے کے لئے تیاررہیئے۔

- معذوری کے ہر شعبہ میں ضمیمہ A میں موجود، BCD فارم کا جائزہ لیجیئے تاکہ یہ سمجھنے میں مدد ملے کہ اہلیت کا کیسے تعین کیا جاتا ہے۔

- ان سوالات کی ایک فہرست بنائیے جو آپ کمیٹی سے پوچھنا چاہتے ہیں۔

اس جائزہ کی بنیاد پر، IEP ٹیم فیصلہ کرتی ہے کہ اگر کسی اضافی جانچ کی ضرورت پڑی کہ آیا طالبعلم خصوصی تعلیمی خدمات کی اہلیت بدستور جاری رہے گی، تو اس صورت میں کیا کرنا ہے۔ اگر اضافی اعدادوشمار کی ضرورت نہیں ہے، تو اسکول کی اہلیت کمیٹی پیش رفت کرسکتی ہے اور اہلیت کا تعلین کرسکتی ہے۔ اگراس بات پر اتفاق ہوتا ہے کہ مزید جانچ پڑتال کی ضرورت نہیں ہے اور اہلیت کمیٹی کے مطلوبہ ارکان میٹنگ میں موجود ہیں تو اس وقت ہی اہلیت کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

اگر والدین رضامند ہوں تواہلیت کے تعین کے فوراً بعد نئی IEP تشکیل دی جاسکتی ہے، یا بعد کے کسی متفقہ وقت پر نئی IEP میٹنگ منعقد کی جاسکتی ہے۔ تاہم، اگر ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ اضافی جانچ کیلئے معلومات کی ضرورت ہے، تو کیس ابتدائی جانچ پڑتال کی طرح آگے بڑھ سکتا ہے ( یہ کہ ، تشخیصوں کی درخواست کردی گئی ہے، والدین کی رضامندی کی درخواست کی گئی ہے اور فراہمی کی صورت میں ، تشخیص کی گئی ہیں اور نتائج ایک اہلیت کمیٹی کو بھجوادیئے گئے ہیں) ۔

## خصوصی تعلیم کی اہلیت کی برخاستگی / خاتمہ

برخاستگی ایک ایسا عمل ہوتا ہے جو اہلیت کمیٹی شروع کرتی ہے ،FCPS کے پیشہ ور ماہرعملے اور والدین پر مشتمل ہوتا ہے اور اس میں متعلقہ معلومات ، جانچ پڑتال کے اعدادوشمار (اوپر زیربحث آچکے ہیں) اور طالبعلم کی منفرد ضروریات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ کمیٹی اس امر پر غور کرتی ہے اور تعین کرتی ہے کہ آیا طالبعلم بدستور ایک معذوری کے حامل طالبعلم کی حیثیت سے اہل رہے گا۔
خصوصی تعلیمی خدمات کی برخاستگی اور خاتمے سے قبل والدین کی تحریری باخبر اجازت ضروری ہے۔

اگرآپ کا طالبعلم خصوصی تعلیم کیلئے فی الحال اہل ہے اور آپ کو خصوصی تعلیم کے خاتمے سے متعلق سوالات پوچھنے ہیں ، تو براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے خصوصی تعلیم کے استاد اور/ یا کیس مینیجر،PSL ، یا اپنے اسکول پرنسپل سے رابطہ کیجیئے۔

## معذوری کی اقسام

معذوری کی 14 اقسام ذیل میں مختصراً بیان کی گئی ہیں (محکمۂ تعلیم ورجینیا، 2019):

**آٹزم:** سے مراد نشوونما کی ایسی کمزوری ہے جس کا اثر نمایاں طور پر زبانی اور غیر زبانی رابطے اور سماجی میل جول پر پڑتا نظر آتا ہے، عام طور سے اس کا پتہ تین سال کی عمر سے پہلے چل جاتا ہے اور اس سے طالب علم کی تعلیمی کارکردگی بُری طرح متاثر ہوتی ہے۔ اکثر اوقات آٹزم سے متعلق دیگر خصوصیات میں بار بار دہرانے والی سرگرمیاں اور عجیب و غریب حرکتیں، ماحولیاتی تبدیلی یا روزمرہ کے معمول میں کسی بھی طرح کی تبدیلی سے مزاحمت اور حسی تجربات کی طرف خلاف معمول رد عمل شامل ہے۔ اگر طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہونے کی بنیادی وجہ اس کی جذباتی کمزوری ہے تو اسے آٹزم کے طور پر نہیں لیا جائے گا۔ اگر کسی بھی طالب علم میں تین سال کی عمر کے بعد آٹزم کی خصوصیات ظاہر ہوتی ہیں تو اس تعریف کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں اسے آٹزم کا شکار قرار دیا جا سکتا ہے۔

**سمعی و بصری خرابی:** سے مراد بیک وقت سننے اور نظر کی خرابی ہے، ان مجموعی معذوریوں کی وجہ سے گفتگو، نشوو نما اور تعلیم پر دیگر ایسے سنگین اثرات مرتب ہوتے ہیں جنہیں دُور کرنے کے لیئے ایسی ضروریات درکار ہوتی ہیں جو خصوصی تعلیمی ماحول میں صرف بہرے طلباء یا نا بینا طلباء کے لیئے پوری نہیں جا سکتیں۔

**بہرہ پن:** سے مراد سمعی خرابی ہے جو اتنی سنگین ہوتی ہے کہ طالب علم آواز بڑھائے یا بڑھائے بغیر، زبانی معلومات سننے کے قابل نہیں ہوتا اور اس کی وجہ سے طالب علم کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثرہوتی ہے ۔

**نشوونما میں تاخیر:** سے مراد ایسی معذوری ہے جس سے دو (30 ستمبر تک) سے چھ سال کی عمر کے بچے متاثرہوتے ہیں، بشمول (دو سے سات سال کی عمر) ، جو نشوونما میں تاخیر کے تجربے سے دوچارہوتے ہیں، جس کی جانچ مندرجہ ذیل ایک یا زیادہ شعبوں میں ، مناسب تشخیصی آلات اور طریقہ ہائے کار سے کی گئی ہو: جسمانی نشوونما، علمی ترقی، بات چیت میں ترقی، سماجی وجذباتی ترقی، حسب منشا ڈھل جانے کی صلاحیت ، یا ایسی طے شدہ جسمانی یا ذہنی صورت حال ، جس سے نشوونما میں تاخیر کا وسیع امکان موجود ہو۔

**جذباتی معذوری**: سے مراد ایک ایسی کیفیت ہے جس میں ایک لمبے عرصے تک درج ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ خصوصیات کا اظہار ہوتا ہے اور اس حد تک کہ طالب علم کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثرہوتی ہے۔

1. سیکھنے میں ناکامی کے ایسے عوامل ، جن کی وضاحت دماغی، حسی یا صحت کے جزو کے طور پر نہیں کی جا سکتی۔
2. سب ساتھیوں اور اساتذہ کے ساتھ تسلی بخش ذاتی تعلقات استوار یا جاری رکھنے میں ناکامی
3. عام حالات میں نامناسب اقسام کے رویے یا احساسات
4. عام طور سے غمگین یا ذہنی دباؤ والا مزاج یا
5. ذاتی یا اسکول کے مسائل سے متعلق جسمانی علامات یا ڈر و خوف کی کیفیت میں مبتلا ہونے کا رحجان۔ اس اصطلاح میں شیزوفرینیا شامل ہے۔ اس اصطلاح کا اطلاق ان طلبا وطالبات پر نہیں ہوتا جو سماجی طورپرغلط ایڈجسٹ ہوں، ما سوائے اس کے کہ اس بات کی تصدیق کر دی گئی ہو کہ وہ جذباتی معذوری کا شکار ہیں۔

**ثقلِ سماعت**: سے مراد سننے کی خرابی ہے، جو ایک یا دونوں کانوں میں ہو سکتی ہے، آواز بڑھائے یا بڑھائے بغیر، چاہے مستقل طور پر یا اوپر نیچے، جس سے طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں مگر یہ بہرے پن کی تعریف پر پورا نہیں اترتی۔

**ذہنی معذوری:** سے مراد دماغی کاموں میں نمایاں طورپراوسط درجہ سے کم کارکردگی، حسب منشا ڈھل جانے کے طرزعمل میں کمی کے ساتھ بیک وقت پایا جانا، اور جو نشوونما کی عمر کے دوران نمایاں ہو، جس سے طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثرہو(حسی صلاحیت اور ڈھل جانے کے رویے میں کمی جو بنیادی طورپر بصری وسمعی کمی کی وجہ سے نہ ہو؛ اعصابی کمزوری؛ جذباتی معذوری؛ سیکھنے سے معذوری؛ ماحولیاتی، ثقافتی یا اقتصادی نقصان؛ اور/ یا محدود انگریزی کی استعداد)۔

**متعدد معذوریاں:** سے مراد بیک وقت ایک سے زیادہ معذوریوں سے ہے (مثال کے طور پر ذہنی معذوری کے ساتھ اندھا پن بھی یا ذہنی معذوری کے ساتھ ہڈیوں کی کمزوری)، ان مجموعی معذوریوں کی وجہ سے ایسی تعلیمی ضروریات درکار ہوتی ہیں جو خصوصی تعلیمی پروگرام میں صرف کسی ایک معذوری کے لیئے پوری نہیں کی جاسکتیں۔ اس اصطلاح میں بہرہ پن- اندھا پن شامل نہیں ہے۔

**آرتھوپیڈک معذوری:** سے مراد ہڈیوں اور پٹھوں کی ایک ایسی سنگین معذوری ہے جو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات ڈالتی ہے۔ اس اصطلاح میں ایسی معذوریاں شامل ہیں جو پیدائش کے وقت سے ہی موجود ہوں

(مثال کے طور پر پیدائشی ٹیڑھا پاؤں، کسی بھی جسمانی اعضاء کا نہ ہونا وغیرہ)، کسی بیماری کے باعث ہونے والی معذوری (مثال کے طور پر پولیو کی بیماری، ہڈیوں کی تپ دق وغیرہ) اور کسی اور وجہ سے ہونے والی معذوریاں (مثال کے طور پر دماغی فالج، کسی جسمانی اعضاء کے کٹ جانے سے یا فریکچرز ہونے یا جھلسے ہوئے ایسے زخم جن سے پٹھے سکڑ جائیں وغیرہ)۔

**صحت کی دیگر خرابی:** کی وجہ سے طالب علم کے جسم میں طاقت کی کمی ہے، بے جان سی کیفیت یا عدم توجہ کا شکار رہتا ہے، جس میں ماحولیاتی تبدیلی کی طرف اشتعال انگیز رویہ شامل ہے، جس کا نتیجہ تعلیمی ماحول میں محدود توجہ کی شکل میں نکلتا ہے:

1. صحت کے دائمی یا سنگین مسائل کی وجہ سے ،جیسا کہ عارضہ قلب،تپ دق، گٹھیا کا بخار، ورم گردہ، جوڑوں کا درد، دمہ ، سکل سیل انیمیا، ہیموفیلیا، مرگی، سیسہ کی زہرخورانی، لیوکیمیا، توجہ کی کمی کا عارضہ یا توجہ کی کمی کیوجہ سے غیرمعمول فعال ہونے کا عارضہ، ذیابطیس اور رعشہ کا ٹورٹی سنڈروم اور

2. ایک طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی کو بری طرح متاثرکرتے ہیں۔

**خصوصی تعلیمی معذوری:** سے مراد بنیادی نفسیاتی عمل میں ایک یا ایک سے زیادہ خرابی ہے جن کا تعلق زبان کے سمجھنے یا اس کے استعمال، بولنے یا لکھنے سے ہے جو سننے، سوچنے، بولنے، پڑھنے، لکھنے، ہجے کرنے یا ریاضی کے حساب کتاب کرنے کی صلاحیت پر منفی اثرات ڈالتے ہیں۔ اس اصطلاح میں ایسی کمزوریاں شامل ہیں جیسے کہ سمجھ بوجھ کی کمی، دماغی چوٹ، چھوٹی سے چھوٹی دماغی بیماری، dyslexia (لکھنے پڑھنے میں مشکل) اور developmental aphasia (کسی دماغی چوٹ یا خلل کی وجہ سے بولنے یا سمجھنے میں دشواری)۔ اس اصطلاح میں ایسے تعلیمی مسائل شامل نہیں ہیں جو بنیادی طور پر بصری، سمعی یا پٹھوں کی کمزوری، ذہنی کمزوری ، جذباتی معذوری، یا کسی ماحولیاتی، ثقاتی یا اقتصادی نقصان کا نتیجہ ہوں۔

**گفتگو/ زبان میں نقص:** کا مطلب ہے گفتگو میں بے ترتیبی جیسے کہ ہکلاہٹ، نقص گویائی، اشاروں کی زبان اور/ یا سمعی خرابی یا آواز میں ایسا خلل جو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات ڈالتا ہے۔

**شدید دماغی چوٹ:** سے مراد دماغ کو لگنے والی ایک ایسی چوٹ ہے جو کسی بیرونی جسمانی/ مادی قوت سے لگی ہو، جس کے نتیجے میں مکمل یا جزوی طور پر عملی معذوری، نفسیاتی و سماجی خرابی یا دونوں پیدا ہو جائیں اور اس کی وجہ سے طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوں۔ اس اصطلاح میں دماغ کے باہر اور اندر لگنے والی دونوں چوٹیں شامل ہیں جس کی وجہ سے ایک یا ایک سے زیادہ حصوں کو نقصان پہنچے جیسے کہ شعور، زبان، یاد داشت، توجہ، دلیل، تصوراتی سوچ، فیصلہ سازی، حل نکالنے کی صلاحیت، معلومات کو کام میں لانا، گفتگو اور حسی، اعصابی اور/ یا ذہنی صلاحیتیں۔ اس اصطلاح میں ایسی دماغی چوٹیں شامل نہیں جو پیدائش کے وقت سے ہی موجود ہوں یا وہ امراض جن سے بتدریج صحت خراب ہوتی جاتی ہے یا پھر ایسی چوٹیں جو پیدائش کے دوران کسی صدمے کی وجہ سے پیش آئیں۔

**بصری خرابی:** سے مراد نظر کی کمزوری ہے، جو ٹھیک کیئے جانے کے باوجود، طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی طریقے سے اثرانداز ہوتی ہے۔ اس اصطلاح میں جزوی نظر اور نابینا پن دونوں شامل ہیں۔

## آئی ای پی ڈویلپمنٹ

IEP طالبعلم کی خصوصی تعلیم کیلئے ایک تحریری منصوبہ ہے۔ یہ طالبعلم کی منفرد تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کو بیان کرتا ہے۔ اس میں طالبعلم کی تعلیمی اور عملی کارکردگی کے موجودہ سطح پر مبنی قابل پیمائش اہداف (اور بعض طالبعلموں کیلئے اغراض ومقاصد جو ان اہداف کی طرف لے کر جاتے ہیں) شامل ہیں ۔ IEP تعلیمی داخلوں اور ماحول کو بیان کرتا ہے جہاں خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کی جائیں گی اوران اہداف اور اغراض ومقاصد کے حصول کیلئے ضروری متعلقہ سہولیات اور خدمات کو بیان کرتا ہے ان میں ہر جزو کی تفصیلی وضاحت کیلئے اس ہینڈ بک میں *IEP* کے حصے ملاحظہ کیجیئے۔

IEP ایک طالبعلم کی خصوصی تعلیم پروگرام کی منصوبہ بندی اورانتظام وانصرام کے آلے سے کہیں بڑھ کر ہے۔ IEP ایک عمل ہے جووالدین اور طالبعلم (اگر مناسب ہو) اور اساتذہ کو ایک موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ طالبعلم کی ضروریات کی نشاندہی کرنے اوران سہولیات کی شناخت کرنے کیلئے جن سے یہ ضروریات پوری ہوں، مل جل کر کام کریں اورمتوقع نتائج کو بھی بیان کرتا ہے۔ یہ مسائل کو واضح کرنے اور والدین، طالبعلم اوراسکول کے عملے کو مل کر کام کرنے کے ایک مرکزی نکتہ کے طورپرکرداراداکرتا ہے تاکہ طالبعلم کے بہترین مفاد میں فیصلے کئے جائیں۔ چونکہ والدین اس ٹیم کے ارکان ہوتے ہیں ، اس لئے یہ اہم ہے کہ آپ IEP کے طریقہ کار کو سمجھیں اور اس کے فروغ میں فعال کردار ادا کریں۔ ابتدائی طورپرIEP پرعمل درآمد کیلئے والدین کی رضامندی لازم ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ آپ ان طریقہ ہا ئے کار اور اقدامات کو جانیں جو آپ اور آپ کے بچے کی اسکول ٹیم کسی فیصلے پر پہنچنے میں مشکلات محسوس کرنے کی صورت میں اپنا سکتے ہیں۔

IEP یہ بیان کرتا ہے کہ آپ کے بچے کو عمومی تعلیم کے نصاب تک رسائی کیلئے کیا سیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ معاونت، خدمات اور سہولیات کی فہرست تیارکرتا ہے جن کی آپ کے بچے کو کم سے کم پابندی والے ماحول میں ترقی کرنے کیلئے ضرورت پیش آئے گی ( LRE کے تفصیلی بیان کو ذیل میں ملاحظہ کیجیئے)۔ IEP کا سال میں کم ازکم ایک بار جائزہ لیا جانا اور ازسرنو تحریر کیا جانا ضروری ہے،اگرچہ IEP کا اجلاس کسی بھی وقت دستاویز کا جائزہ لینے اور نظرثانی کیلئے طلب کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ ٹیم کے رکن ، بشمول والدین کو کوئی تشویش ہو۔

## آئی ای پی:عام مغالطے

IEP ایک روزمرہ کے سبق کا منصوبہ نہیں ہے۔ یہ بتاتا ہے کہ آپ کے بچے کو سال بھر کے دوران میں کیا سیکھنے کی ضرورت پیش آئے گی، لیکن یہ ہر بات کی تفصیل بیان نہیں کرتا جو ایک استاد آپ کے بچے کو سیکھنے میں مدد دینے کیلئے کرتا ہے۔ یہ اسباق کے منصوبوں کی جگہ نہیں لیتا جو اساتذہ روزانہ یا ہفتہ وار تحریر کرتے ہیں۔

IEP ایک معاہدہ نہیں ہے۔ IEP ان تخصیصی تدریس اور خدمات کی اقسام بیان کرتا ہے جن پر IEP ٹیم نے اتفاق کیا تھا کہ انکی آپ کے بچے کو ضرورت ہے، تاہم یہ اس امر کی ضمانت نہیں ہے کہ یہ اصلاحات آپ کے بچے کو IEP میں صراحت کئے گئے مقاصد کو پورا کرنے کی جانب گامزن کردیں گی۔ اگر آپ IEP کا جائزہ لیتے ہیں اور محسوس کرتے ہیں کہ اصلاحات کامیاب نہیں ہورہیں، تو اپنے بچے کے استاد یا اسکول کی ٹیم سے رابطہ کیجیئے۔ یاد رکھیئے کہ IEP ٹیم کا اجلاس کسی بھی وقت بلایا جاسکتا ہے۔

## ایک مؤثرIEP کی خصوصیات

- یہ جامع ہے۔ یہ معذوری یا معذوریوں کی صراحت کرتی ہے جو آپ کے بچے کی کارکردگی پر اثرانداز ہورہی ہیں اور ان خدمات کے متعلق آگاہ کرتی ہیں جو آپ کے بچے کو فراہم کی جائیں گی۔
- یہ مخصوص ہے۔ اہداف (اور مقاصد، اگر ضروری ہوں) طالبعلم کی کام کرنے اورتعلیمی کارکردگی کی موجودہ سطح پر مبنی ہوتے ہیں۔
- یہ ترتیب وار ہے۔ یہ طالبعلموں کو ویسی ہی ترقی کرنےاور عملی مہارتیں حاصل کرنے میں معاونت کیلئے تیار کیا گیا جو ان کے ایسے ساتھی حاصل کرتے ہیں جو معذور نہیں ہیں۔
- یہ کارکردگی کی موجودہ سطح پر مبنی ہے۔ اہداف اور اغراض ومقاصد طالبعلم کی کارکردگی کی موجودہ سطح اور نشوونما کی شرح کے مطابق ہے۔
- یہ قابل فہم ہے۔ یہ اس زبان میں قلمبند کیا گیا ہے جسے والدین اور ماہرین دونوں سمجھتے ہیں۔
- اسے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ والدین، طالبعلم ( جہاں مناسب ہو ) اور اسکول کے عملے میں اتفاق رائے کی عکاسی کرتا ہے۔
- یہ قابل پیمائش ہے۔ اہداف اور مقاصد کے حصول میں پیش رفت کی معروضی طورپرپیمائش کی جاسکتی ہے۔

## آئی ای پی کے حصے

IEP کے کئی مختلف حصے ہیں۔ ان میں یہ شامل ہیں:

- **کور پیج:** میٹنگ میں شریک IEP ٹیم کے ارکان کی فہرست ہوتی ہے۔ ارکان اس صفحہ پر دستخط کرکے اپنی حاضری اورمیٹنگ میں اپنی شرکت کو تحریری شکل دیتے ہیں۔
- **منتقلی:** ان طالبعلموں کیلئے جو IEP کی مدت کے دوران 14 سال یا زیادہ عمر کے ہوجائیں گے،خدمات کی منتقلی کا بیان جس سے طالبعلم گریجویشن کے بعد اسکول سے کمیونٹی کی جانب منتقل ہوتا ہے۔ ایف سی پی ایس میں ، ہم یقینی بناتے ہیں کہ یہ کام آٹھویں گریڈ سے زیادہ تاخیر کا شکار نہ ہو۔ 17 سال کی عمر کے طالبعلم کیلئے ( یا 17 ویں سالگرہ سے فوراً قبل IEP میٹنگ میں ) *ایک بیان کہ طالبعلم کو ان حقوق کے متعلق آگاہ کردیا گیا ہے جو اسے 18سال کی عمر کو پہنچنے پر منتقل ہوجائیں گے۔*
- **تعلیمی اور عملی کارکردگی کی موجودہ سطح (PLOP) :**میں ایک بیان شامل ہے جس میں طالبعلم کی تعلیمی و عملی خوبیوں اور ان موجودہ شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں طالبعلم کو بہتری کی ضرورت ہے۔ ایف سی پی ایس میں ، PLOP IEP 309 ہے، جو مخصوص معلومات کی مختصر دستاویز کیلئے استعمال ہوتا ہے، اگر ضرورت پڑے تو اس کے ساتھ ہر اس شعبہ سے متعلق بیانات جن میں اسے بہتری کی ضرورت ہو اور IEP فرد کے اہداف کے صفحات پراہداف، موجود ہیں۔ PLOP وضاحت کرتا ہے کہ کیسے طالبعلم کی تعلیمی ضروریات اس کے عمومی تعلیمی نصاب میں مشغولیت اور ترقی پر اثرانداز ہوتی ہیں۔ PLOP اورIEP کے دیگر حصوں میں ایک براہ راست تعلق ہونا چاہیئے۔ مثال کے طورپر، اگر ٹیسٹوں سے ظاہر ہو کہ بعض مخصوص شعبوں میں کمی ہے، تو IEP میں ان شعبوں پر کام کیا جانا چاہیئے۔ اگر ہدف IEP میں شامل ہے، تو اسے PLOP میں تحریری طورپر موجود معلومات سے مربوط ہونا چاہیئے۔

- **سالانہ اہداف اور مختصر مدت اغراض ومقاصد:** یہ بیان کرتے ہیں کہ طالبعلم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ IEP کے دوران مخصوص شعبوں میں مناسب کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔ اہداف سوالات کے جوابات: *ہم اس IEP کے نظام الاوقات کے اختتام پر طالبعلم سے کیا توقع کرتے ہیں کہ وہ کرنے کے قابل ہو؟* طالبعلم کی منفرد ضروریات پوری کرنے کیلئے اہداف قلمبند کئے جانے چاہیئں، نہ کہ مخصوص پروگرام بیان کیا جائے جس میں طالبعلم شرکت کرے گا۔ اہداف قابل پیمائش ہونے چاہیئں۔ IDEA کے مطابق زیادہ تر طالبعلموں کیلئے مختصر مدت کے اہداف کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے طالبعلموں کی IEPs میں، جو متبادل اسیسمنٹس میں حصہ لیتے ہیں، لازمی طورپر مختصر مدت کے اہداف شامل ہونے چاہیئں۔ اہداف میں ان اقدامات کوبیان کیا جاتا ہے جن کو بہرصورت مکمل کرکے طالبعلم اپنے ہر مقصد کو حاصل کرسکتا ہے۔ طالبعلم کی اپنے سالانہ مقاصد کی جانب پیش قدمی کو ماپنے کیلئے ایک بحث اور دستاویز شامل ہے۔ ان اہداف سے متعلق، ایک IEP پراگریس رپورٹ والدین کو، سہ ماہی بنیاد پر اسی وقت فراہم کی جاتی ہے، جب رپورٹ کارڈز بھیجے جاتے ہیں۔

- **کلاس روم کی سہولتیں:** معذوری کے حامل طلباء کو نصاب تک رسائی اور کامیابی کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ یہ سہولیات غیر تعلیمی اور غیر نصابی سرگرمیوں اور تعلیم سے متعلقہ ماحول تک بھی رسائی دیتی ہیں۔ ان سہولیات میں اوقات کار، شیڈولنگ، ماحول، پریزینٹیشن اور ردعمل، سمیت معاون ٹیکنالوجی اور یا قابل رسائی مواد شامل ہوسکتی ہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہیں۔ IEP ٹیم ممکنہ سہولیات کے متعلق بات کرے گی اور طالبعلم کی ضرورت کے مطابق IEP میں دستاویزی شکل دے گی۔ کلاس رومز کی سہولتیں، آزمائش کی رعایتیں اور سہولتیں بن سکتی ہیں۔

- **امتحانات میں شرکت اورانفرادی سہولتیں:** میں ورجینیا اسٹینڈرڈ آف لرننگ اسیسمنٹس اور ڈویژن بھر کی اسیسمنٹس کے متعلق معلومات شامل ہیں۔ اگرIEP ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ طالبعلم ان تمام اسیسمنٹس یا ان کے کسی ایک حصہ میں شرکت نہیں کرے گا، تو IEP ایک بیان شامل کرے گا کہ اسیسمنٹ کیوں طالبعلم کیلئے مناسب نہیں ہیں اور طالبعلم کی آزمائش کیلئے کون سے متبادل طریقہ ہائے کار استعمال کئے جائیں گے۔ موجودہ کلاس رومز کی سہولتوں اور رعایتوں سے ٹیسٹوں کیلئے سہولیات کا چناؤ کیا جاسکتا ہے اور تمام کلاس روم اور ریاست بھر کی اسیسمنٹس میں فراہم کی جاسکتی ہیں جیسا کہ IEP میں درج ہیں۔ *یہ اشد ضروری ہے کہ والدین ریاست کی ٹیسٹنگ کی شرائط اور ڈپلومہ کے آپشنز کو سمجھتے ہوں۔*

- **کم سے کم پابندیوں والا ماحول (LRE) :** کا مطلب یہ ہے کہ معذوری کے حامل بچوں، بشمول سرکاری و نجی اداروں یا دیگر دیکھ بھال کے مراکز میں بچوں کو ، جہاں تک ممکن ہو، ایسے بچوں کے ساتھ تعلیم دی جائے جو معذور نہیں ہیں، اور خصوصی کلاسز، الگ اسکولنگ یا معذوری کے حامل بچوں کو معمول کے تعلیمی ماحول سے اس وقت الگ کیا جائے جب معذوری کی نوعیت اور سنگینی ایسی ہو کہ ریگولر کلاسز میں معاون آلات اور خدمات کے ساتھ بھی تعلیم کا عمل قابل اطمینان طور پر جاری نہ رہ سکے۔

- **عمومی تعلیم میں شرکت:** کےمتعلق بحث میں عمومی تعلیمی کلاسوں میں شرکت اور/ یا مضامین، اسمبلیاں، قدرتی ماحول (صرف ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم) ،آدھی چھٹی (صرف ایلیمنٹری اسکول) ، عمومی تعلیم اسپیشلز اور/ یا اختیاری، بالغوں اور/ یا کمیونٹی کے ماحول، ہال ویز اور/ یا نقل مکانی ، کیفے ٹیریا اور دیگر ماحول، جو بھی مناسب ہو، شامل کیا جانا چاہیئے۔

- **خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات:** وہ خدمات اور متعلقہ خدمات ہیں جو طالبعلم کوIEP مقاصد اورعمومی نصاب میں ترقی میں پیش رفت کرنے میں معاون ثابت ہوں۔

- **پلیسمنٹ:** داخلے کے آپشنز( وہ ماحول جس میں طالبعلم اپنی تعلیم حاصل کرے گا) کے متعلق بحث ہے ، جس میں عمومی تعلیم کی کلاسز، خصوصی کلاسز، پبلک کی الگ دن کا اسکول، پرائیویٹ دن کے اسکول، ریاست کی جانب سے چلنے والے پروگرام، نجی رہائشی اسکول، گھر پر دی جانے والی درس وتدریس، گھر کی جانب خدمات شامل ہیں۔ IEP ٹیم ان تمام کی نشاندہی کرے جن پر غور *کیا گیا* اوراس کے ساتھ ساتھ جو *منتخب کئے گئے*۔

- **ٹرانسپورٹیشن:** میں اسکول اور وہاں سے واپسی کا سفر اور اسکول اور خصوصی ایکوئپمنٹ (جیسا کہ خصوصی یا تبدیل شدہ بسیں، لفٹس اور ریمپس) کے درمیان سفر، ضرورت پڑنے پر، تاکہ معذوری کے حامل بچے کو خصوصی ٹرانسپورٹیشن فراہم کی جائے۔

- **توسیعی اسکول سال(ESY):** میں وہ خدمات شامل ہیں جو معذوری کے حامل طالبعلم کو ، اس کے IEP کے مطابق، معمول کے تعلیمی سال سے آگے بڑھ کر بھی مہیا کی جاتی ہیں، جب یہ تعین ہوجاتا ہے کہ طالبعلم کو توسیعی خدمات کی ضرورت ہے۔

- **ایجنڈا:** میں IEP کے وہ تمام اجزاء درج ہوتے ہیں جنہیں IEP کی میٹنگ میں زیر بحث لایا جانا چاہیئے۔

- **رضامندی:** کا مطلب ہے کہ والدین یا اہل طالبعلم IEP کوسمجھتے ہوں اور اس پرعملدآمد کیلئے تحریری طورپر رضامند ہوں؛ والدین ”,I disagree“ ”,I agree“ پردستخط کرسکتے ہیں یا IEP کے اجزاء سے جزوی طوپر متفق ہونے کا نوٹ قلمبند کرسکتے ہیں۔ ایک جزوی معاہدہ ”,I agree“ پر دستخط کرکے تحریری شکل میں لایا جاسکتا ہے لیکن اس کے بعد یہ تبصرہ تحریر کریں جس میں واضح طور پر ان شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہو جن سے والدین متفق ہیں اور متفق نہیں ہیں۔ والدین یا اہل طالبعلم اسکول ٹیم یا PSL کے ساتھ مل کر کام کرے تاکہ ایک جزوی معاہدہ واضح تحریری شکل میں لایا جائے۔

### اضافی قابل غور نکات

IEP میں ان آئیٹمز کے متعلق مخصوص معلومات شامل ہوں گی اگر یہ طالبعلم کیلئے مناسب ہوں گی:

- باضابطہ رویے کی جانچ(FBA)، اس صورت میں جب ایک طالبعلم جس کا رویہ ایک ایسے طالبعلم جو معذوری کا حامل ہو،یا ساتھیوں کی تعلیم میں رکاوٹ ڈال رہا ہو، ایک ایسا طریقہ کارہے جس سے اس کی اندرونی وجہ، یا افعال یا ایک بچے کے طرزعمل کا تعین کیا جائے۔

- طرزعمل کا اصلاحی پلان (BIP)، بشمول مثبت طرزعمل کی اصلاحات اور حکمت عملیاں۔

- محدود انگریزی کی استعداد کے حامل طالبعلم یا ایک بہرے اور ثقل سماعت کے حامل طالبعلم کیلئے زبان اور ابلاغ کی ضروریات۔

- نابینا یا بصری خرابی کے حامل طالبعلم کیلئے بریل Braille کا استعمال ۔

- معاون ٹیکنالوجی کے آلات اور خدمات کی ضرورت یا استعمال ۔

- ESY خدمات کا بیان

*آئی ای پی میٹنگ کا نظام الاوقات اور شرکت*

طالبعلم کا انفرادی تعلیمی منصوبہ. تشکیل دینے کیلئے - IEP ٹیم کو اہلیت کی میٹنگ کے تیس کیلنڈر دنوں کے اندر لازمی ملنا چاہیئے - IEP کی ابتدائی میٹنگ کے بعد، ٹیم کو سال میں کم ازکم ایک بار لازمی ملاقات کرنی چاہیئے تاکہ IEP کا جائزہ لیں اور رواں سال کیلئے نیا منصوبہ تیار کریں۔ تاہم، IEP ٹیم ( جس میں والدین اور/ یا اہل طالبعلم شامل ہوتے ہیں) IEP کو ترمیم کرنے کی درخواست پر غور کرنے کیلئے کسی بھی وقت میٹنگ کرسکتی ہے۔ اگر والدین اور اسکول ڈویژن متفق ہوں تو ٹیم ترامیم تیار کرنے کیلۓ ملاقات کا انتخاب کرسکتی ہے تاہم IEP میں میٹنگ کے بغیر بھی ترمیم کی جاسکتی ہے۔ ترامیم کو لازماً تحریری طور پر قلمبند کیا جانا چاہیئے۔ تاہم، بہترین طریقہ یہی ہے کہ اگر ٹیم کا کوئی رکن IEP میں نمایاں تبدیلیوں کے متعلق غور کررہا ہے تو میٹنگ کو بلایا جائے۔ IEP کو مکمل کیا جانا چاہیئے ، اور خصوصی تعلیم اور متعلقہ سہولیات کے آغاز سے قبل رضامندی لازماً حاصل کرنی چاہیئے۔

اس کے علاوہ،ابتدائی IEP کی، جس کی والدین سے رضامندی حاصل کی گئی ہے، تشکیل سے قبل کوئی خدمات فراہم نہیں کی جاسکتیں

والدین کو IEP میٹنگ سے قبل مناسب مدت پہلے *تحریری* طور پرآگاہ کیا جائے۔ میٹنگ کو ایسے وقت اور مقام پر شیڈول کیا جائے جو والدین کی باہمی رضامندی سے طے ہو اور اسکول ڈویژن کے اہلکاروں کی، جو میٹنگ میں شریک ہونگے، فہرست تیار کی جائے۔ اگر والدین میٹنگ میں شریک نہیں ہوسکتے، اسکول کو کوئی دوسرا طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے ان کی شرکت یقینی بنانی چاہیئے اور/ یا باضابطہ طورنوٹ کیا جائے کہ والدین نے کیوں شرکت نہیں کی۔ والدین بذریعہ فون بھی شرکت کرسکتے ہیں۔

IEP ٹیم میں مندرجہ ذیل منتظم ارکان کی شرکت لازم ہے۔

- والدین میں سے کوئی ایک یا دونوں، جنہیں مدعو کیا گیا ہو اور انہوں نے شرکت کرنے کا فیصلہ کیا ہو۔
- خصوصی تعلیم کا استاد
- اسکول پرنسپل، پرنسپل کا نامزد کردہ، یا اسکول ڈویژن کا کوئی دوسرا نمائندہ جوخصوصی تعلیم کی خدمات فراہم کرنے یا اس کی نگرانی کرنے کی اہلیت رکھتا ہو اور عمومی نصاب اور اسکول سسٹم میں وسائل کی دستیابی سے آگاہ ہو۔ یہ لوکل ایجوکیشن ایجنسی (LEA) کا نمائندہ ہے۔
- طالبعلم کے عمومی تعلیم کا استاد (اگر طالبعلم عمومی تعلیم کے ماحول میں پڑھتا ہے یا ممکنہ طور پر پڑھے گا)۔

IEP ٹیم اگر مناسب سمجھے تو انہیں بھی شامل کرسکتی ہے:

- طالبعلم ( ضروری ہے جب منتقلی کا منصوبہ IEP کا حصہ ہو)۔ FCPS ایسے تمام طالبعلموں کی IEP میٹنگ میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے ، جو ضرورت کیلئے کافی عمر کے ہوں - اس سے طالبعلموں کو سیکھنے کے اپنے مخصوص اندازکے متعلق آگہی ہوگی اور اپنی وکالت کرنے کی مہارتوں کی مشق ہوگی جس کی اُنہیں اسکول میں اور باہر کامیابی کیلئے ضرورت پیش آئے گی۔ اگر ایک طالبعلم IEP میٹنگ میں شرکت نہیں کرسکتا، تو جہاں تک ممکن ہو اُس کا موقف پہلے سے معلوم کیا جانا چاہیئے - VDOE میں موجود اپنی وکالت خود کرنے کے وسائل http://imdetermined.org/ تک رسائی کے بارے میں غور کیجیئے۔
- دیگر پیشہ ور ماہرارکان -
- والدین یا اسکول ڈویژن کی صوابدید پر، دیگر افراد، جنہیں طالبعلم کے بارے میں علم ہو یا خصوصی مہارتیں حاصل ہوں۔

- IDEA کے مطابق، والدین اور اسکول ڈویژن مشترکہ طورپر بعض حالات میں IEP ٹیم کے ایسے رکن کی معذرت قبول کر سکتے ہیں جس کی حاضری ضروری ہو۔ اگر ٹیم ممبر کے نصابی میدان یا متعلقہ سہولیات کے متعلق کوئی تبدیلی نہیں کی جارہی یا زیربحث نہیں آرہی، ٹیم ممبر کو میٹنگ سے معذرت کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ اگر نصابی میدان یا متعلقہ سہولیات زیربحث آنا ہیں تو ٹیم کے اس رکن کو، جنہوں نے لازمی طورپر میٹنگ میں شرکت نہیں کرنی، اپنا موقف تحریری طور پر پیش کرنا چاہیئے۔ بہرصورت، والدین اور اسکول ڈویژن کی طرف سے کسی رکن کو میٹنگ سے چھٹی کی اجازت FCPS کے مخصوص فارم پر تحریری طور پر دینی چاہیئے۔

*آئی ای پی میٹنگ کیلئے کب تیاری کی جائے، کے متعلق حکمت عملیاں*

- اپنے آپ کو کاغذ پر تحریری طور پر منظم کیجیئے۔ آپ یا آپ کے طالبعلم پہلے ہی لوکل اسکریننگ یا اہلیت کمیٹی کی میٹنگوں میں یہ تیاری کرچکے ہوں گے۔ اپنے طالبعلم کی خوبیوں اور ان شعبوں میں، جن میں بہتری کی گنجائش ہے، پر غور کیجیئے۔

- اگر یہ تشخیص یا دوبارہ تشخیص کے بعد ایک IEP ہے ، تو اپنی تشخیصوں کی نقل کا جائزہ لیجیئے۔ ان رپورٹوں کا مطالعہ کیجیئے اور اپنے بچے کی خوبیوں اور کمزوریوں کو نوٹ کیجیئے۔

- مختلف مہارتوں کے شعبوں میں کام کی موجودہ سطح کی فہرست بنائیے: علمی، ترقیاتی، ابلاغ، عمدہ اور بھاری کام کرنے میں اعصاب کا استعمال، جذبات کو باقاعدہ بنانے، طرز عمل، شخصی وسماجی تعلقات، اپنی مدد آپ اور پیشہ ورانہ مہارتیں۔

- اپنے نتائج کا خلاصہ تیار کیجیئے۔

- ان شعبوں میں نتائج کو منظم کیجیئے جہاں بہتری کی ضرورت ہے، مثال کے طورپرمطالعہ، بات چیت، یا سماجی مہارتیں۔

- اگر یہ سالانہ IEP ہے، جس کے بعد تشخیص یا دوبارہ تشخیص کا عمل نہیں ہوگا، تو گزشتہ IEP کا جائزہ لیجیئے اور اُن شعبوں کو نوٹ کیجیئے جن میں آپ کے بچے نے کافی اور/ یا ناکافی ترقی کی ہے۔ اس سے آپ کو اُن شعبوں کے متعلق خیالات تشکیل دینے میں مدد ملے گی جن پر نئے IEP اغراض ومقاصد میں توجہ مرکوزکی جائے گی ۔

- کسی بھی آزمائش کے بارے میں اپنے بچے کے استاد / استانی سے بات کیجیئے جسے اس نے آپ کے بچے کی ترقی کے تعین کیلئے استعمال کیا اور نتائج پر بھی گفتگو کیجیئے۔ IEP میٹنگ سے قبل اپنے بچے کے استاد / استانی سے بات کرنے کے متعلق سوچیئے۔ یہ IEP میٹنگ میں بھی ہوسکتی ہے، تاہم یہ قبل ازیں ہونا زیادہ آسان ہے۔

- تشخیصی رپورٹ میں نشاندہی کئے گئے بہتری کی ضرورت کے شعبوں میں اہداف کے متعلق خیالات پر غور کیجیئے۔

- IEP اہداف اور اغراض ومقاصد کے مسودہ کی ایک نقل میٹنگ سے پہلے حاصل کرنے کی درخواست کیجیے۔ اس سے آپ کو بغور مطالعہ کرنے اور نوٹس تیار کرنے کیلئے وقت میسر آجائے گا۔ اگر مسودہ میں ان شعبوں پر توجہ مرکوز نہیں کی گئی جن کے متعلق آپ کو تشویش ہے تو استاد یا استانی سے رابطہ کیجیئے۔ یاد رکھیئے کہ آپ IEP ٹیم کے ایک قابل قدر رکن ہیں اورIEP کی ترقی میں آپ کا ایک نمایاں کردار ہونا چاہیئے۔

- اگر آپ کو اپنے سوالات کا حل چاہیئے یا آپ عملے کے کسی ایک یا دو مخصوص ارکان سے اپنی تشویش کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں تو سالانہ جائزہ اجلاس سے قبل اس معاملے کو حل کرنے کی کوشش کیجیئے۔ آپ کو اپنے بچے

کے استاد / استانی سے پورے تعلیمی سال کے دوران میں مکالمہ جاری رکھنا چاہیئے تاکہ جوں ہی کوئی مسئلہ درپیش ہو، اسے فوری طور پر حل کیا جائے۔ اپنی پریشانیوں کو سالانہ جائزہ اجلاس تک محفوظ نہ رکھیں بلکہ فی الفور حل کرنے کی کوشش کیجیئے۔ یہ صورتحال آپ کیلئے مایوس کن ہوسکتی ہے اور طویل اور مشکل میٹنگوں پر منتج ہوسکتی ہے۔

- FCPS IEP کے فارموں سے آشنا ہوجایئے، کہ وہ کیسے نظر آتےہیں اور ان میں کون سی معلومات ہوتی ہیں۔ آپ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں استعمال ہونے والے فارمز یہاں ملاحظہ کرسکتے ہیں https://www.fcps.edu/academics/special-education/forms۔

- اپنے بچے کے کلاس روم میں ممکنہ طورپر مشاہدہ کرنے کیلئے بچے کے استاد سے رابطہ کیجیئے۔

*IEP میٹنگ میں غور کی جانیوالی حکمت عملیاں*

- میٹنگ میں اہم نکات قلمبند کرنے اور اور" سننے کیلئے ایک زیادہ شخص " کیلئے اپنے شریک حیات، ساتھی یا کسی دوست کو ساتھ لایئے کیونکہ اجلاس طویل ہوسکتے ہیں اور خاصی زیادہ معلومات کا جائزہ لینا پڑسکتا ہے۔ اگر آپ ایک ایسے مہمان کو ہمراہ لاتے ہیں جو والدین میں سے نہیں ہے تو آپ کو ریکارڈ کی معلومات کے افشاء کے فارم پر دستخط کرنےکا کہا جاسکتا ہے تاکہ رازداری برقراررکھی جاسکے۔

- آپ IEP اجلاس کی آڈیو ریکارڈ کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگرآپ اجلاس کو ریکارڈ کرتے ہیں، تو یاد رکھیئے کہ اسکول سسٹم کو بھی ایسا کرنے کا حق حاصل ہے۔ بعض مخصوص طریقہ ہائے کار سے متعلقہ اجلاسوں ( لوکل اسکریننگ، اہلیت، IEP یا اعلامیہ) کی آڈیو ریکارڈنگ کی جاسکتی ہے۔

- عملےکے ساتھ بات کیجیے کہ گزشتہ IEP، کے اہداف میں کتنی پیش رفت کی گئی ، کن اہداف کو جاری رکھا جائے، تبدیلی یا نظرثانی کے ساتھ، اور بہتری کے نئے شعبوں کی نشاندہی کی جائے۔ آپ ہوسکتا ہے کہ ان دستاویزات کو دیکھنا چاہیئں کہ موجودہ IEP میں ترقی کو کیسے جانچا گیا ہے۔

- اگر IEP ٹیم نے داخلے میں تبدیلی پر تبادلہ خیال کیا ہے ، ضرورت پڑنے پر مجوزہ جگہوں کا دورہ کرنے کی درخواست کیجیئے۔

- اگرآپ محسوس کرتے ہیں کہ مجوزہ IEP درست طورپر آپ کے بچے کی خوبیوں اور ضروریات کو بیان کرتا ہے اور آپ محسوس کرتے ہیں کہ مجوزہ داخلہ سے وہ ضروریات پوری ہوسکتی ہیں ، اس دستاویز پر دستخط کیجیئے جس میں آپ نے IEP سے متفق ہونے پر رضامندی ظاہر کی ہو تو سہولیات کی فراہمی فوری طورپر شروع کی جاسکتی ہیں۔

- ابتدائی خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے آپ کی رضا مندی درکار ہے ، تاہم آپ بعض خدمات پر "جزوی رضامندی" پر دستخط کرسکتے ہیں اور بعض سے عدم اتفاق کرسکتے ہیں۔ اس صورت میں، والدین اس رضامندی کی لائن پر دستخط کرسکتےہیں کہ وہ اتفاق کرتے ہیں اور پھر رائے دے سکتے ہیں کہ کس خدمت (خدمات) سے وہ متفق ہیں اور/ یا متفق نہیں ہیں اور کون کون سی استثنیٰ ہیں۔

- اگر آپ کو مجوزہ IEP پر غور کرنے کیلئے مزید وقت درکار ہے تو عملے کو بتایئے کہ آپ اسے جائزہ کے لئے گھر لے جانا چاہتے ہیں۔

- کسی ایسے IEP پر دستخط مت کیجیئے جس سے آپ مطمئن نہ ہوں ۔ آپ دوبارہ اجلاس بلانے کا کہہ سکتے ہیں تاکہ آپ کو اپنے خدشات پر غور کرنے کیلئے چند دن کی مہلت حاصل کرسکیں۔ اپنے خدشات کے متعلق دوسرے لوگوں سے بات چیت کیجیئے اگر آپ ایسا کرنا مناسب سمجھتے ہیں اور پھر اسکول عملے کے ساتھ اپنے اختلافات حل کرنے کی دوبارہ کوشش کیجیئے۔ مثال کے طورپر،آپ کے اسکول کو مختص کیا گیا PSL آپ اور اسکول کے عملے کے خدشات دور کرنے میں بطورایک ماخذ خدمت سرانجام دے سکتا۔

- اگر آپ سمجھوتہ پر نہیں پہنچ پاتے اور آپ محسوس کریں کہ آپ پریشان، مایوس یا بے چین ہونا شروع ہوگئے ہیں تو اجلاس کو روکنے اور ایک وقفہ کرنے کا کہیئے۔ یا یہ کہ آپ اجلاس ختم کرنے اور پھر کسی وقت دوبارہ بلانے کا کہہ سکتے ہیں۔ اجلاس ختم ہونے سے قبل، دوبارہ اجلاس کی تاریخ پر اتفاق کیجیئے۔ جب آپ مطمئن ہوں گے تو ایک اچھا فیصلہ کرنا آسان تر ہوگا۔

- اگر آپ IEP سے اتفاق نہیں کرتے اور باقی ٹیم کے ساتھ کسی فیصلے پرمتفق نہیں ہوتے، اس بات پر دستخط کیجیئے کہ آپ اتفاق نہیں کرتے اور خدشات دور کرنے کی کوششوں کے طریقوں یا PSL سے سفارش کی اپیل کے بارے میں بات کیجیئے۔ کسی فیصلے کیخلاف اپیل کیسے کی جاتی ہے کے بارے میں معلومات کیلئے براہ مہربانی ہینڈ بک کے حصہ جس کا عنوان The Appeals Process ہے یا Office of Due Process and Eligibility سے 571-423-4470 پررابطہ کیجیئے۔

# خصوصی تعلیم کے اضافی عناصر

## کم سےکم پابندی والا ماحول (LRE)

FCPS نے ایسے جامع اسکولوں کا تہیہ کررکھا ہے جہاں وہ طالبعلم جو خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتے ہیں ،اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہر ممکن حد تک زیر تعلیم ہوتے ہیں، اور ایسا مناسب نصاب پڑھتے ہیں جو IEP کے اہداف کی طرف پیش رفت کی اجازت دیتا ہے۔

FCPS IEPs خصوصی تعلیمی خدمات کی صراحت کرتے ہیں جس سے آپ کا بچہ مستفید ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ عمومی اور یا خصوصی تعلیم کا ماحول کو بیان کرتے ہیں جہاں یہ سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

آپ کے بچے کے IEP پرعمل کرنے کیلئے LRE کے اصول کے مطابق خدمات کے متعدد اقسام کے مختلف آپشنز موجود ہیں۔ " کم سے کم پابندی والا ماحول" کی اصطلاح اس ماحول کی طرف اشارہ کرتی ہے جس کا تعین IEP ٹیم آپ کے بچے کیلئے کرتی ہے تاکہ اس کا زیادہ سے زیادہ عمومی تعلیم کے ساتھیوں کے ساتھ رابطہ ہو جبکہ اس کی منفرد تعلیمی ضروریات بھی پوری ہوں۔

طالبعلم عام طورپر ایک سے زیادہ ماحول میں خدمات حاصل کرتے ہیں۔ مثال کے طورپر، ایک طالبعلم دن کا کچھ حصہ عمومی تعلیم کی کلاس روم میں اور کچھ حصہ خصوصی تعلیم کی کلاس روم میں گزارسکتا ہے۔ جیسے جیسے طالبعلم کی ضروریات تبدیل ہوتی ہے ، مختلف تعلیمی ماحول مناسب ہوسکتے ہیں ۔

LRE کا یہ مطلب بھی ہے کہ خصوصی کلاسیں، الگ اسکول میں داخلہ یا عمومی تعلیم کی کلاس روم سے باہر ایک ایسے ماحول میں داخلہ جب معذوری کی علامت یا شدت اس نوعیت کی ہو کہ عام کلاس میں اضافی مدد اور خدمات کے ساتھ تسلی بخش طور پر پوری نہ کی جا سکتی ہوں۔ ذیلی امداد اور خدمات میں ایسی چیزیں شامل ہوسکتی ہیں جیسا کہ اعانت، خدمات اور دیگر معاونت جو عمومی یا دیگر تعلیمی ماحول میں دی جائیں تاکہ معذوری کے حامل طلباء ہر ممکن حد تک اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ تعلیم حاصل کرنے کے قابل ہوسکیں۔

## متعلقہ سہولیات

وہ طلبا وطالبات جو خصوصی تعلیم کے اہل ہیں، انہیں ہوسکتا ہے کہ متعلقہ خدمت میں اضافی اعانت کی ضرورت ہو۔ وفاقی تعریف کی رُو سے متعلقہ خدمت ایک ایسی خدمت ہے جو معذوری کے حامل ایک طالبعلم کو خصوصی تعلیم سے مستفید ہونے کیلئے مدد دینے کیلئے درکار ہو(34CFR300.24) ۔ متعلقہ خدمات ، خصوصی خدمات ہوتی ہیں جن میں سے تقریر، پیشہ ورانہ یا فزیکل تھیراپی، مشاورت یا واقفیت اور نقل وحمل کی سہولیات کا نام لیا جاسکتا ہے، جن کا IEP ٹیم تعین کرسکتی ہے کہ یہ معذوری کے حامل طالبعلم کیلئے خصوصی تعلیم کے پروگرام میں کامیابی سے شریک ہونے کیلئے ضروری ہیں۔ متعلقہ خدمات کلاس روم اور دیگر تعلیمی ماحول میں کم سےکم پابندی اور قدرتی ماحول میں فراہم کی جانی چاہیئں۔ انہیں خصوصی تعلیمی خدمات سے براہ راست متعلق اور طالبعلم کی نصاب تک رسائی میں معاون ہونا چاہیئے۔

ذیل میں متعلقہ خدمات کی فہرست مختصر تفصیل کے ساتھ پیش خدمت ہے:

- **آڈیالوجی یا علم سماعت:** ماہرین علم سماعت کلاس روم ٹیچرز، والدین اور معاون عملے سے بچے کی ثقل سماعت اور ثقل سماعت کے فنی پہلوؤں پر مشاورت کرتے ہیں؛ سماعت کے ٹیسٹوں کے نتائج کی توجیہ کرتے ہیں؛ کلاس روم کی فضا اور انفرادی سننے کی مہارتوں کا اندازہ لگاتے ہیں اور سننے کے معاون آلات اور سماعت کی بحالی میں معاونت کیلئے مناسب سفارشات کرتے ہیں؛ معلوماتی پریزینٹیشنز پیش کرتے ہیں ،اسکول کمیونٹی کو ثقل سماعت اور متعلقہ ٹیکنالوجی کے بارے میں اور اسکولوں اور نجی صحت عامہ کے پیشہ ور ماہرین کے درمیان رابطہ کار کا کردار ادا کرتے ہیں۔

- **مشاورت یا کاؤنسلنگ:** اسکول کے سماجی کارکن، اسکول کے ماہرین نفسیات او اسکول کے کونسلرز مشاورتی خدمات فراہم کرسکتے ہیں۔ اسکول کے سماجی کارکن،سماجی و جذباتی اہلیتوں کو فروغ دینے، لچک پیدا کرنے اور بحرانی صورت حال اور تنازعات سے نمٹنے کیلئے شواہد پر مبنی طریقہ ہائے کار کو کرکے طالبعلموں کی انفرادی اور گروہ کی صورت میں مشاورت فراہم کرتے ہیں۔ اسکول کے ماہرین نفسیات سماجی مہارتیں پیدا کرنے ، ذہنی صحت کے خدشات دور کرنے اور خودپر قابو پانے کی اہلیت پیدا کرنے کیلئے شواہد پر مبنی تیکنیک اور نصاب پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔ اسکول کونسلر پورے اسکول پروگرام کا جزولاینفک ہوتا ہے۔

- **پیشہ وارانہ تھیراپی:** اسکول پر مبنی پیشہ ورانہ تھیراپسٹس طالبعلموں اور ان کی ٹیموں کو ایسےشعبوں میں اعانت کرتے ہیں جو ان کے اسکول کے ماحول اور تعلیمی پروگرام کے اندر اسکول کے پیشوں ، کاموں ، کردار، معمولات تک ان کی رسائی، شراکت اور استفادہ کرنے کی قابلیت پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

- اسکول کے ماحول میں پیشہ وارانہ تھیراپی کی خدمات ایسے طالبعلموں کی اعانت کرتی ہیں جنہیں اضافی تخصیصی اصلاحات کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ طالبعلم اپنے تعلیمی پروگرام میں شریک ہوسکیں۔

  - پیشہ ورانہ تھیراپسٹس طالبعلم، اساتذہ، اسکول عملے اورخاندان کے قریبی تعاون سے کام کرتےہیں تاکہ طالبعلم کی ضروریات کا اندازہ لگائیں اورایسے منصوبے وضع کریں جن سے اسے تدریسی پروگرامز اور اسکول کے ماحول تک رسائی اورشرکت کرنے میں آسانی میسرآئے۔

  - پیشہ ورانہ تھیراپسٹس شواہد پر مبنی ماہرانہ رائے فراہم کرتےہیں اور طالبعلم کی ٹیم کے ساتھ مل کرکام کرتے ہیں تاکہ اسکول کے ماحول میں سیکھنے ، زندگی کی مہارتوں اور سماجی پیشوں میں شرکت کیلئے درکاراصلاحات ، ترامیم ، سہولیات، تخصیصی اعانت / حکمت عملیاں اوربنیادی کارکردگی کی مہارتوں سے متعلقہ تصرف کردہ آلات کی نشاندہی کی جائے اور فراہم کیا جائے۔

  - پیشہ ورانہ تھیراپسٹس طالبعلم کی ضروریات پوری کرنے اور تدریس و تعلیمی سرگرمیوں تک رسائی مہیا کرنے کیلئے تعلیمی ماحول کو تبدیل کرنے کی راہیں تجویز کرتے ہیں۔

- **واقفیت اور حرکت کی قابلیت:** مستند اساتذہ نابینا یا بصری خرابی کے حامل طالبعلم کو واقفیت اور حرکت کی قابلیت کے متعلق ماہرانہ رائے اور علم پیدا کرنے کی ہدایات دیتے ہیں تاکہ اسے گھر، اسکول اور کمیونٹی میں محفوظ اورآزادانہ طور پرسفر کرنے کے قابل بنایا جائے۔

- **والدین کی مشاورت اور تربیت**: یہ خدمات والدین کو ضروری مہارتیں حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں جن سے انہیں بچے کے IEP یا IFSP پر عملدرآمد کرنے مدد میسر آتی ہے۔ بچے کی نشوونما، رویے کی اصلاحات، تقریر وزبان یا معاون ٹیکنالوجی کی تیکنیکس کے متعلق معلومات فراہم کرنےکیلئے بعض مثالیں دی جاسکتی ہیں۔

- **فزیکل تھیراپی :** اسکول کے فزیکل تھیراپسٹس طالبعلموں اور ان کی ٹیموں کی ان ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دیتے ہیں جن سے طالبعلم کی تدریسی پروگراموں اور اسکول کے ماحول تک رسائی کی صلاحیت پر اثر پڑتا ہے۔ تعلیمی ماحول میں فزیکل تھیراپی کی خدمات ان طالبعلموں کی معاونت کرتی ہیں جنہیں اضافی تخصیصی اصلاحات کی ضرورت ہوتی ہیں تاکہ طالبعلم اسکول کے ماحول تک رسائی حاصل کرے، اس میں شرکت کرے اور آزادانہ طورپر کام کرنے کے بھرپور مواقع حاصل کرے۔

- فزیکل تھیراپسٹس طالبعلم، اساتذہ، اسکول عملے اور خاندان کے ساتھ مل کرکام کرتے ہیں تاکہ اندازے لگا سکیں، اعانت کرسکیں اورایسے منصوبوں وضع کرسکیں جن سے طالبعلم کی تدریسی پروگراموں تک رسائی کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔
- فزیکل تھیراپسٹس شواہد پرمبنی ماہرانہ رائے دیتے ہیں اور طالبعلم کی ٹیم کے ساتھ مل کرکام کرتے ہیں تاکہ تخصیصی اصلاحات، ترامیم، سہولیات اور اسکول کے ماحول میں ایسی حرکی مہارتوں سے متعلقہ انفرادی امداد کی نشاندہی ہواور ان فراہمی ممکن ہوسکے، جس سے طالبعلم کی اپنے تعلیمی پروگرام میں شرکت میں مدد ملے
- فزیکل تھیراپسٹس ان ماحولیاتی تبدیلیوں یا آلات کے بارے میں سفارشات پیش کرتے ہیں جن کی طالبعلم کو تدریس اور تعلیمی سرگرمیوں تک رسائی کیلئے ضرورت ہوتی ہے۔

- **روزگار اور منتقلی کی خدمات:** روزگار اور منتقلی IDEA اورایک گریجویٹ کی مثالی تصویرمنصوبہ کے مطابق کیریئرکے فروغ اور کالج کی تیاری کیلئے نمائندے (ETRs) تدریس، کمیونٹی تجربات، روزگارمیں معاونت اور منتقلی کی تشخیص پیش کرتے ہیں۔ ETRs تمام ایف سی پی ایس ہائی اسکولوں، سیکنڈری اسپیشل تعلیمی مراکز اور بعض غیر روایتی اسکول پروگراموں میں تعینات کئے جاتے ہیں۔ ETRs اعانت ایسے طالبعلموں کو فراہم کی جاتی ہے جو خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل پائے جاتے ہیں اور جن کی IEP ٹیم نے یہ تعین کیا ہوتا ہے کہ اس سطح کی مدد طالبعلم کو وقفہ وقفہ سے یا زیادہ شدید، جاری بنیادوں پر فراہم کی جائے تو سودمند ثابت ہوگی۔

  روزگار اور منتقلی کی خدمات کی شناخت کی ضرورت عام طور پر طالبعلم ، اس کے والدین اور اسکول کے اہلکاروں کے ساتھ طالبعلم کی تعلیم ، کیریئر اور بالغ کی زندگی کے اہداف کے متعلق بات چیت سے شروع ہوتی ہے ۔ پھر IEP ٹیم خدمات اور اعانت کا تعین کرتے ہیں اور ان ضروریات کو انفرادی بنایا جاتا ہے۔ اگرچہ زور جونیئرز اور سینئرز پر دیا گیا ہے ، فریش مین اور گریڈ دس کے طالبعلم بھی یہ اعانت حاصل کرسکتے ہیں۔

- **بول چال اور زبان سے متعلق:** اسکول میں کام کرنیوالے پیتھالوجسٹ ایسے طالبعلموں کے پرہیز، شناخت، تشخیص، جانچ پڑتال، اہلیت کا تعین، علاج کا منصوبہ تشکیل دینا، علاج کا انتظام وانصرام میں شریک ہوتے ہیں جوبول چال اور زبان سے متعلق عارضہ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ بول چال ۔ زبان کے پیتھالوجسٹس تقریر یا زبان کے مخصوص عارضوں کی جانچ پڑتال اور تشخیص کرتے ہیں ، جن میں آواز، روانی، اظہار، اثرپذیر، اوربامعنی زبان کے عوارض شامل ہیں جو تعلیمی کارکردگی پر بری طرح اثرانداز ہوتے ہیں۔ اسکول میں بول چال اور زبان کی خدمات میں اساتذہ، عملہ اور والدین کیلئے مشاورت اور رہنمائی شامل ہوسکتی ہے تاکہ طالبعلموں کی ابلاغ کی ضروریات کو پورا کیا جائے؛ خصوصی تعلیم کے ایسےاہل طالبعلموں کیلئے بول چال اور زبان کی تھیراپی اصلاحات فراہم کی جائے، جنہیں نصاب تک رسائی کیلئے اضافی تخصیصی امداد درکار ہو؛ اور تعلیمی ماحول میں کامیاب شرکت اور بات چیت میں اعانت کی جائے۔ مختلف عوامل کی وجہ سے، جس میں قسم یا کمزوری کی شدت، نصاب تک رسائی کیلئے طالبعلم کی صلاحیت پر اثر یا سماجی تعلقات کو مؤثر انداز میں قائم کرنا اور تعلیمی تجربات کے ساتھ خدمات کی یکجائی شامل ہیں تاہم یہ ان تک محدود نہیں ہیں، بول چال ۔ زبان کی خدمات اس طرح وضع اور مہیا کی گئی ہیں کہ طالبعلم کی انفرادی ضروریات بہترین انداز میں پوری ہوں۔

- **ٹرانسپورٹیشن:** FCPS معذوری کے حامل طالبعلم کو اسکول سے اور اسکول تک اور مختلف اسکولوں کے درمیان سفرکی سہولیات پیش کرتا ہے اوراس میں خصوصی ایکوئپمنٹ، سہولیات اور/ یا ضرورت پڑنے پرامداد بھی شامل ہیں۔

## اضافی سہولیات

اگرچہ سماعت میں نقص (HI)،بصارت میں نقص (VI)، اورتصرف کردہ جسمانی تعلیم (APE) متعلقہ خدمات تصور نہیں کی

جاتیں، ایف سی پی ایس IEP ٹیموں کو غور کرنے کیلئے اضافی سہولیات بھی فراہم کرسکتا ہے۔ ذیل میں متعلقہ خدمات کی فہرست مختصر تفصیل کے ساتھ پیش خدمت ہے:

- **ردوبدل کے ساتھ جسمانی تعلیم:** APE نشوونما کی مناسبت سے ایسی جسمانی تعلیم ہے جس میں جسمانی تعلیم کے نصاب میں تصرف یا تبدیلی کرکے طالبعلموں کی انفرادی ضروریات پوری کی جاتی ہیں جب ان کی معذوری ان کی عمومی جسمانی تعلیم میں شرکت کو نمایاں طورپر متاثر کرتی ہے۔ FCPS میں ردوبدل کے ساتھ جسمانی تعلیم کی خدمات کثیرشعبہ جاتی باہمی تعاون کی حامل ٹیم کے نقطہ نظر سے پیش کی جاتی ہیں۔ APE اساتذہ جسمانی تعلیم اور خصوصی تعلیم کے اساتذہ کے باہمی تعاون سے فزیکل ایجوکیشن کے نصاب میں متعدد ایسی حکمت عملیاں اور موافقت وضع کرتے ہیں اور ان پر عمل پیرا ہوتے ہیں جس سے طالبعلم محفوظ اور کامیاب شرکت کے تجربے سے گزرتے ہیں۔

- **بہرے اور کم سننے والوں کے لیے سہولتیں:** وہ طالبعلم جو بہرے یا ثقل سماعت کا شکار ہیں، انہیں ہوسکتا ہے کہ اپنے تعلیمی پروگراموں میں کامیابی سے شرکت کیلئے خصوصی اصلاحات کی ضرورت ہو۔ ہوسکتا ہے کہ ان طالبعلموں کو طالبعلموں کی سفری سہولیات فراہم کی جائیں جو تین سینٹر پروگراموں میں تین مختلف طریقہ ہائے کار کے ذریعہ بنیادی اسکول میں حاضر ہورہے ہوں اور شدید نوعیت کی خدمات سے مستفید ہورہےہوں۔ طالبعلم ہوسکتا ہےکہ تین تدریسی طریقہ ہائے کار سے مدد حاصل کررہے ہوں: سمعی اور/ یا زبانی، امریکن سائن لینگویج / مکمل ابلاغ اور اشارتی بات چیت۔ سماعت میں نقص اور بہرے طالبعلموں کے پروگراموں میں ہدایات تک رسائی ، اپنی وکالت آپ کرنے اور مواد وضع کرنے کے علم پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ ثقل سماعت کے شکار طالبعلموں کے سفری اساتذہ اسکول کے عملے سے تعاون کرتے ہیں، ماخذ فراہم میں اعانت کرتے ہیں ، مشاورتی خدمات فراہم کرتے ہیں اور مناسب سہولیات کا تعین کرنے یا ایسے طالبعلموں کی ضروت کے مطابق تبدیلیاں کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

- **بصری خدمات:** وہ طالبعلم جو بصری نقص کا شکار ہیں، انہیں ہوسکتا ہے کہ اپنے تعلیمی پروگراموں میں کامیابی سے شرکت کیلئے خصوصی اصلاحات کی ضرورت ہو۔ ایسے طالبعلموں کو ہوسکتا ہے کہ وہ سفری اعانت فراہم کی جائے جو ان طالبعلموں کی دی جاتی ہے جو سینٹرVI بیسڈ پروگراموں کے آپشن کے علاوہ اپنے اسکول میں بھی متعلم ہوں ۔ پروگرامنگ اساتذہ اور طالبعلموں کو خصوصی ہدایات اور وسائل فراہم کرنے کیلئے وضع کی جاتی ہے جس میں خصوصی پرنٹ مواد اور بصری آلات شامل ہوتے ہیں۔ ایک IEP ٹیم اس وقت VI شامل کرسکتی ہے جب طالبعلم کو کلاس روم کے مواد تک رسائی ، تلافی کی حکمت عملیوں اور/ یا متحرک ہونے اور واقفیت کیلئے ٹیکنالوجی یا انفرادی مدد درکار ہو۔

## توسیعی اسکول کے سال (ESY) کی سہولتیں

توسیعی اسکول کے سالESY کی خدمات سے، مراد ایسی خصوصی تعلیمی اور/ یا متعلقہ خدمات ہیں، جو معذوری کے حامل طلباء کے لیئے، عام اسکول کے سال کے علاوہ بھی، ایک مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) فراہم کرنے کی نیت سے، پیش کی جاتی ہیں اور یہ خدمات بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام IEP کے مطابق اور گھرانوں کے لیئے، مفت ہوتی ہیں۔ IEP ٹیم اپنی ابتدائی میٹنگ میں ESY خدمات کو لازماً زیربحث لائے اور پھر اپنی ہر سالانہ میٹنگ میں بھی اس پر بات کرے۔ ٹیم کے ارکان، ضرورت پڑنے پر ،سالانہ IEP میں اضافہ کر کے، ESY کی خدمات پر گفتگو کر سکتے ہیں۔ اسکول کے عملے ارکان، والدین، اور/ یا طالبعلم ESYخدمات پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے کسی بھی وقت IEPمیٹنگ کی درخواست کرسکتے ہیں۔ ESY خدمات صرف اس صورت میں ضروری ہوتی ہیں جب ایک معذوری کے حامل طالبعلم کے باقاعدہ اسکول کے سال کے دوران میں تعلیمی ثمرات *نمایاں طورپر خطرہ میں پڑجائیں* اگر بچے کو تدریس میں وقفوں کے دوران ایک تعلیمی پروگرام نہیں فراہم کیا جائے۔

ESY کی خدمات زندگی کی اہم مہارتوں کو، بہتر بنانے کے حوالے سے پیش کی جاتی ہیں:

- زندگی کی اہم مہارتوں سے، مراد IEP ٹیم کی طرف سے تعین کردہ کوئی بھی ایسی مہارت ہو سکتی ہے، جوطالب علم کی معاشرتی اور عملی مہارتوں سمیت، اس کی مجموعی تعلیمی کارکردگی کے حوالے سے، اہم قرار دی گئی ہو۔ طالب علم کی مخصوص ضروریات کے حوالے سے، زندگی کی اہم مہارتوں کا تعین کرتے ہوئے، اسکول ڈویژن ان صلاحیتوں پر بھی غور

کر سکتا ہے، جو خود مختار زندگی گزارنے کے لیئے، اہم ہیں، ان میں باتھ روم استعمال کرنے، کھانے پینے، بات چیت کرنے، کپڑے بدلنے یا تیار ہونے اور خود سے کرنے والے دیگر کاموں کرنے کی صلاحیتیں شامل ہیں۔ بعض صورتوں میں،اسکول ڈویژن تعلیمی اور طرز عمل کے معاملات پر غور اور ان کا سدباب کر سکتی ہے۔ مختلف عوامل جیسے طالب علم کی عمر، صلاحیت اور طالب علم کے اسکول کا بقیہ عرصہ، پڑھنے کا معیار، ریاضی اور تحریری زبان زندگی کی اہم مہارتوں کے طور پر، لیئے جا سکتے ہیں۔

کوئی بھی طالبعلم جو خصوصی تعلیم حاصل کررہا ہو، قطع نظرمعذوری کی قسم کے، ESY خدمات کا اہل ہوسکتا ہے، بشرطیکہ IEP ٹیم یہ تعین کرے کہ یہ خدمات FAPE حاصل کرنے کے سلسلہ میں طالبعلم کیلئے ضروری ہیں۔ IEP ٹیم کے ارکان کو ESY خدمات پر غور کرتے وقت مندرجہ ذیل عوامل پر بحث کرنی چاہیئے:

**نشوونما میں رکاوٹ اور تلافی** : اگرIEP ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ آیا ان خدمات کےبغیر، اسکول میں تعطیلات کے باعث زندگی کی ضروری مہارتوں میں نمایاں رکاوٹ پیش آسکتی ہے اور خدشہ ہے کہ طالبعلم اسکول کی تعطیلات کے بعد مناسب مدت کے اندر ان محروم ہونے والی مہارتوں کو دوبارہ نہیں پا سکے گا

**ترقی کا درجہ**: IEP ٹیم طالبعلم کی IEP کے اہداف اور مقاصد کی جانب پیش رفت کا جائزہ لے جن میں زندگی کی ضروری مہارتوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہو اور تعین کرے کہ آیا ان خدمات کے بغیر ان اہداف اور مقاصد کے حصول کی جانب طالبعلم کی ترقی کا درجہ یا شرح باقاعدہ اسکول کے سال کے دوران میں اس کے تعلیمی پروگرام سے استفادہ کرنے کے عمل کو نمایاں طورپر خطرہ سے دوچار کردے گی۔

**اُبھرتی ہوئی صلاحیتیں اورڈرامائی کامیابی کے مواقع** : IEP ٹیم زندگی کی ضروی مہارتوں کی جانب IEP کے تمام اہداف کا جائزہ لے گی تاکہ یہ تعین کرسکے کہ آیا ان میں سے کوئی مہارتیں ڈرامائی کامیابی کے مقام پر ہیں۔ جب زندگی کی ضروری مہارتیں اس مقام پر ہوں ، تو IEP ٹیم کیلئے ضروی ہے کہ وہ یہ تعین کرے کہ آیا اسکول کی تعطیلات کے دوران میں ان خدمات اور تدریس میں تعطل سے باقاعدہ اسکول کے سال کے دوران اس کے تعلیمی پروگرام سے حاصل ہونے والے تعلیمی فوائد نمایاں طورپر خطرے میں پڑ جائیں گے۔

**مداخلتی رویے:** IEP ٹیم تعین کرے گی کہ آیا طالبعلم کسی مداخلتی رویے کا مظاہرہ کرتا ہے جیسا کہ دقیانوسی سوچ، رسم ورواج ، جارحانہ یا خود کو نقصان پہنچانے والا طرزعمل جس سے IEP کے اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہواورجس سے باقاعدہ اسکول کے سال کے دوران اس کے تعلیمی پروگرام سے حاصل ہونے والے تعلیمی فوائد نمایاں طورپر خطرے میں پڑ جائیں ۔ ٹیم اس بات کا بھی تعین کرتی ہے کہ آیا ان مداخلتی رویوں سے پروگرامنگ میں خلل پڑنے سے اس کے آئندہ عام تعلیمی سال میں اس کے تعلیمی پروگرام کے فوائد کے حصول پر، اثر پڑنے کا امکان ہے۔

**معذوری کی نوعیت اور/ یا شدت:** ٹیم اس بات کا بھی تعین کرتی ہے کہ آیا ESY خدمات کے بغیر طالبعلم کی معذوری کی نوعیت اور/ یا شدت اس کے آئندہ عام تعلیمی سال میں اس کے تعلیمی پروگرام کے فوائد کے حصول کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

**خصوصی حالات یا دیگر عوامل:** ٹیم اس بات کا بھی تعین کرتی ہے کہ آیا ESY خدمات کے بغیر ، کوئی ایسے خصوصی حالات ہیں جو طالبعلم کے آئندہ عام تعلیمی سال میں اس کے تعلیمی پروگرام کے فوائد کے حصول کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

ESY خدمات مختلف حالات اور طریقہ ہائے کار کے ذریعہ پیش کی جاسکتی ہیں، مثال کے طورپر کلاس روم میں تدریس، والدین کی رہنمائی میں کمیونٹی کے اندر پروگرام جس کی ٹیچر اور/ یا مشاورتی یا نگرانی میں اعانت کرنے والے عملے کے ارکان وقتاً فوقتاً جائزہ لیں۔ جبکہ ESY خدمات سال کے دوران کسی بھی وقت مہیا کی جاسکتی ہوں ، جیسا کہ IEP ٹیم نے

FAPE مہیا کرنے کیلئے ضروری قراردیا تھا ، بیشتر طالبعلم توسیع شدہ گرما کی تعطیلات کے کچھ حصے میں یہ خدمات حاصل کرسکتے ہیں۔ ESY خدمات موجودہ سمر اسکول اصلاحی پروگراموں کے ساتھ ملا کر فراہم کی جاسکتی ہیں، بشرطیکہ ایسے پروگرام دستیا ب ہوں اور متعلقہ طالبعلم کیلئے مناسب بھی ہوں۔ البتہ، ESY کی خدمات کی فراہمی کے لیئے، IDEA 2004 کی کم سے کم پابندی والے ماحول کی دفعات کے مطابق، ایک عام تعلیمی ماحول تشکیل دینے کے لیئے، ڈویژن درکار نہیں ہے۔

ESY خدمات متعدد FCPS اسکول عمارتوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔ یہ مقامات ہرسال بدل جاتے ہیں اور طالبعلموں کو جغرافیائی جگہوں کی بنیاد پر مخصوص ابتدائی چائلڈ ہڈ، ایلیمنٹری اور سیکنڈری مقامات پر نامزد کیا جاتا ہے۔ مخصوص ESY تاریخیں اور گھنٹے کے اوقات ہرسال تبدیل ہوتے ہیں اوراسکول ڈویژن کی جانب سے منظوری کے بعد عملے اور والدین کو آگاہ کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بچے کوESY خدمات درکار ہیں ،تو FCPS کی ٹرانسپورٹ فراہم کی جاتی ہے۔

ESY خدمات معذوری کے حامل بعض طلبا و طالبات کو FAPE مہیا کرنے کیلئے منفرد طورپر تشکیل دی گئی ہیں۔ لہذا، اس بات پر زور دینا ضروری ہے کہ یہ خدمات:

- کسی بھی طالبعلم کو دستیاب ہیں جو خصوصی تعلیمی خدمات سے مستفید ہوتا ہے ، بشرطیکہ طالبعلم کو FAPE کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ESY ضروری ہو۔ اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے، کہ اگر ESY سے متعلق، فیصلے کے لیئے، اضافی معلومات درکار ہوئیں تو IEP کی اضافی میٹنگ ضروری ہو سکتی ہے اور ہر سالانہ میٹنگ کے دوران یہ تبادلہ خیال کرنا ضروری ہے۔
- اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ طالب علم کی انفرادی ضروریات پوری کی گئی ہیں اور یہ خدمات اس کی ضروریات کے مطابق فراہم کی گئی ہیں۔ IEP ٹیم کو، موجودہ IEP میں، ان مخصوص اہداف اور/ یا مقصد (مقاصد) کی نشاندہی کرنی چاہیئے، جن کی وجہ سے یہ سہولت ضروری ہے، کیونکہ تمام مقاصد متاثر نہیں ہو سکتے۔
- طالب علم کی منفرد ضروریات پر پورا اترنے کے لیئے، مختلف قسم، شدت اور عرصے پر مبنی ہو سکتی ہیں۔

اضافی معلومات کے لیئے، *Virginia Department of Education Technical Assistance Resource Document* ملاحظہ کریں: *Extended School Year Services, December 2007*
https://www.doe.virginia.gov/special_ed/tech_asst_prof_dev/topic_specific_resources/index.shtml

## مددگار ٹیکنالوجی کی سہولتیں (ATS)

مددگار ٹیکنالوجی کی IDEA میں کچھ یوں تعریف کی گئی ہے کہ "کوئی بھی ایکوئپمنٹ، اس کا حصہ یا پیداواری نظام، چاہے اسے تجارتی بنیاد پر شیلف سے حاصل کیا گیا ہو، تبدیل، یا اس میں ضرورت کے مطابق ردوبدل کیا گیا ہو، اور جو معذوری کے حامل افراد کی کام کرنے کی صلاحیتوں کو بڑھانے، برقراررکھنے یا بہتر بنانے کیلئے استعمال کیا جائے۔ "

ATS ، جو آفس آف اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن ، کا ایک حصہ ہے، FCPS کے ایسے طالبعلموں کو جو معذوری کے حامل ہوں، اور خصوصی تعلیم حاصل کرتے ہوں اور عملے کے ارکان کو جو ان کی معاونت کرتے ہوں، AT اعانت فراہم کرتا ہے۔ بہت سے طالبعلم جو خصوصی تعلیم حاصل کرتے ہیں، انہیں مخصوصی ٹیکنالوجی کی اصلاحات کی ضرورت پیش آتی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بڑھا کر اپنے انفرادی تعلیمی پروگراموں میں طے کردہ اہداف کو حاصل کرسکیں۔ AT پروگرام آف اسٹڈیز اور/ یا اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) کی سہولیات اور اہداف میں اعانت کیلئے اکثر استعمال ہوتا ہے اور یہ ان طالبعلموں کیلئے ایک ضروری آلہ بن گیا ہے جو خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتے ہیں جب وہ ہمہ گیر ماحول میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ IEP ٹیم کلاس روم ٹیچر، ماہر طب یا ایک تھیراپسٹ کے تعاون سے ATS کے اسٹاف ممبر کے ذریعہ انفرادی جانچ پڑتال کیلئے ریفرل کے عمل کو شروع کرسکتی ہے تاکہ اس بات کا تعین ہو کہ آیا طالبعلم کوAT کی ضرورت ہے۔ اے ٹی طالبعلموں کے استعمال کی بعض مثالوں میں

اسپیچ سافٹ ویئر، معاون افزوں کار متبادل ابلاغ کا ڈیوائس اور الفاظ کی پیش گوئی کرنے والا سافٹ ویئرشامل ہیں۔ وہ والدین جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کا بچہ ATS کی فراہم کردہ خدمات سے استفادہ کرے گا، اپنے بچے کے کلاس روم ٹیچر سے اپنے خدشات کے بارے میں بات کرسکتے ہیں۔ ATS کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ATS کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/assistive-technology-services-ats

AT کے متعلق مزید معلومات اور ریاست کی شرائط VDOE سائٹ پر دستیاب ہیں: https://www.doe.virginia.gov/special_ed/iep_instruct_svcs/assistive_technology/index.shtml

ورجینیا ATS کی شائع کردہ ہینڈ بک ملاحظہ کرنے کیلئے http://www.vats.org/resources.htm پر جائیےاور *طالبعلم کے انفرادی تعلیمی پروگرام میں معاون ٹیکنالوجی: والدین اور اسکول کے اہلکاروں کیلئے ہینڈ بک* ڈاؤن لوڈ کیجیئے۔

## مثبت طرزعمل کے طریقے

مثبت طرزعمل کی اصلاحات اوراعانتیں (PBIS) ایک تین سطحوں پر مشتمل فیصلہ ساز فریم ورک ہے جو اسکولوں کو تمام طالبعلموں کیلئے طرزعمل کے نتائج کے حصول میں مدد دینے اور بہتر بنانے کیلئے بہترین طریقہ ہائے کار منتخب کرنے، ملانے اور ان پر عمل پیرا ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ وہ اسکول جو PBIS پرعمل پیرا ہوتے ہیں، وہ ایک ایسی ثقافت کو فروغ دیتے ہیں جو مثبت، مناسب رویوں پر مبنی ہوتی ہیں اور ایسے طالبعلموں کو مسلسل اعانت فراہم کرتی ہیں جنہیں اضافی مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنے نتائج پر توجہ مرکوز کرکے، اسکول کی مسائل حل کرنے والی ٹیم بروقت انداز میں کارروائی کرسکتی ہے جب اسکول بھر کا نظام بعض طلباوطالبات اور ان چند طالبعلموں کی ضروریات پوری نہیں کرتا جنہیں مدد کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔

رسپانسو کلاس روم © کا طریقہ کاراس مقدمہ پر مبنی ہوتا ہے کہ طلبا وطالبات اس وقت بہترین انداز میں سیکھتے ہیں جب انہیں مؤثر تعلیمی اور سماجی مہارتیں ، بشمول کلاس روم اور پورے اسکول کے طورطریقے، حاصل ہوں۔ انفرادی طور پر اساتذہ تربیت یافتہ ہوتے ہیں اور پورے اسکول میں عمل درآمد کرنے کیلئے بطور اسکول کمیونٹی کام کرتے ہیں۔ تدریسی طریقہ ہائے کا ر(مثال کے طورپر صبح کی میٹنگ، اصولوں کی تخلیق، آمنے سامنے کی ماڈلنگ، اساتذہ کی مثبات زبان، منطقی نتائج، ہدایت یافتہ دریافت، تعلیمی انتخاب، کلاس روم کی تنظیم، خاندانوں کے ساتھ کام کرنا اورمل جل کر مسائل حل کرنا) اس اندازفکر کی نشانیاں ہیں۔

طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات

طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات عمومی اور خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے والے طالبعلموں کیلئے اسکول ٹیموں کوجامع خدمات اور اعانت فراہم کرتی ہیں۔ یہ خدمات پری-k سے لے کر گریڈ 12 تک کے طالبعلموں کو فراہم کی جاتی ہیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے پانچوں ریجنز میں سے ہر ایک میں طرزعمل کی اصلاح کے اساتذہ تعینات کئے گئے ہیں جواسکولوں کو انفرادی سطح پر رویوں کی اصلاح میں اعانت کرتے ہیں۔ پروگرام مینیجر کی زیرنگرانی اور اسکول پرنسپل کی رہنمائی میں، طرزعمل کی اصلاح کے اساتذہ اسکولوں کو برے رویوں کے سدباب اور اصلاحات کی حکمت عملیاں اور معاون خدمات تشکیل دینے اور ان پر عمل پیرا ہونے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات نے عزم کررکھا ہے کہ :

- مختلف طالبعلموں کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیتوں کی تعمیر میں اساتذہ اور اسکول ٹیموں کو مل جل کر طرزعمل کی اصلاح میں مدد فراہم کرنا۔
- اسکول عملے کیلئے تحقیق پر مبنی طرزعمل کی حکمت عملیاں وضع کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے میں پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم کرنا۔

- تربیتی نشستوں کے مواقع کی فراہمی اور گھر اور اسکول کے ماحول میں فرق کو دُور کرنے کیلئے والدین کے ساتھ تعاون پرمبنی اشتراکِ کار تشکیل دینا۔

- طالبلعلموں کیلئے باخبر، مؤثر طرزعمل کی پروگرامنگ فراہم کرنے کیلئے اسکول ٹیموں کو اعدادوشمار تیار کرنے، جمع کرنے اور تجزیہ کرنے میں مدد فراہم کرنا ۔

- اسکول ٹیموں کو طلبا وطالبات کی بحرانی کیفیت میں اصلاحات میں اعانت فراہم کرنا۔

- اسکول طرزعمل میں اعانت کیلئے تین سطح پر مبنی انداز اختیار کرتے ہیں تاکہ اصلاحات کو جاری رکھا جائے اور طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات کی اعانت کی فراہمی تمام سطحوں پر جاری رہے۔

اطلاقی رویے کا تجزیہ

اطلاقی رویے کا تجزیہ (ABA) طرزعمل کے اصولوں کا اطلاق کرنا ہے تاکہ رویوں کی صورت گری کی جائے اور نئی مہارتیں سکھائی جائیں ۔ طرزعمل کا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور ان کے افعال کا تعین کرنے کیلئے تجزیہ کیا جاتا ہے۔ سابقہ واقعات اور مضمرات (قبل ازیں اور بعد ازاں رونما ہونے والے واقعات) کے رویہ کی صورت گری کرنے اور تبدیل کرنے کیلئے تجزیہ کیا جاتا ہے اور کام نکالا جاتا ہے۔ مہارتوں کو چھوٹے اور الگ الگ حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور منظم طریقے سے پڑھایا جاتا ہے۔ مخصوص کلاس رومز میں، جہاں تک ممکن ہو ABA رویوں کو تبدیل کرنے، نئی مہارتیں سکھانے اور طالبعلموں کوآزادانہ کام کرنے کیلئے تیار کیا جاتا ہے۔

پری K-12 ABA کا عملہ جاری تربیت فراہم کرتا ہے اورABA طریقہ ہائے کار کو استعمال کرتے ہوئے خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کیلئے اسکول عملے کی براہ راست اعانت کرتا ہے۔ اس میں انفرادی تدریسی نصاب اور طرزعمل کے پروگراموں کی تشکیل اور ان پر عملدرآمد شامل ہیں۔

ضبط وتحمل اور تنہائی

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ ہر بچہ تعلیمی عمل میں ایک قابل قدر اشتراک کار ہے اور تمام طلبا وطالبات کا یہ پیدائشی حق ہے کہ اُن سے عزت واحترام سے پیش آیا جائے۔ اسکول کے اہلکاروں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس حق کی حفاظت کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ درس وتدریس کا ماحول محفوظ اور معاون رہے۔ کامیابی کے ایک محفوظ اورمعاون ماحول میں تمام طالبعلموں کو ہمہ وقت اسکول کے ہر قسم کے ماحول میں تعلیم کا حق حاصل ہے۔ باہمی احترام اور عظمت انسانی کو اس وقت فروغ ملتا ہے جب طریقہ ہائے کار کو طالبعلم کے رویے کو کنٹرول کرنے کیلئے فعال طور پر استعمال کیا جائے، سدباب پر زور دیا جائے، مثبت طورپراعانت کی جائے اور مؤثراور اخلاقی انداز اپنایا جائے۔ جب اسکول کے ماحول میں خطرناک صورتحال میں مشکل طالبعلموں کے رویوں پر قابو پانے کی ضرورت ہوتی ہے تو اس وقت ایسے طریقوں جن سے محفوظ اور مؤثر تعلیمی ماحول کو برقرار رکھا جائے اور ان کارروائیوں میں توازن برقرار رکھنے کی ضرورت ہوتی جن سے طالبعلموں اور عملے کے ارکان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے ۔ یہ توازن اصلاحات کے طریقوں اور کارروائیوں میں بھی نظر آنا چاہیئے جن میں کم سے کم پابندیوں والی اصلاحات کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے جب رویوں کو خصوصی علاج کی ضرورت ہوتی ہے اور طلبا وطالبات جسمانی پابندیوں کے غیرمعقول استعمال ، تنہائی اور کسی نفرت انگیز اصلاحی طریقوں سے آزاد ہوں ۔

طلبا وطالبات اور عملے کے ارکان کی سلامتی اور حفاظت سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ اسکول کے عملے کے ارکان اس بات کو یقینی بنائیں کہ طرزعمل کو ٹھیک کرنے کیلئے ایسی تیکنیک استعمال کریں جو مناسب ہوں۔ جہاں ممکن ہو، ابتداء میں کم پابندیوں والے اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور کسی اصلاحی اقدام سے طالبعلم کو غیرمعقول یا غیر ضروری طویل عرصہ کیلئے تعلیمی ماحول سے الگ نہ کیا جائے۔ جب طرزعمل کا معاملہ درست ہوجائے تو طالبعلم کی تعلیمی ماحول میں واپسی نہایت اہم ہے۔

طالبعلم کے رویے کو ٹھیک کرنے کیلئے، جب کم پابندیوں والے متبادل اقدامات ناکام ہوجائیں اور جب جسمانی پابندی اور تنہائی حفاظتی اقدامات بروئے کار لائے گئے ہوں اور طالبعلم خود اپنے آپ کو اور دوسروں کیلئے فوری خطرہ کا باعث ہو۔

## عملی طرزعمل کی جانچ (FBA) اور طرز عمل کا اصلاحی پلان(BIP):

جب ایک طالبعلم کا رویہ اس بات کی عکاسی کرتا ہو کہ وہ اس کی تعلیم وتدریس میں نمایاں طورپر رکاوٹ ڈال رہا ہو اور یا دوسرے طالبعلموں کی تعلیم کو متاثر کررہا ہو تو FBA کیا جاسکتا ہے اور BIP تشکیل دیا جاسکتا ہے۔ IEP ٹیم ایک FBA اورایک BIP ان طالبعلموں کیلئے وضع کرسکتی ہے جو خصوصی تعلیمی خدمات سے استفادہ کررہے ہوں۔ معذوری کے بغیر طالبعلم بھی طرزعمل کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں جس کے نتیجہ میں FBA اور BIP تشکیل دیئے جائیں گے۔ FBA کی تشکیل IEP ٹیم کرتی ہے اور متعلقہ منصوبہ نتائج پر مبنی ہوتا ہے۔

- FBA: جب ایک طالبعلم ایسا رویہ اختیار کرتا ہے جس سے اس کی تعلیم میں اور/ یا دوسروں کی تعلیم میں نمایاں طورپر مداخلت ہوتی ہے ، تو ایک ٹیم FBA کرسکتی ہے تاکہ مسئلہ پیدا کرنے والے طرز عمل کے فعل کے متعلق مفروضہ قائم کیا جاسکے۔ اعدادوشمار جمع کرنے کی ایک مدت کے بعد، FBA ایک BIP کی تشکیل کی جانب رہنمائی کرسکتا ہے۔

- BIP ایک ایسا منصوبہ ہے جو FBA کے بعد آتا ہے جس میں طرزعمل کی مثبت اصلاحات بروئے کار لائی جاتی ہیں اور یہ ایسے رویوں کی اصلاح میں معاونت کرتا ہے جو طالبعلموں کی تعلیم میں رکاوٹ ڈال رہے ہوتے ہیں، جو دوسروں کی تعلیم میں مداخلت کرتا ہے یا جس کیلئے انضباطی کارروائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

FBA کا مقصد مسئلہ پیدا کرنے والا طرز عمل کے فعل کے بارے میں مفروضہ قائم کرنا ہے (جو یہ ہے کہ طالبعلم کیسے رویے کو اپنی ضروریات پوری کرنے کیلئے استعمال کررہا ہے) ۔

ایک بار جب ٹیم مفروضہ قائم کرلے تو ٹیم کے ارکان مناسب متبادل رویوں کے متعلق غور کریں گے جو مسئلہ پیدا کرنے والا طرز عمل والے فعل کا کام سرانجام دے سکے۔ ٹیم کو طرزعمل کی اصلاح کے منصوبہ کا ایک مقررہ مدت کے اندراندر جائزہ لینا چاہیئے تاکہ اس امرکو یقینی بنایا جائے کہ اس پر ویسا ہی عمل کیا گیا ہے جیسا کہ اسے بنایا گیا تھا، اس پر پیش رفت کا جائزہ لیا جارہاہے اور ضرورت پڑنے پراس پر نظرثانی کی جائے۔ اصلاحات سماجی طورپر مناسب طرزعمل کو تقویت پہنچانے ، نئی مہارتیں سکھانے اور ضرورت پڑنے پر ہدایات کو تبدیل کرنے کیلئے وضع کی جاتی ہیں، تاکہ کلاس روم میں اور اسکول کے ماحول میں کامیابی کے تجربے سے ہمکنار ہو۔ ایک درست طور پر تشکیل دی گئی IEP ٹیم معذوری کے حامل طالبعلم کیلئے لازماً FBA منعقد کرے اور BIP وضع کرے جس کا رویہ اس کی اسکول سے نظم وضبط کی خلاف ورزی پر دس دنوں کیلئے ہٹانے پر منتج ہوا ہو،بشرطیکہBIP ٹیم نے یہ تعین کیا ہو کہ یہ رویہ طالبعلم کی معذوری کا مظہر ہے۔

## کیریئر اینڈ ٹرانزیشن پروگرامز اینڈ سروسز (CTS)

مڈل اور ہائی اسکول کے برسوں میں آپ کے طالبعلم کی ایک اسکول سے اسکول کے بعد کے آپشنز کی جانب منتقلی کی منصوبہ بندی آپ کے طالبعلم کے IEP عمل کا ایک اہم حصہ ہے۔ منتقلی کی منصوبہ بندی ایک مسلسل اور نتیجہ خیز عمل ہے جو معذوری کے حامل طالبعلموں، ان کے گھروالوں ، اسکول، بالغوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کے اہلکاروں اور کمیونٹی کے تعاون پر مبنی ہے۔

IDEA 2004 منتقلی کی خدمات کی تعریف کچھ یوں کرتا ہے کہ یہ ایک بچے کیلئے مربوط سرگرمیوں کا ایک مجموعہ ہوتا ہے جو:

- ایک نتیجہ خیز عمل کے اندر تشکیل دی گئی ہوتی ہیں جس میں معذوری کے حامل طالبعلم کی تعلیمی اور اطلاقی کامیابیوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے تاکہ طالبعلم کی اسکول سے اسکول سے آگے کی سرگرمیوں کی جانب حرکت، بشمول پوسٹ سیکنڈری تعلیم ، ووکیشنل تعلیم، مربوط ملازمت (بشمول معاون کردہ ملازمت) ، جاری تعلیم بالغاں، بالغوں کی خدمات، خودمختار زندگی یا کمیونٹی کی شرکت میں سہولت دی جائے۔

- ایک انفرادی طالبعلم کی ضروریات پر مبنی ہوتی ہیں ، جس میں طالبعلم کی خوبیوں ، ترجیحات اور دلچسپیوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

- ہدایات، متعلقہ خدمات، کمیونٹی کے تجربات، ملازمت میں ترقی اور - اسکول کے بعد دیگر بالغ زندگی کے مقاصد؛ اور اگر مناسب ہو تو ، روزمرہ زندگی کی مہارتوں کا حصول اور فعال پیشہ ورانہ تشخیص شامل ہیں۔ [پارٹ A, سیکشن602(34)]

اگلے مرحلے کی منصوبہ بندی ہر طالبعلم کے IEP کا ایک اہم جزو ہے۔ IDEA 2004 کو مندرجہ ذیل کی ضرورت ہے:

1. جب طالبعلم 16 برس کا ہوتا ہے یا کم عمر ہوتا ہے تو اس وقت سے لاگو پہلے IEP شروع ہونے کے بعد، اگر IEP ٹیم مناسب سمجھتی ہے اور سالانہ بنیاد پر اپ ڈیٹ کرتی ہے تو IEP میں مندرجہ ذیل شامل کی جائیں گی:

a. مناسب قابل پیمائش پوسٹ سیکنڈری اہداف ، جو عمر کی مناسبت سے منتقلی کی تشخیصوں پر مبنی ہوں، اورتربیت، تعلیم، روزگار اور جہاں

مناسب ہو، خودمختار زندگی گزارنے کی مہارتیں؛ اور

b. منتقلی کی خدمات ( بشمول پڑھنے کے کورسز ) جن کی طالبعلم کو ان اہداف تک پہنچنے کی ضرورت پیش آئے گی۔ سیکشن [614(d)(1)(A)(VIII)]

2. طالبعلم کی ریاست کے قانون کے تحت بلوغیت کی عمر سے ایک سال قبل، سے زیادہ دیر نہیں، ایک بیان کہ طالبعلم کو IDEA کے تحت اس کے حقوق سے آگاہ کردیا گیا ہے، اور وہ اسے منتقل ہوجائیں گے جب وہ سیکشن 615(m) کے تحت بالغ ہوجائے گا۔

FCPS، کی رُو سے ہر طالبعلم کے IEP میں اگلے مرحلہ کی طرف منتقلی کا منصوبہ شامل ہونا چاہیئے جو گریڈ 8 یا 14 سال کی عمر سے شروع ہو ، ان میں سے جو بھی پہلے واقع ہو۔ منتقلی کی منصوبہ بندی میں ہر طالبعلم کے پوسٹ سیکنڈری اہداف اور ان کے حصول کے اقدامات کے خاکے کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ منتقلی کی منصوبہ بندی کے خاکے میں دی گئی ، طالبعلم کی منتقلی کی ضروریات ، IEP کے مواد کو لے کر چلتی ہیں ، تاکہ گریجویشن تک، طالبعلم ان مہارتوں سے لیس ہوجائے جو ہائی اسکول کے بعد زندگی کے مواقع کو استعمال کرنے اور چیلنجوں سے نبردآزما ہونے کیلئے ضروری ہیں۔

جب منتقلی کی خدمات پر غور کیا جارہا ہوتا ہے، دو اضافی صفحات IEP میں شامل کئے جاتے ہیں۔ پہلے صفحہ (IEP-303) میں طالبعلم کی ترجیحات سے متعلق منتقلی کی تشخیص کی معلومات، مہارتیں، کیریئر اہداف، تعلیم ، تربیت ، روزگار کے سلسلہ میں قابل پیمائش پوسٹ سیکنڈری اہداف اور اگر مناسب ہو، خودمختار زندگی کی مہارتیں، اور اس کے ساتھ ساتھ کیریئر ، اپنی وکالت آپ کرنے اور خودمختار زندگی کی مہارتیں ، منتقلی کے اغراض ومقاصد میں شامل ہوتی ہیں۔ دوسرے صفحہ (IEP-304) ، میں اسکول اور منتقلی کی خدمات کی فہرست ہوتی ہے جن پر IEP میٹنگ میں غور کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر، IEP میٹنگ میں طالبعلم کے پوسٹ سیکنڈری اہداف پر اس کی موجودہ کارکردگی ، اس کے ڈپلومہ آپشنز ، اسکول کورس اور اعانت کی منصوبہ بندی، اور اسکول تعلیم مکمل کرنے کے بعد دستیاب خدمات کو مدنظر رکھ کر غور کیا جانا چاہیئے۔ IEP ٹیم کو اس وقت ، طالبعلم پرتوجہ مرکوز کرکے منصوبہ بندی کی مشق اپنانا چاہیئے۔

اس عمل کو طالبعلم کی خوبیوں پرتوجہ مرکوز کرنا چاہیئے اور طالبعلم کو بھی شامل کیا جائے۔ ایک بار طلبا وطالبات منتقلی کی عمر کو پہنچ جائیں، تو انہیں IEP میٹنگ میں شرکت کرکے ،جہاں تک ممکن ہو ،اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔

کارکردگی کا حتمی خلاصہ (SS/SE-210) اسکول میں فائنل ایئر کے دوران طالبعلم کے گریجویٹ ہونے کیلئے درکار ہے۔ یہ فارم IEP کا حصہ نہیں ہے، لیکن قانون کی رُوسے یہ لازم ہے کہ ، فارغ التحصیل ہونے والے طالبعلموں کو فراہم کیا جائے۔

منتقلی کی منصوبہ بندی کے عمل کی ایک زیادہ جامع وضاحت کیلئے ، براہ مہربانی Transition Toolkit for Parents ملاحظہ کیجیئے۔ یہ منتقلی کی خدمات کے سیکشن میں Instructional Services کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔ .https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/pdf/TransitionParentToolkit.pdf اس کی نقول PRC میں 703-204-3941 پر دستیاب ہیں۔

دفتر برائے کونسلنگ اور کالج اور کیرئیرکی تیاری میں، CTS منتقلی IEP کی تیاری میں مدد کرتا ہے اور طالبعلموں کو ایسے ماخذ اور مواقع فراہم کرتا ہے جو مختلف پوسٹ سیکنڈری آپشنز کی جانب منتقلی کیلئے ضروری ہوتے ہیں۔ تسلسل کے ساتھ تدریسی حکمت عملیوں، بین المضامین کے تدریسی عملے کے اشتراک ، ٹیکنالوجی کے استعمال، کمیونٹی میں دستیاب وسائل سے آگہی اور رسائی کی مدد سے کامیاب ٹرانزیشن حاصل کی جاتی ہے۔ کمیونٹیوں میں زیادہ سے زیادہ شراکت بڑھانے کے نقطہ نظر سے یہ سہولتیں طالب علموں کو خود مختاری، آزادانہ زندگی گذارنے، مزید تعلیم اور ملازمت کے حصول کی مہارتوں کی تشکیل میں مدد دیتی ہیں۔ CTS کی جانب سے پیش کی جانے والی خدمات میں درج ذیل شامل ہیں:

### کیریئر ایسسمنٹ خدمات

کیریئر ایسسمنٹ خدمات طالبعلم کی دلچسپیوں، رحجانات اور سیکھنے کے انداز کے ذریعہ کیریئر کے بارے میں واقفیت اوراگلے مرحلے کی منصوبہ بندی کو وسعت دیتی ہیں

**کیریئر کی جھلکیاں** اسٹاف کے ارکان دلچسپیوں ، کام کی ترجیحات اور مزاجوں کا پتہ چلانے کیلئے گروپ کی صورت میں مختصراً تشخیص کرتے ہیں۔ ان کے نتائج کیریئر آپشنزکی نشاندہی ، اسکول کیریئرسینٹر اور کمیونٹی میں دستیاب مواد اور ماخذ تک رسائی اورایک کیریئر ایکشن پلان وضع کرنے کیلئے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ کیریئر کی جھلکیاں طالبعلم کے اسکول میں تین دنوں تک وقوع پزیرہوتی ہیں۔ طلبا وطالبات منتقلی کی منصوبہ بندی میں استعمال کیلئے اپنی دلچسپیوں، کام سے متعلق خصوصیات، کام کی ترجیحات، خوبیوں اور کیریئر کے وسائل پر مبنی ایک مختصر پروفائل وصول کرتے ہیں۔

**کیریئر کا جامع جائزہ** ہائی اسکول کے طلبا وطالبات کی دلچسپیوں، صلاحیتوں اور رحجانات کی ایک گہری جانچ ہوتی ہے جس میں ہینڈز آن ورک ٹاسکس، پیپر اینڈ پینسل ٹیسٹس، کیریئر سے متعلق اشیاء اور کیریئر کی تلاش کی سرگرمیوں کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ مستند ووکیشنل ممتحن ایک جامع پڑتال مکمل کرتے ہیں اور طالبعلم، اسکول، اور والدین کو ایک جامع رپورٹ پیش کرتے ہیں جس میں اس جامع پڑتال کے نتائج اور اس کے ساتھ ساتھ منتقلی کی منصوبہ بندی کیلئے سفارشات کا خاکہ ہوتا ہے۔

**ہدف شدہ کیریئر کی جانچ** ایک انتہائی مخصوص طریقہ کارہے جس میں ایک فرد کی پیشہ ورانہ خوبیوں، دلچسپیوں ، مزاجوں اور رحجانات کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ ہدف شدہ جانچ نسبتاً ایک مختصر مدت کے دوران کی جاتی ہے تاکہ باقاعدہ کورس کے شیڈول میں سے نکالا جانے والا وقت کم کیا جاسکے جبکہ مؤثر پوسٹ سیکنڈری منصوبہ بندی کیلئے ضروری اہم معلومات حاصل کرنے کا کافی وقت پھر بھی میسرآجائے۔ ہدف شدہ جانچ میں شرکت کرنے والے طالبعلم ہدف شدہ سوالات کے جواب کیلئے دو دنوں میں متعدد جانچ پڑتال کو مکمل کریں گے۔ وسائل کے ماخذ کیریئر اسیسمنٹ سینٹرز میں واقع ہیں، جس میں اصل اور نقلی ہینڈز آن ورک نمونے ، دلچسپیاں/ مزاج کے سروے، کیریئر کی دریافت اور آگہی کے آلات ، اور/ یا پیپر پینسل اسیسمنٹس شامل ہیں

**دلچسپیوں اور رجحانِ طبع کی اسکریننگ:** CareerScope اسیسمنٹ ، رحجانات، کام سے متعلق اور پیشہ ورانہ دلچسپیوں اور ریاضی اور زبان و فنون میں تعلیمی صلاحیتوں کے متعلق ایک فوری کیریئر اسیسمنٹ فراہم کرتا ہے۔ ایک کمپیوٹر سے تخلیق کردہ رپورٹ طلبا وطالبات کو اسکول میں اور گریجویشن کے بعد فیصلہ سازی میں مدد کرتی ہے اور اس میں مزید ہائی اسکول کورس ورک، پوسٹ سکینڈری تعلیم یا تربیت کے انتخاب اور ملازمت شامل ہوتے ہیں۔

**پوسٹ سیکنڈری ری ہیبلی ٹیشن ٹرانزیشن (PERT) اسیسمنٹ** کو ورجینیا کے محکمہ ہائے تعلیم و بحالئی خدمات مِل جُل کر Wilson Workforce Rehabilitative Center in Fishersville, Virginia میں چلاتے ہیں۔ PERT معذوری کے حامل نوجوانوں کو اپنی انفرادی خوبیوں اور صلاحیتوں کو دریافت کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے تاکہ انہیں پیشہ ورانہ جانچ کے ذریعہ ایک پانچ سے دس روزہ اسیسمنٹ کے ذریعہ منتقلی کی خدمات کی منصوبہ بندی میں مدد ملے اور اس کے ساتھ خودمختار زندگی ، رہائشی اورتفریحی مہارتوں کی جانچ ہو۔

ورجینیا میں ہر اسکول ڈویژن کو ان خدمات تک رسائی کا ایک محدود موقع میسر ہے۔ نوجوان کو اہلیت کی خاص شرائط پوری کرنا لازم ہیں اور اسے کم از کم 16 سال عمر اور اسکی ہائی اسکول کی تعلیم کا کم ازکم ایک سال اورباقی ہونا چاہیئے۔

ضرورت پڑنے پر ، طلبا وطالبات اپنے آخری دو سالوں میں ضمنی فالواپ اسیسمنٹس کیلئے واپس آسکتےہیں۔ IEP ٹیم کو ایک جامع رپورٹ فراہم کی گئی ہے جس میں منتقلی کی منصوبہ بندی کیلئے سفارشات شامل ہیں۔ اضافی معلومات اس ویب سائٹ پر ، ملاحظہ کی جا سکتی ہیں https://www.wwrc.net/PERT.htm

## CTS کورس کی پیشکش

**کام کے بارے میں آگہی اور منتقلی(WAT):** دریافتوں کا یہ کورس معذوری کے حامل طالبعلموں کیلئے منتخب مڈل اسکولوں میں پیش کیا جاتا ہے اور خصوصی تعلیم کے تمام طالبعلموں کیلئے ہائی اسکول کی سطح پردستیاب ہے۔ WAT طالب علموں کو ملازمت قائم رکھنے میں مدد دینے والے ہنر کے بارے میں آگہی اور تجربہ دینے کے ساتھ ساتھ ذاتی دلچسپیوں اور فطری میلان کی بنیاد پرکیریئر کے اہداف طے کرنے کے قابل بناتا ہے۔

**ملازمت کیلئے تعلیم (EFE):** یہ کلاس دراصل کیریئر اور فنی تعلیم (CTE) کیریئر کنیکشنز کورس ہے۔ EFE طلبا وطالبات کو، جب وہ اسکول سے منتقل ہورہے ہوتے ہیں، کیریئر اور تعلیم جاری رکھنے کے متعلق باخبرفیصلے کرنے ، فنی مہارتیں حاصل کرنے اور کام کی جگہ پر اپنے آپ کو ڈھالنے کے بارے میں پڑھاتا ہے ۔ طلبا وطالبات کو اخلاقی رویے اور کیریئر کے متعلق تحقیق، ملازمت حاصل کرنے، کام کی جگہ پر بات چیت، خود شناسی، اپنی وکالت کرنے ، صارف کی خدمت اور زندگی کی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔ طالبعلم اس کورس کے ایک حصہ کے طورپر کمیونٹی میں کام کرنے کے تجربے میں بھی شرکت کرسکتے ہیں۔

**دفتر میں روزگار سے متعلق تعلیم (EFEO):** چارعلاقائی مقامات پرپیش کیا جانیوالا یہ کورس طلبا وطالبات کو، جب وہ اسکول سے منتقل ہورہے ہوتے ہیں، کیریئر اور تعلیم جاری رکھنے کے متعلق باخبرفیصلے کرنے ، فنی مہارتیں حاصل کرنے اور کام کی جگہ پر اپنے آپ کو ڈھالنے کے بارے میں پڑھاتا ہے ۔ طلبا وطالبات کو اخلاقی رویے اور کیریئر کے متعلق تحقیق، ملازمت حاصل کرنے، کام کی جگہ پر بات چیت، خود شناسی، اپنی وکالت کرنے ، صارف کی خدمت ، مائیکروسافٹ آفس ایپلیکیشنز ، گوگل ایپس برائے تعلیم ، بنیادی کوڈنگ سکھائی جاتی ہیں اوروہ کسی اسکول کے دفتر میں یا کمیونٹی کے کاروبار میں کام کیلئے ضروری اسائنمنٹس کرتے ہیں۔

**اسپیشل کیریئر سینٹرز:** S. John Davis Career Center اورEarl L. Pulley Career Center معذوری کے حامل 18 سے 22 سال کے طلباوطالبات کو کیریئر اور خودمختار زندگی گزارنے کی مہارتوں کی تعلیم دیتے ہیں۔

**سیکنڈری ٹرانزیشن ٹو ایمپلائمنٹ پروگرام (STEP):** یہ ایک مشترکہ کاوش ہے جہاں 18 سے 22 سال کی عمر کے طالبعلم کمیونٹی کے اندر ایک حقیقی کام کے ماحول میں کیریئر کی تربیت میں شرکت کرتے ہیں۔ کام کی مہارتیں سیکھنے کے علاوہ، طالبعلم اطلاقی اکیڈیمکس، اپنی وکالت آپ کرنے اور خودمختار زندگی کی مہارتوں کی بھی تعلیم حاصل کرتےہیں۔

فی الوقت، FCPS کے چار STEP مقامات ہیں:

- Chantilly High School
- Marshall High School/Davis Career Center
- Mount Vernon High School
- South Lakes High School

ان پروگراموں کے ذریعہ دی جانے والی کام پر مبنی تعلیم طالبعلموں کو قابل قدر مہارتیں اور علم سے آراستہ کرتی ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ کاروبار کے ماحول میں متعلقہ عملی تجربہ بھی حاصل ہوتا ہے۔

پیش کئے جانے والے کورس کے بارے میں مزید معلومات کیلیئے، براہ مہربانی یہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services/career-instruction

### کام کا تجربہ اور منتقلی میں اعانت

**روزگار اور منتقلی کی خدمات:** روزگار اور منتقلی کی خدمات کے نمائندے (ETRs) طالبعلموں کو سیکنڈری سے پوسٹ سیکنڈری ماحول میں منتقلی میں معاونت اورمدد فراہم کرتے ہیں۔ (ETRs) طالبعلموں، عملے کے ارکان ، والدین اور کمیونٹی کیلئے اسکول میں کام کرنے والے منتقلی کے وسائل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ IDEA اورڈسٹرکٹ سطح پرایک گریجویٹ کی مثالی تصویرمنصوبہ کے مطابق کیریئرکے فروغ اور کالج کی تیاری کیلئے تدریس، کمیونٹی تجربات، روزگارمیں معاونت اور منتقلی کی تشخیص پیش کرتے ہیں۔

ETRs تمام ایف سی پی ایس ہائی اسکولوں، اسپیشل کیریئر سینٹرز اور متبادل تعلیم کے ہائی اسکولوں میں تعینات کئے جاتے ہیں۔

**کام پر مبنی تعلیم:** یہ تجربات کے تسلسل پر مشتمل ہوتا ہے جو طالبعلموں کو قیمتی مہارتیں اور علم مہیا کرتا ہے جبکہ حقیقی کام کی صورتحال میں متعلقہ ، عملی تجربہ بھی حاصل ہوتا ہے۔ یہ تجربات منفرد ہوتے ہیں اور کیریئر کے بارے میں آگہئی، کیریئر کی تلاش اور کیریئر کی تیاری وتربیت پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

**ملازمت کوچ کی خدمات:** یہ اس طرح ترتیب دی گئی ہیں کہ طالب علم کسی کی مدد کے بغیر کام کرنے میں کامیابی حاصل کریں۔ جاب کوچ معذوری کے حامل طالب علموں کی مدد کرتے ہیں، جن میں آزادانہ ملازمت کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے، لیکن کامیابی کیلئے مخصوص نوعیت کی، کم مدت کی ایسی تربیت اور مدد کی ضرورت ہوتی ہے جو کام کے دوران فراہم کی جائے۔

**ٹرانزیشن ریسورس سروسز:** سینٹرل آفس ٹرانزیشن اسپیشلسٹس اور ریسورس ٹیچرز فراہم کرتا ہے جو والدین، طلباو طالبات اور اسکول کے عملے کو منتقلی، بالغوں کی سہولیات اور پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے متعلق معلومات، وسائل اور تربیت دیتے ہیں ۔ جن شعبوں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے ان میں نصاب کی تشکیل، تربیت، منتقلی کی منصوبہ بندی، خود ارادیت، پوسٹ سیکنڈری روابط، پروگرام کی جانچ اور گریجویٹس کا سروے شامل ہیں۔

**بالغوں کی سہولیات کی طرف منتقلی:** CTS علاقائی انٹر ایجنسی ٹرانزیشن ٹیم میں شرکت کرتا ہے اور ورجینیا ڈیپارٹمینٹ آف ایجینگ اینڈ ری ہیبی لیٹیٹو سروسز (DARS) اور فیئر فیکس-فالز چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ (CSB) کے ساتھ 25 برسوں

سے زائد سہ فریقی تعاون کا سمجھوتہ ہے۔ اس سمجھوتہ کا مقصد ایجنسیوں کے درمیان تعاون اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہے جس سے معذوری کے حامل طالبعلموں کیلئے منتقلی کی خدمات مؤثر طریقے سے فراہم کی جائیں اور انہیں مفید ملازمت، پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور کمیونٹی کی زندگی میں شامل ہونے کا موقع میسر آئے۔

DARS طالبعلموں کی معاونت کرتا ہے جب وہ ہائی اسکول سے کام کی دنیا اور بالغ زندگی کی جانب منتقل ہورہے ہوتے ہیں۔ وہ ملازمت سے متعلق متعدد خدمات اور وسائل فراہم کرتے ہیں جن میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتی ہیں: کیریئر کونسلنگ، ووکیشنل جانچ پڑتال، ملازمت میں تقرری اور تربیت اور معاون ٹیکنالوجی۔ متوقع کلائنٹس کو لازماً ورجینیا کا رہائشی ہونا چاہیئے، DARS کی اہلیت کے معیار پر پورا اترنا چاہیئے، اور ریاستہائے متحدہ امریکہ میں قانونی طور پر کام کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے۔ بعض DARS سہولیات کیلئے مالی شراکت کی ضرورت ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں ، DARS نوجوان طالبعلموں کو اسکول سے باہر پری ایمپلائمنٹ اور منتقلی کی خدمات مہیا کرتا ہے۔

CSB ایک عوامی ادارہ ہے جو فیئر فیکس کاؤنٹی اور فیئر فیکس اور فالس چرچ کے شہروں کے باسیوں کو سہولیات فراہم کرتی ہے جو ذہنی امراض، منشیات کے استعمال کی لت اور/ یا نشوونما کی معذوری کا شکار ہیں۔ CSB نشوونما میں تاخیر کا شکار نوزائیدہ اور ننھے بچوں کیلئے ابتدائی اصلاحات کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔ CSB عملہ FCPS کے تعاون سے ایسے طالبعلموں اور ان کے گھر والوں کی ، جو ہائی اسکول سے بلوغت کی زندگی کی طرف منتقل ہورہے ہوتےہیں، کیس مینیجمنٹ، ملازمت اور دن کی خدمات، رہائشی سہولیات،بحران میں اعانت اور طبی وطرزعمل سے متعلق خدمات کی فراہمی کے ذریعہ ، مدد کرتا ہے۔

مزید معلومات کیلئے، آفس آف کیریئر اینڈ ٹرانزیشن سروسز سے 4150 -423-571 پررابطہ کیجیئے یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services

**منتقلی کے آلات**

**والدین کیلئے منتقلی کے آلات کی کِٹ:** یہ دستاویز FCPS میں منتقلی سے متعلق وسائل کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ FCPS ویب سائٹ پر ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے: https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/pdf/TransitionParentToolkit.pdf. نقول PRC پر دستیاب ہیں۔ ایک ہسپانوی نسخہ بھی آن لائن دستیاب ہے۔

**اپنی وکالت کے آلات :** نصاب کے ان ماڈیولز کے سیٹ، جنہیں FCPS کے سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز نے وضع کیا ہے، طالبعلموں کو ان کے منتقلی کی منصوبہ بندی کے عمل میں فیصلہ ساز بننے اور اپنے اہداف کے حصول کیلئے اپنی وکالت کرنا سکھاتا ہے۔ یہ نصاب چار یونٹس پر مشتمل ہے: *اپنی وکالت کو سمجھنا، اپنی خوبیوں اور خامیوں کو جاننا، میرے منتقلی کے منصوبہ میں شرکت کرنا*، اور *میری IEP میٹنگ کی قیادت کرنا*۔ ایک اضافی اسٹینڈ الون یونٹ *منتقلی کیلئے میرے اقدامات* ایسے طالبعلموں کیلئے بنایا گیا ہے جنکی پڑھنے کی صلاحیت بڑی محدود ہے۔

**میرا ارادہ پکا ہے:** *میرا ارادہ پکا ہے* پراجیکٹ کیلئے مالی اعانت VDOE نے کی ہے، اور اپنے عزم وارادے والے رویے سے منسلک مشقی مہارتوں کے متعلق ، براہ راست پڑھانے، ماڈلز اور مواقع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ *میرا ارادہ پکا ہے* مدرسین ، والدین اور نوجوانوں کو IEP عمل میں طالبعلموں کی شمولیت میں اضافہ کرنے اور اپنی وکالت کا مظاہرہ کرنے کیلئے وسائل فراہم کرتا ہے۔ نوجوانوں اور والدین کی ایک سربراہ کانفرنس ہرسال جون کے مہینے میں منعقد ہوتی ہے۔ مزید معلومات اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: https://www.imdetermined.org/.

**کیریئر پورٹ فولیو** اس کو ہر طالبعلم کی خصوصی تعلیم کی فائل میں شامل کیا جانا چاہیئے، جو پہلی IEP منتقلی کے آغاز کے وقت شروع ہوتا ہے۔ یہ طویل مدت منصوبہ بندی میں آسانی پیدا کرتا ہے اور ہر طالبعلم کی گریجویشن یا اس کے اسکول پروگرام مکمل ہونے سے قبل، کارکردگی کا حتمی خلاصہ مکمل کرنے کیلئے منتقلی کے بارے میں اہم معلومات جمع کرنے کیلئے ایک اچھا مقام ہے۔

## منتقلی کی تقریبات

ہر سال CTS طالبعلموں، والدین اور عملے کے ارکان کو منتقلی کے عمل اور پوسٹ سیکنڈری آپشنز کے بارے میں متعدد تعلیمی مواقع فراہم کرتا ہے ۔ یہ تقریبات ہر عمر کے طالبعلم کیلئے کھلی ہوتی ہیں اور اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ والدین تمام دستیاب آپشنز کے متعلق جلد ازجلد علم حاصل کریں۔ ان تقریبات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے CTS کی ویب سائٹ یا PRC سے رجوع کیجیئے۔

## منتقلی کی منصوبہ بندی کیلئے مشورےاور حکمت عملیاں

1. مستقبل کے حوالہ سے غورکیجیئے۔

یہ سوچیئے کہ آپ کا طالبعلم اپنی بلوغت کے ابتدائی سالوں میں کہاں جانا چاہتا ہے اور وہاں پہنچنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کی بالعکس منصوبہ بندی کیجیئے مستقبل پرمبنی اندازفکر آج کے اسکول ورک کا کل کے نتائج سے تعلق کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ انداز فکر طالبعلموں کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ یہ دیکھیں کہ کیا مکمل کیا جانا چاہیئے، ممکنہ رکاوٹوں کی پیش بندی کی جائے اور منصوبے شروع کیئے جائیں اور رکاوٹوں کو کیسے عبور کیا جائے۔

2. منتقلی کی منصوبہ بندی جلد ازجلد شروع کی جائے اور اس کا سالانہ جائزہ لیا جائے۔

منتقلی کی مؤثرمنصوبہ بندی کی کلید طویل المدت منصوبہ کو جلدی شروع کرنا اور سال میں ایک بار منصوبہ کا جائزہ لینا کہ آیا یہ بامقصد ہے۔

3. نظرثانی، نظرثانی، نظرثانی۔

منتقلی کی منصوبہ بندی جلد شروع کرنے اور منصوبوں پر باقاعدگی سے نظرثانی سے طالبعلم اور ان کے گھر والے منصوبہ کی مناسبت ہونے کا جائزہ لینے کے قابل ہوتے ہیں اور جوں جوں طالبعلم گریجویشن کے قریب پہنچتا جاتا ہے اپنے اہداف کو بہتر سے بہتربناتا جاتا ہے۔ واضح اور حقیقت پسند اہداف تشکیل دینا بعض طالبعلموں کیلئے ایک عمل ہوسکتا ہے لیکن یہ IEP ٹیم کی رہنمائی سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

نسبتاً نوجوان طالبعلموں کیلئے، یہ اہم ہے کہ عمل پر توجہ مبذول کریں نہ کہ ایک حقیقت پسندانہ نتیجہ نکلنے کے متعلق زیادہ پریشان ہوں۔ طالبعلم اپنے اہداف میں ردوبدل کرسکتے ہیں اور اپنے کیریئر کے بارے میں اپنے انتخاب کو کئی بار تبدیل کرسکتے ہیں۔

## کیریئر سے متعلق ہدایات

معذوری کے حامل طلبا وطالبات کیریئر اور فنی تعلیم کے ان مواقع میں دلچسپی لے سکتے ہیں جو خصوصی تعلیم کے کورسز نہیں ہیں۔

ہائی اسکول اکیڈمی ایک ایسا مرکز ہوتی ہے جو ہائی اسکول کے اندر واقع ہوتی ہے اور اعلیٰ فنی اور خصوصی کورسز پیش کرتی ہے جس میں پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور/ یا کیریئر فیلڈ کیلئے کیریئر اور علمی تیاری کامیابی سے باہم مربوط کردی گئی ہیں۔ اکیڈمی کے اختیاری مضامین میں داخلہ لینے والے طالبعلم کو ایسے مواقع فراہم کئے جائیں گے جن سےوہ کیریئر کے متعدد تجربات ، بشمول شیڈوئنگ، رہنمائی اور/ یا انٹرن شپس سے گزر سکیں گے۔ ہائی اسکول کی اکیڈمیز Chantilly High School, Edison High School, Fairfax High School, Falls Church High School, Marshall High School, اور West Potomac High School میں واقع ہیں۔ ان مقامات پر، اکیڈمی سپورٹ ٹیچرز معذوری کے حامل طلبا وطالبات اور عملے کے ارکان کو امتیازی تدریس اور سہولیات کے متعلق اعانت کرتے ہیں جس سے کلاسز میں کامیاب شرکت میں مدد ملتی ہے۔

اکیڈمیز کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ملاحظہ کیجیئے.https://www.fcps.edu/node/33835

اکیڈمی کی امدادی ٹیموں (CTS) کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ملاحظہ کیجیے: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services/academy.

## ورجینیا کے احتساب نظام میں ایسے طالبعلموں کی شرکت جو خصوصی تعلیمی خدمات سے استفادہ کرتے ہیں

دولت مشترکہ ورجینیا میں معذوری کے حامل طالب علموں میں وہ طالبعلم بھی شامل ہوتے ہیں جن کی IDEA 2004 اورترمیم شدہ Rehabilitation Act of 1973 کی دفعہ 504 کے تحت شناخت کی گئی ہو۔ IDEA اور اس کا انتظام وانصرام کرنے والی ریاست اوروفاقی قوانین کی رُو سے لازم ہے کہ معذوری کے حامل تمام طالبعلم ریاست کے احتسابی نظام میں شرکت کریں۔ خاص طورپر، معذوری کے حامل طلبا وطالبات سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان تمام شعبہ ہائے مضمون میں شرکت کریں جو معذوری کے بغیر طالبعلموں کو میسر ہوتے ہیں۔

IDEA کے تحت شناخت کئے گئے معذوری کے حامل تمام طلبا وطالبات کیلئے، IEP ٹیم تعین کرے گی کہ یہ طالبعلم احتسابی نظام میں کیسے شرکت کریں۔ Rehabilitation Act of 1973 ترمیم شدہ کی دفعہ 504 کے تحت شناخت کئے گئے طلبا وطالبات کیلئے، 504 کمیٹی طے کرتی ہے کہ طالبعلم کیسے شرکت کریں گے۔ ورجینیا میں، معذوری کے حامل طلبا وطالبات کے پاس ریاست کے احتسابی نظام میں شرکت کیلئے متعدد آپشنز موجود ہوتے ہیں۔ وہ سہولیات کے ساتھ یا بغیر، Standards of Learning (SOL) اسیسمنٹس میں شرکت کرسکتے ہیں۔

وہ طالبعلم جو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مجموعی طورپر12 مہینوں سے کم عرصہ اسکول گئے ہوں، اور وہ جنہوں نے ابھی تک انگریزی میں مناسب سطح کی مہارت حاصل نہیں کی، انہیں بدستور استثنیٰ یا خصوصی سہولیات کے استعمال کا انتخاب حاصل رہے گا۔ اُن طالبعلموں کیلئے، جن کی دوہری شناخت کی گئی ہو کہ وہ محدود انگریزی کی استعداد اورمعذوری کے حامل ہیں،اسیسمنٹس کے فیصلے IEP ٹیم یا 504 کمیٹی English Speakers of Other Languages (ESOL) کے استاد کی رائے سے، کرے گی، اس لئے تمام مناسب اسیسمنٹس اور سہولیات مدنظر رکھی جاسکتی ہیں۔

طالبعلم احتساب اور اسیسمنٹ کے نظام میں متعدد طریقوں سے شرکت کرسکتے ہیں۔ بعض طلبا وطالبات SOL اسیسمنٹس میں شرکت کیلئے کوئی سہولیات استعمال نہیں کرتے، اور بعض وہی سہولیات استعمال کرتے ہیں جو وہ کلاس روم کے ماحول میں برت رہے ہوتے ہیں۔ IEP ٹیم کو مخصوص سہولیات کے بارے میں بحث کرنی چاہیئے اور سہولیات کے متعلق فیصلےکرتےوقت طالبعلم کی کارکردگی کے شواہد اور طالبعلم کی معذوری کا مخصوص اثر مدنظر رکھنا چاہیئے۔ VDOE نے ایک مخصوص پیمانہ طے کردیا ہے کہ کون سا طالبعلم مطالعہ اور ریاضی کی اسیسمنٹس میں مخصوص سہولیات استعمال کرسکتا ہے، اور IEP ٹیم یا 504 کمیٹی کو لازماً اُن شواہد کا جائزہ لینا چاہیئے کہ طالبعلم اُس پیمانے پر پورا اترتا ہے قبل اس کے کہ یہ نشاندہی کی جائے کہ سہولیات کوSOL کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ہائی اسکول میں طلبا وطالبات کو ایک اسٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ ڈپلومے کیلئے تصدیق شدہ کریڈٹس حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تصدیق شدہ کریڈٹ اُس وقت ملتا ہے جب طالب علم ایک کورس پاس کرتا ہے اور اس سے متعلق کورس کے خاتمے کا اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) ٹیسٹ پاس کر لیتا ہے ۔ معذوری کے حامل اہل طلباء اسٹینڈرڈ ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیئے کریڈٹ سہولیات استعمال کرسکتے ہیں۔

کریڈٹ کی سہولیات معذوری کے حامل طلبا و طالبات کو معیاری اور تصدیق شدہ کریڈٹس حاصل کرنے کیلئے متبادل فراہم کرتے ہیں جو اسٹینڈرڈ ڈپلومہ کی گریجویشن کیلئے مطلوب ہوتے ہیں۔ کریڈٹ سہولیات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، طلبا

و طالبات کا طالب علم کی IEP ٹیم یا 504 کی باخبرکمیٹی کی طرف سے اہل پایا جانا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیئے درج ذیل سے رجوع کیجیئے:
https://www.doe.virginia.gov/instruction/graduation/credit_accommodations.shtml اور https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/SpecialEducationGraduationRequirementsEnglish.pdf

شعور کی نمایاں معذوری کے حامل طالبعلم ورجینیا آلٹرنیٹیو اسیسمنٹ پروگرام (VAAP) استعمال کرتے ہوئے ریاست کے اسیسمنٹ پروگرام میں شرکت کرسکتے ہیں۔ VAAP طالبعلموں کی کامیابیوں کو Aligned Standards of Learning (ASOL) پر پرکھتا ہے۔ ASOLs تمام طالبعلموں کیلئے استعمال ہونے والے SOLs پرمبنی ہوتے ہیں؛ تاہم ASOLs میں کم گہرائی، چوڑائی اور پیچیدگی ہوتی ہے اور ان کے ساتھ گریڈ لیول منسلک نہیں ہوتے۔ VAAP اسیسمنٹ صرف خصوصی تعلیم کے طالبعلموں اور ان طلبا وطالبات کو دستیاب ہوتی ہے جو اطلاقی تعلیمی ڈپلومہ کیلئےکام کررہے ہوتے ہیں۔ VAAP ان طالبعلموں کیلئے دستیاب ہے جو گریڈ 3سے 8 تک اور ہائی اسکول میں متعلم ہیں۔ اسکول ڈویژن کے پاس یہ آپشن ہے کہ مطلوبہ VAAP شعبہ مضمون کو صرف گریڈ 11 میں جمع کرانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے یا ایسا شیڈول وضع کرے جس میں گریڈ 9، 10، یا 11 میں ایک یا زیادہ شعبہ مضمون جمع کرائے جاتے ہیں۔

## والدین کی جانب سے نجی اسکولوں میں داخل کئے گئے بچے

والدین اپنے خرچہ پر اپنے بچوں کو نجی اسکول میں داخل کراسکتےہیں یا اپنے بچے کو گھر میں تعلیم دے سکتے ہیں۔ اسکول ڈویژن والدین کی جانب سے یکطرفہ طورپر بچوں کو نجی اسکول میں پڑھانے کےاخراجات دینے کا پابند نہیں ہے، اگر ڈویژن نے بچے کیلئے FAPE کی دستیابی کا بندوبست کردیا تھا۔ وفاقی اور خصوصی تعلیم کے قوانین کا پبلک اسکول ڈویژن کی Child Find کی ان ذمہ داریوں پر اطلاق ہوتا ہے ،جن میں ایسےبچوں کی تلاش ، نشاندہی اورجانچ پڑتال کرنا ہے جو نجی اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں، لیکن معذور ہوسکتے ہیں اور انہیں خصوصی ہدایات کی ضرورت ہے۔ بچے کی تلاش اور اس بات کے تعین کا عمل کہ آیا ایک طالبعلم خصوصی تعلیم کا اہل ہے ، بالکل اس عمل کی طرح ہے جس کا اطلاق FCPS میں داخل ہونے والے طالبعلم پر کیا جاتا ہے۔ یہ عمل ایک ریفرل سے شروع ہوتا ہے۔ جب فیئر فیکس کاؤنٹی میں واقع ایک نجی اسکول یا فیئر فیکس کاؤنٹی کے گھر میں زیر تعلیم طالبعلم کی کی خاطر ایک ریفرل بھیجا جاتا ہے ، تو LSC کو فوری طور پر طلب کیا جانا چاہیئے تاکہ ریفرل کا جائزہ لیا جائے۔ اگر محولہ بالا طالبعلم فیئر فیکس کاؤنٹی کا رہائشی ہے اور فیئر فیکس کاؤنٹی میں ایک نجی اسکول میں زیرتعلیم ہے ، LSC طالبعلم کےFCPS بیس اسکول میں ریفرل موصول کرے گی اور اس پر کارروائی کرے گی۔ اگر محولہ بالا طالبعلم فیئر فیکس کاؤنٹی سے باہر رہائش پزیر ہے اور فیئر فیکس کاؤنٹی میں ایک نجی اسکول میں زیرتعلیم ہے ، LSC طالبعلم کے نجی اسکول کے قریب ترینFCPS اسکول میں ریفرل موصول کرے گی اور اس پر کارروائی کرے گی۔ طالبعلم کیلئے لازم ہے کہ وہ اسکول میں رجسٹر کرائے کیونکہ رجسٹریشن سے ایک شناختی نمبر میسر آجاتا ہے جو کیس شروع کرنے اور ڈیٹا مینجمنٹ کے لئے درکار ہوتا ہے۔

رجسٹریشن کا یہ مطلب نہیں ہے کہ طالبعلم کا نام FCPS کے اسکول میں داخل ہونے کیلئے درج ہوگیا ہے۔

جیسا کہ خصوصی تعلیم کے ریفرلز میں ہوتا ہے، LSC ریفرل کی موصولی کے دس کاروباری دنوں کے اندر بلائی جائے گی تاکہ طالبعلم کے بارے میں تمام معلومات کا، بشمول والدین کی فراہم کردہ اور نجی اسکول سے کامیابیوں کی رپورٹوں ، جائزہ لیا جائے۔ والدین کی رضا مندی سے، یہ مناسب ہے کہ نجی اسکول کے عملے کے ارکان کو LSC میٹنگ میں مدعو کیا جائے۔ اگر LSC اس بات کا تعین کرتی ہےکہ خصوصی تعلیم کی جانچ پڑتال کیلئے کافی شواہد موجود ہیں ، والدین کی رضامندی حاصل کرنے، جانچ پڑتال مکمل کرنے اور اہلیت کا تعین کرنے کا عمل اس طریقہ کار سے ہم آہنگ ہے جو اس مینوئل میں خصوصی تعلیم کے عمل کے سیکشن میں اپنایا گیا تھا اور قبل ازیں زیر بحث لایا گیا تھا۔

اگر طالبعلم خصوصی تعلیم کا اہل پایا گیا ، اسکول کے عملے کے ارکان طالبعلم کو دستیاب خدمات کےمختلف آپشنز کے بارے

میں غور کریں گے۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کے رہائشیوں کیلئے، ایک IEP ترتیب وتجویز کیا جاسکتا ہے جس میں ان خدمات اور داخلے کی صراحت کی جائے گی جو آپ کے بچے کوFAPE ملنے کیلئے ضروری ہے ، بشرطیکہ آپ کا بچہ FCPS میں داخل ہوجائے۔ اگر آپ طے کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کا نجی اسکول میں داخلے کو برقرار رکھا جائے ، تو مناسب ہوگا کہ ایک انفرادی خدمت کا منصوبہ (ISP) تشکیل دیا جائے۔ ایک (ISP) کے آپشن زیر غور لایا جاسکتا ہے اگر آپ کے بچے کو بول چال اور زبان ، بصارت، پیشہ وارانہ تھیراپی اور/ یا فزیکل تھیراپی سے متعلقہ سہولیات کی مجوزہ IEP میں ضرورت ہے۔ اسکول ٹیم اس بات کا تعین کرے گی کہ والدین کی جانب سے نجی اسکول میں داخل کرائے گئے معذوری کے حامل بچے کو اسکول ڈویژن کی جانب سے تیارکردہ رہنما اصولوں کی روشنی میں کیسے، کہاں اور کون یہ متعلقہ خدمات فراہم کرے گا۔

ہر سال، ایسے بچوں کے والدین سے، جو ISP کے ذریعہ خدمات سے مستفید ہورہے ہیں، اسکول ڈویژن رابطہ کرے گا تاکہ یہ تعین کرسکے کہ آیا والدین اپنے بچے کو ڈویژن میں داخل کرانا چاہتے ہیں تاکہ اسے خصوصی تعلیمی پروگرام اور IEP میں پیش کی جانے والی خدمات مہیا کی جائیں۔ اگر نہیں ، ISP جاری رکھا جاسکتا ہے، اگر مناسب ہو۔ بچے کا ہر تین سال کے بعد دوبارہ جائزہ لیا جائے گا تاکہ یہ تعین ہوسکے کہ آیا وہ خصوصی تعلیم کی خدمات کا بدستور اہل ہے۔

*یہ جاننا اہم ہے کہ نجی اسکول اور ہوم اسکول میں زیر تعلیم معذوری کے حامل طالبعلموں کو خصوصی تعلیم کی وہ تمام یا کچھ سہولیات کا حق نہیں حاصل ہے جو ایک پبلک اسکول میں پڑھنے والے طالبعلموں کو حاصل ہوتی ہیں۔*

وہ طالبعلم جو فیئر فیکس کاؤنٹی کے رہائشی ہیں اور کسی ایسے نجی اسکول میں زیر تعلیم ہیں جو فیئر فیکس کے علاوہ کسی اور کاؤنٹی میں واقع ہے ، وہ اس کاؤنٹی کے Child Find گائڈ لائنز کے تحت آتے ہیں اور اگر وہ خصوصی تعلیم کے اہل پائے جائیں تو وہ اس اسکول ڈویژن سے ISP خدمات حاصل کرسکتے ہیں جہاں وہ نجی اسکول واقع ہو۔

## نظم وضبط اور معذوری کے حامل طالبعلم

طلباوطالبات کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ (Regulation 2601) ہر اسکول سال کے آغاز پر گھروں میں بھیجا جاتاہے۔ https://www.fcps.edu/srr/. اس کتابچہ میں ایک سیکشن ہے جس کا عنوان، Guidance for Parents of Students with Disabilities Regarding Virginia Regulations Related to Student Discipline ہے۔ زیادہ تر واقعات میں معذور طلباء کو اسی طریقے سے نظم و ضبط میں لایا جا سکتا ہے جو طریقہ غیر معذور طلباء کے لیئے اپنایا جا تا ہے۔ مثال کےطورپر ، ایک طالبعلم کو مختصر عرصہ کیلئے معزول کردیا جاتا ہے، بشرطیکہ اس معزولی سے داخلہ میں تبدیلی نہ آئے۔ داخلے میں تبدیلی اس وقت رونما ہوتی ہے جب طالبعلم کو مسلسل 10 دنوں سے زیادہ عرصہ کیلئے معزول کیا جاتا ہے یا ایک اسکول سال کے دوران متعدد بار دس دنوں سے زیادہ عرصہ کیلئے معزول کیا جاتا ہے جس میں ایک عادت یا روایت کارفرما نظرآتی ہے۔

اگرایک طالبعلم جو خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتا ہے، ایک اسکول سال میں دس دن یا زیادہ دنوں کیلئے معزول کیا جاتا ہے ، FCPS بدستور خدمات فراہم کرتا رہے جو طالبعلم کو نصاب اور اپنے IEP اہداف کی جانب پیش رفت کرنے کے قابل بناسکے۔ یہ کام گھر پر سہولتوں کی فراہمی کے ذریعے کیا جاسکتا ہے یا IEP کی ٹیم کے تجویز کردہ دیگرمتبادل تدریسی انتظامات کیئے جا سکتے ہیں۔ مزید برآں، طرز عمل کے صاف انکشاف کے تعین کے لیئے جائزہ (MDR) کا انعقاد جلد از جلد کیا جانا چاہیئے، تاہم اس کا انعقاد معطلی کے 10 دنوں کے اندر اندر کیا جانا چاہیئے۔ اگر طالبعلم کو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفر کیا جاتا ہے تو ایک MDR لازماً منعقد کی جائے( جو ایک طویل مدت معطلی، دوبارہ تفویض، یا خارج کرنے کی سفارش اسکول بورڈ کو بھیجی جائے ، پر منتج ہوسکتی ہے) جس میں خارج کرنے کی سفارش یا دوبارہ تفویض کی سفارش کی گئی ہو۔ MDR ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس میں تمام متعلقہ معلومات اور طالبعلم کی معذوری اور انضباطی کارروائی کا مستحق طرزعمل کے تعلق کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

MDR کی ٹیم میں والدین اور IEP کے دیگر متعلقہ ارکان شامل ہوتے ہیں۔ اسکول کے عملے

کو لازماً مندرجہ ذیل دو امور کا جواب دینا چاہیئے:

- طرز عمل کی وجہ یا اس کا براہ راست تعلق کافی حد تک طالب علم کی معذوری سے تھا، یا
- طرز عمل، اسکول کی جانب سےIEP پر عمل درآمد میں، ناکامی کا براہ راست نتیجہ تھا۔

اگر MDR کی ٹیم درج بالا دو سوالوں میں سے کسی ایک کا بھی جواب "ہاں" میں دیتی ہے تو نتائج واضح تصور کیئے جائیں گے۔ اگر دونوں سوالوں کا جواب ''نہیں'' ہے تو نتائج غیر واضح تصور کیئے جائیں گے۔ MDR نتائج ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یا اس کے نامزد کردہ اہلکار کو بھیج دیئے جاتے ہیں۔
اورسماعت کے عمل کےحصہ کے طورپر ان کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اگر صورت مسئولہ طالبعلم کی معذوری کا مظہر ہے ، FCPS لازمی طورپرIEP بلائے تاکہ FBA وضع کیا جائے اورBIP کی ضرورت کے بارے میں غور کیا جائے۔ اگر طالبعلم کے IEP میں پچھلی بار وضع کیا گیا BIPموجود ہے، تو IEP ٹیم منصوبہ کا لازمی طور پر جائزہ لے اور BIP کو طرزعمل کو سدھارنے کیلئے تبدیل یا ترمیم کرے۔

### ایک متبادل تعلیمی ماحول میں داخلہ

FCPS طالبعلم کو ایک مناسب عبوری متبادل تعلیمی ماحول میں 45 کیلنڈردنوں کیلئےبھیج سکتا ہے، اگر اس نے مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک یا زیادہ کام کیا ہو:

- FCPS کی حدود میں اسکول میں ایک ہتھیار لے کرچلا ہو، اس کے قبضے میں ہتھیار ہو، یا FCPS کے کسی فنکشن میں ہتھیار لے کر چلا ہو یا اس کے قبضے میں ہتھیار ہو۔
- ریاست یا FCPS کی قانونی حدود میں اس کے قبضے میں اسکول میں یا FCPS کے اسکول گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے فنکشن میں جان بُوجھ کرغیر قانونی منشیات بشمول شراب ہو، یا استعمال کرتا ہو، یا فروخت کرتا ہو یا کسی منضبط مواد کی فروخت کیلئے ورغلاتا ہو۔
- اسکول میں یا اسکول کی کسی تقریب میں کسی دوسرے شخص کو شدید جسمانی چوٹ لگائی ہو۔

### ایسے بچوں کا تحفظ جو فی الحال خصوصی تعلیم کے اہل نہیں

بسااوقات ایک طالب علم واقعہ کے وقت خصوصی تعلیم کی سہولتیں نہیں بھی حاصل کر رہا ہوتا لیکن وہ معذور طلباء کو حاصل تحفظ کا اہل ہو سکتا ہے بشرطیکہ اسکول کے علم میں یہ ہو کہ واقعہ کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے طالبعلم خصوصی تعلیم کا اہل تھا۔ یہ بات اسکول کے علم میں ہونا سمجھی جاتی ہے کہ طالبعلم اہل ہو سکتا تھا اگر:

- والدین نے تشویش کا تحریری اظہار استاد یا سپروائزر سے کیا تھا کہ طالب علم کو خصوصی تعلیم کی سہولتوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- والدین نے درخواست کی تھی کہ خصوصی تعلیم اور اس سے متعلقہ سہولتوں کے لیئے طالب علم کی اہلیت پرکھی جائے۔
- طالب علم کے ٹیچر یا اسکول کے عملہ کے کسی اور فرد نے براہ راست محکمۂ خصوصی تعلیم کے دفتر ، اسپیشل ایجوکیشن لیڈر ٹیچریا FCPS کے ایڈمنسٹریٹر کے دفتر میں طالب علم کے خاص طرز عمل کی عادت کے مظاہرے کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کیا تھا۔

مندرجہ بالا امور میں دو اہم اِستثنیات ہیں۔ ایک طالب علم معذور طلباء والے تحفظ حاصل نہیں کرے گا اگر:

- والدین نے طالب علم کی جانچ کرانے یا سہولتیں لینے کی اجازت دینے سے انکار کیا ہو۔
- طالب علم کی جانچ کی گئی تھی اور اس کے نتیجے میں یہ تعین کیا گیا کہ طالب علم کو کوئی معذوری نہیں ہے۔

**سیکشن 504 میں فراہم کردہ طلباوطالبات کے تحفظ**

اگر پرنسپل 504 پلان والے طالبعلم کو ایک تعلیمی سال میں 10 دنوں سے زائد عرصے کے لیئے معطل کرتا ہے یا طالب علم کو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھجواتا ہے تو معطلی یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو رجوع کرنے کے فیصلے کے بعد دس دنوں کے اندر اندر جتنی جلدی ممکن ہو، اسکول ایک باخبر 504 کمیٹی کا اجلاس منعقد کرے گا تاکہ وجوہات جاننے کیلئے 504 سماعت مکمل ہو۔ ڈویژن سپرنٹینڈنٹ کو زیر حوالہ معاملہ بھجوائے ہونے کی صورت میں، سماعت پر غور و فکر کے لیئے ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو سماعت کے نتائج بھجوا دیئے جاتے ہیں۔

## اپیلوں کا طریقہ کار

FCPS والدین کو خصوصی تعلیم کے طریقہ کار میں ہرقدم پر شامل کرتا ہے۔ والدین کی آراء پر سختی سے غور کیا جاتا ہے اور طلبا وطالبات کے بارے میں مناسب فیصلہ کرنے میں بنیادی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ خصوصی تعلیم سے متعلق پیچیدہ معاملات میں اتفاق رائے پیدا کیا جاتا ہے بعض اوقات سب کی بہترین کوششوں کے باوجود اسکول ٹیموں اور والدین کے درمیان سمجھوتہ نہیں ہوپاتا۔ اگر آپ کے طالبعلم کی شناخت، جانچ، داخلے یا FAPE مہیا کئے جانے کے حوالے سے کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ہے جو آپ اور اسکول ٹیم کی بہترین کوششوں کے باوجود حل نہیں ہوپاتا ، تو ضابطے کے تحفظات اور IDEA میں والدین کے حقوق کی صراحت کی گئی ہے جو آپ مسئلہ کے حل کیلئے بروئے کار لاسکتے ہیں۔

تنازعہ کے حل یا اپیل کے آپشنز Virginia Special Education Procedural Safeguards Notice بعنوان *Your Family's Special Education Rights* میں بیان کئے گئے ہیں۔ یہ دستاویز والدین کو LSC نوٹس مراسلہ اورخصوصی تعلیم کے اہل طالبعلموں کو سال میں کم ازکم ایک بار IEP کی سالانہ میٹنگ میں مہیا کئے جاتے ہیں ، جب سماعت کے قانونی عمل کی درخواست کی جائے یا جب والدین ایک نقل کی درخواست کریں۔ تحفظات کی نقول آپ کے بچے کے اسکول میں ، PRC پر اور FCPS کی ویب سائٹ https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se4.pdf (ترمیم شدہ ستمبر 2013) پر دستیاب ہیں۔ اگر آپ کو اس دستاویز کو سمجھنے کیلئے مدد درکار ہوتو، آپ FCPS کے آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ سے 571-423-4290 نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ اختلافات کو حل کرنے کے آپشنز کا خلاصہ ہینڈ بک کے سیکشن Alternative Dispute Resolution میں دیا گیا ہے اورمزید وضاحت VDOE کی جانب سے مہیا کردہ تحفظات کے نوٹس اور دیگر دستاویزات میں کی گئی ہے۔ والدین کو VDOE's Office of Dispute Resolution and Administrative Services ویب سائٹ http://www.doe.virginia.gov/special_ed/resolving_disputes/index.shtml, پربھی ملاحظہ کرنا چاہیئے یا وہ نمبر 804-225-2013 پر Office of Dispute Resolution and Administrative Services سے براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔

جب والدین میں سے کوئی ایک FCPS کی کسی کارروائی کیخلاف اپیل کرنا چاہتے ہیں یا جب FCPS نے والدین کی جانب سے شناخت، جائزہ ، تعلیمی داخلے یا FAPE کی فراہمی سے متعلق کسی تجویز کو مسترد کردیا ہو، والدین FCPS کو Due Process and Eligibilityرابطہ کار کو تحریری طورپر اپیل کے متعلق اپنی نیت سے آگاہ کرسکتے ہیں۔ نے ایک فارم تخلیق کیا ہے، *Notice of Appeal (SS/SE-130)* جو https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se130.pdf پر دستیاب ہے، اور جسے والدین اپیل کا عمل شروع کرنے کے بارے میں آگاہ کرنے کیلئے درکار معلومات کیلئے استعمال کرسکتے ہیں۔ یہ فارم والدین کو ان کی جانب سے اپیل کے ترجیحی آپشن (آپشنز) کی نشاندہی کرنے کے علاوہ، مسئلہ کی نوعیت، مسئلہ کی وجہ اور ممکنہ حل بیان کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے ۔

یہ فارم اپنے مقامی اسکول سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

*Virginia Special Education Procedural Safeguards Notice,* میں بیان کردہ آپشنز کے علاوہ، FCPS نے ایک انتظامی جائزہ کا طریقہ کار بنایا ہے تاکہ والدین اور عملے کے ارکان کیلئے مسئلہ کے حل کے ایک مکینیزم کے طور پر کام کرے۔ تنازعہ کے حل کے دستیاب آپشنز ذیل میں زیادہ تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔

**انتظامی جائزہ**

والدین میں سے کوئی ایک یا FCPS کا ایک پرنسپل تنازعات کے حل کیلئے انتظامی جائزہ کی درخواست کرسکتا ہے۔ انتظامی جائزہ ایک رضاکارانہ عمل ہے اور یہ والدین یا FCPS کو مزید اقدامات کرنے جیسا کہ ثالثی یا سماعت کا قانونی طریقہ کار سے محروم نہیں کرتا۔ انتظامی جائزہ سماعت کے قانونی طریقہ کار میں تاخیر کرنے کیلئے استعمال نہیں کیاجاسکتا۔ انتظامی جائزے والدین اورFCPS عملے کے ارکان کے مابین وقت اور مقام کے بارے میں اتفاق رائے سے طے کئے جاسکتے ہیں۔ جائزہ کمیٹی کی سربراہی ایک Due Process and Eligibility specialist کرے گااور اس میں FCPS کے پیشہ ور ارکان شامل ہوتے ہیں جواس کیس میں قبل ازیں براہ راست ملوث نہیں ہوتے۔

اس کمیٹی میں کم ازکم تین FCPS پیشہ ور عملے کے ارکان شامل ہوتے ہیں جو زیر غور معاملے کے بارے میں باخبر ہوتے ہیں۔ کمیٹی میں ایک عمومی تعلیم کا استاد، اسکول کے ماہرنفسیات، ایک اسکول کا سماجی کارکن، ایک خصوصی تعلیم کا نمائندہ اور/ یا ایک اسکول ایڈمنسٹریٹر شامل ہوسکتے ہیں۔ اگر مناسب ہو تو عملے کے اضافی ارکان کو شامل کرنے پربھی غور کیا جاسکتا ہے۔ والدین جائزہ کے عمل میں شریک ہوتے ہیں، کمیٹی کو معلومات فراہم کرتے ہیں جو زیر غور معاملے کے متعلق ان کے نقطہ نظر اور موقف کی حمایت کرتے ہیں۔ والدین اگر چاہیں تو ایک اٹارنی یا وکیل لاسکتے ہیں۔ انتظامی جائزہ کمیٹی والدین اور اسکول عملے کے ارکان کی جانب سے زبانی یا تحریری طورپر فراہم کی گئی تمام متعلقہ معلومات پر غورکرتے ہیں۔ غوروفکر کے بعد ، جبکہ والدین بھی موجود ہوتے ہیں، کمیٹی کے ارکان سفارش (سفارشات) تیار کرتے ہیں اور/ یا اپیل کئے گئے معاملہ کے متعلق کسی فیصلے پر پہنچتے ہیں۔

Due Process and Eligibility اسپیشلسٹ کمیٹی کے نتائج اور سفارشات کے بارے میں ایک تحریری خلاصہ بیان جاری کرتا ہے۔ اگرFCPS عملے کے ارکان اور والدین اتفاق نہیں کرتے تو ان میں سے کوئی بھی تنازعہ کے حل کیلئے دیگر اقدامات کرسکتا ہے بشمول ثالثی، شکایت یا قانونی سماعت کا عمل ۔

**ثالثی**

ثالثی والدین کو پیش کیا جانے والا ایک اور آپشن ہے جو اسکول سسٹم سے اختلافات کو حل کرنے کی کوشش کررہے ہوتے ہیں۔ FCPS پرنسپل صاحبان یا بعض عملے کے ارکان بھی اگر مناسب سمجھیں تو ثالثی کی درخواست کرسکتے ہیں۔ VDOE اس عمل میں سہولت کیلئے ایک قابل، تربیت یافتہ اور غیر جانبدار ثالث مقررکرتا ہے ۔ ثالثی کم ازکم اس سطح پر دستیاب ہوتی ہے جب قانونی سماعت کے عمل کی درخواست کی جاتی ہے؛ تاہم والدین ثالثی کی درخواست اس وقت کرسکتے ہیں جب وہ کسی تنازعہ کے متعلق یہ محسوس کریں کہ یہ کسی اور طریقہ سے حل نہیں کیا جاسکتا۔ ثالثی ایک رضاکارانہ عمل ہے جس میں فریقین کسی حل کے تلاش کیلئے اپنی اپنی تشویش کے بارے میں ملاقات کرنے اور بات چیت کرنے پر آمادہ ہوں۔ یہ شرکاء کو ایک موقع اور ڈھانچہ فراہم کرتا ہے تاکہ وہ معاملات پر بحث کرسکیں اور مسئلہ کو حل کرنے کیلئے مل جل کر کام کرسکیں۔

ثالثی کی نشست کے دوران کی جانے والی بات چیت صیغہ راز میں رہتی ہے۔ ثالثی کی نشست کا اختتام ایک تحریری بیان پر منتج ہوتا ہے بشرطیکہ کوئی حل تلاش کرلیا گیا ہو۔

ثالثی کا ایک بنیادی فائدہ یہ ہوتا ہے کہ یہ غیر معاندانہ ہوتی ہے؛ یہ فریقین کے درمیان

مفید تعلقات برقرار رکھتے ہوئے یا بحال کرتے ہوئے والدین اور اسکول کے مابین اختلافات کے حل کی جانب گامزن ہوسکتی ہے ۔ ثالثی کا نصب العین ایک باہمی کوشش سے تلاش کئے گئے حل پر پہنچنا ہوتا جو شرکاء کے لیے قابل قبول ہوتا ہے۔

چونکہ والدین اور اسکول فیصلہ پر پہنچنے کیلئے مل کرکام کرتےہیں ، دونوں فریق زیادہ اطمینان محسوس کریں گے کہ طالبعلم کی ضروریات پوری ہوگئی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ان کی ضروریات بھی پوری ہوئی ہیں۔ ثالث کا بنیادی کردار تنازعہ کے حل کے عمل میں آسانی فراہم کرنا ہوتا ہے۔ اس کا کام مسئلے اور خدشات اور ممکنہ حل کی وضاحت کرنا اور ایک قابل احترام اور غیر معاندانہ ماحول برقرار رکھنا ہوتا ہے۔

فریقین کے مابین غیر معاندانہ تعلقات برقرار رکھنے کے علاوہ، ثالثی کا عمل عمومی قانونی سماعت کی بہ نسبت کم خرچ ہوتا ہے۔ ورجینیا میں VDOE ثالث کے اخراجات کی ادائیگی کرتا ہے ، اس لئے والدین یا اسکول کو کوئی اخراجات ادا نہیں کرنے پڑتے۔ اگر والدین یا اسکول ڈویژن ثالثی کے نتیجے میں کسی سمجھوتہ پر نہیں پہنچ پاتے تو کوئی بھی فریق قانونی سماعت کے عمل کی درخواست کرسکتا ہے۔

### VDOE کے پاس شکایت درج کرائیں

اگر والدین یا دیگر دلچسپی رکھنے والے فریقین یہ سمجھتے ہیں کہ FCPS نے خصوصی تعلیم سے متعلق وفاقی یا ریاستی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے تو VDOE میں شکایت درج کرائی جاسکتی ہے۔ VDOE الزامات کے بارے میں تحقیقات کرتا ہے اور فیصلے کرتا ہے۔ شکایت میں ایک تحریری دستخط شدہ بیان شامل ہونا چاہیئے جس میں یہ بتایا گیا ہو کہ خصوصی تعلیم کے کے قانون کی VDOE میں درج کرائے جانےکے گزشتہ ایک سال کے اندر خلاف ورزی کی گئی ہے۔ شکایت میں ان حقائق کی، جن کی بنیاد پر بیان دیا گیا ہے،شکایت کنندہ کے رابطہ کی معلومات، طالبعلم کا نام اور اس اسکول کا نام جہاں وہ طالبعلم پڑھتا ہے، نشاندہی کی جائے۔ شکایت میں لازماً مسئلہ کے حل کی تجویز پیش کی جائے اور متعلقہ دستاویزات اور معاون معلومات بھی فراہم کی جانی چاہیئے۔ شکایت کی ایک نقل VDOE اور FCPS کو بیک وقت ارسال کی جائے۔ VDOE لازمی طورپر شکایت موصول ہونے کے 60 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر تحقیقات کرکے مسئلہ کا حل نکالے، ماسوائے غیرمعمولی حالات موجود ہوں یا یہ کہ اسکول اور شکایت کنندہ ثالثی یا کسی دوسرے حل کی جانب پیش رفت کرنے پر راضی ہوجائیں۔

شکایت درج کرانے کے متعلق مزید معلومات *Parent's Guide to Dispute Resolution, VDOE* پر https://www.doe.virginia.gov/special_ed/resolving_disputes/parents_guide_dispute_resolution.pdf تلاش کی جاسکتی ہیں۔

### تصفیے کی میٹنگ

IDEA کی رُو سے اسکول سسٹم کیلئے لازم ہے کہ وہ اس وقت والدین اور متعلقہ IEP ٹیم کے ارکان کی تصفیے کی میٹنگ بلائے، جب قانونی سماعت کے عمل کی درخواست کی جائے۔ اس میٹنگ کا مقصد والدین اور اساتذہ کا تنازعہ کو حل کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے جو شکایت کی قانونی سماعت کی بنیاد بنا ہو۔ قانونی سماعت کے نوٹس موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر اندر تصفیےکی میٹنگ منعقد ہونی چاہیئے ، اِلا یہ کہ دونوں فریق اس سے دستبردار ہوجائیں۔

تصفیے کی میٹنگ تنازعہ کے حل کے باضابطہ طریقہ کار سے قبل والدین اور اسکول کے درمیان خدشات کو غیر رسمی طورپر حل کرنے کے ذریعہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

### قانونی سماعت کا عمل

قانونی سماعت کا عمل ایک باضابطہ انتظامی طریقہ کار ہوتا ہے جسے سپریم کورٹ آف ورجینیا کی جانب سے مقرر کردہ ایک غیر جانبدار خصوصی تعلیم کا سماعتی افسر سرانجام دیتا ہے، جو اسکول سسٹم کا ملازم نہیں ہوتا اور نہ اس کا کوئی ذاتی یا پیشہ ورانہ مفاد ہوتا ہے جس سے اس کی غیرجانبداری پر حرف آئے۔ قانونی سماعت شناخت، جانچ پڑتال، تعلیمی داخلے اور خدمات اور FAPE کی فراہمی پر اختلافات کو حل کرتی ہے جو والدین اور ایک مقامی تعلیمی ایجنسی مثلاً FCPS کے درمیان پیدا ہوتے ہیں۔ سماعتی افسر سماعت کرتا ہے، شواہد کا جائزہ لیتا ہے اور اس بات کا تعین کرتا کہ معذوری کے حامل طالبعلم کیلئے تعلیمی طورپر کیا مناسب ہے۔ والدین یا FCPS طالبعلم کی شناخت، جانچ پڑتال یا تعلیمی داخلے شروع کرنے یا تبدیل کرنے کی تجاویز اور انکار سے متعلق بعض معاملات کی سماعت شروع کراسکتے ہیں۔ قانونی سماعت کی درخواست FCPS Coordinator of Due Process and Eligibility کولازماً تحریری طورپر کی جائے۔ قانونی سماعت میں فیصلہ درخواست کی وصولی کے 45 کیلنڈر دنوں کے اندر اندرکیا جانا چاہیئے ، جب تک والدین اور اسکول سسٹم تصفیے کی میٹنگ ، جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے، شامل نہ ہوجائیں۔ سماعت میں کیا جانے والا فیصلہ حتمی ہوتا ہے ،جب تک کوئی ایک فریق سٹیٹ سرکٹ کورٹ یا فیڈرل ڈسٹرکٹ کورٹ میں اپیل نہ کردے۔

## طالبعلم/ طالبہ کے ریکارڈ

FCPS ریاست ورجینیا اور وفاقی حکومت کے قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے طالب علموں کا ریکارڈ محفوظ رکھتا ہے۔ تعلیمی ریکارڈ کی اصطلاح اس ریکارڈ کی طرف اشارہ کرتی ہے جو طالبعلم سے براہ راست متعلق ہوتا ہے اورFCPS اسے رکھتا ہے یا اس کے لیے کام کرنے والی پارٹی رکھتی ہے۔ تعلیمی ریکارڈ کے انتظام کی بنیادی رہنمائی ( Family Educational Rights and Privacy Act (FERPA کی جانب سے ہوتی ہے، جسے بعض اوقات Buckley Amendment بھی کہا جاتاہے۔

FERPA طالبعلم کے ریکارڈ کی رازداری کے پہلو کو دیکھتا ہے اور یہ کہ کون اور کن حالات میں طالبعلم کے ریکارڈ کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔ FERPA والدین (اور18 سال یا زیادہ عمر کے طالبعلموں) کو اپنے بچوں کے ریکارڈ کا براہ راست معائنے اور جائزے کا حق دیتا ہے۔

اسکولوں کے لیے لازم ہے کہ وہ ان حقوق کی ادائیگی کے لیے طریقہ کار کو ضبطِ تحریر میں لائیں۔ مثال کے طورپر ، FERPA

- والدین کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنے تمام زیرکفالت بچوں سے متعلق تمام ریکارڈ ، بشمول وہ معلومات جو ڈاکٹروں، اسپتالوں، کلینکس اور نجی پیشہ ورماہرین نے اسکول کو بھیجا ہو، براہ راست دیکھ سکتے ہیں۔

- والدین کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ ایک اہل فرد سے ریکارڈ کے مواد کی درخواست اور وضاحت طلب کرسکتے ہیں۔

- 18 سال یا زیادہ عمر کے طالبعلموں یا والدین کی تحریری اجازت رکھنےوالے طالبعلموں کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ ریکارڈ کا معائنہ کرسکیں۔

- معلومات دوسروں کو جاری کرنے کی اجازت صرف بعض مخصوص حالات میں دیتا ہے ۔

- ریکارڈ کی نقول کی فیس مقررکرتا ہے۔

- طالبعلم کے ریکارڈ کے مواد کو چیلنج کرنے کا ایک طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔

اسکول ریکارڈز سے معلومات کی مدد حاصل کرنے کیلئے ضرورت پڑسکتی ہے، جیسا کہ سوشل سیکورٹی کے فوائد اور محکمہ برائے خدمات عمررسیدگی و بحالی (DARS) کے ذریعہ پوسٹ سیکنڈری خدمات ۔ اسکول والدین کو اسکول کے ریکارڈز سے معلومات حاصل کرنے کے بارے میں بتاسکتے ہیں۔ اسکول سسٹم ایک طالبعلم کے تعلیمی ریکارڈ کے اجزاء مختلف مدت کیلئے محفوظ رکھتا ہے۔ Retention شیڈول میں اس بات کی صراحت کی گئی ہے کہ مختلف قسم کے ریکارڈ کو کتنی کتنی مدت کیلئے محفوظ رکھا جاتا ہے۔ اسکول ریکارڈ کے بارے میں معلومات ایف سی پی ایس کی *Management of Student Scholastic Records Manual,* ویب سائٹ پر دستیاب ہے
https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/Management%20of%20the%20Student%20Scholastic%20Record.pdf۔

## سیکشن 504 اور امریکنز ود ڈس ایبلٹیز ایکٹ ترمیمی ایکٹ مجریہ 2008 (ADAAA)

***Rehabilitation Act of 1973*** کے سیکشن 504 (504) اور ADA Amendments Act of 2008 وفاقی قوانین ہیں جو ایسے کسی بھی پروگرام یا سرگرمی کو، جو وفاقی مالی اعانت حاصل کرتے ہیں، جیسا کہ FCPS ، کسی بھی فرد کیخلاف *disability* پر مبنی امتیازی سلوک سے روکتا ہے۔ FCPS ریگولیشن 1454.7 ایف سی پی ایس میں 504 اور ADA Amendments Act کے نفاذ کے طریقہ ہائے کار بیان کرتا ہے۔ بنیادی طورپر، یہ قوانین اور FCPS ریگولیشن منصفانہ مواقع اور معذوری کے حامل طالبعلموں کو یکساں رسائی فراہم کرتے ہیں کہ معذوری کے حامل طالبعلم کو، جو 504 کوالیفائیڈ نہیں ہیں، FCPS کے پیش کردہ کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں ،معذوری کی بنیاد پر، شرکت سے انکار نہیں کیا جائے گا، نہ فوائد سے محروم رکھا جائے گا اور نہ امتیازی سلوک کیا جائے گا۔

یہ بھی لازم ہے کہ ہر وہ طالبعلم کو، جو 504 اہلیت کا حامل ہے، تمام سرگرمیوں اور پروگراموں تک رسائی حاصل ہے، اور اُسے اس کی معذوری کی بنیاد پر شرکت سے محروم نہیں کیا جاسکتا اور اُسے لازماً FAPE کی پیشکش کی جائے گی۔ ایک طالبعلم کو ،جو 504 کا اہل ہے ، 504 پلان کی ضرورت ہوسکتی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ FCPS اس طالبعلم کو جو 504 کا اہل ہے ، درکار سہولیات فراہم کرے گا، موافقت یا ترامیم کرے گا تاکہ اسے اسکول کی سرگرمیوں میں بشمول تعلیم ، یکساں رسائی اور مواقع میسر آئیں۔

اسکول کی مقامی اسکریننگ کمیٹی ایک طالبعلم کی 504 اہلیت کا تعین کرتی ہے۔ اگرایک طالبعلم کو ،جو 504 کا اہل (اہل پایا گیا ) ہے ، ایک کمیٹی جو پرنسپل یا اس کے نامزد اہلکار، اساتذہ اور اسکول کے عملے ، جو مناسب ہو، پر مشتمل ہو، اور جسے *باخبر کمیٹی* کہا جاتا ہے، والدین کو مدعو کرے گی تاکہ وہ 504 کے اہل طالبعلم کیلئے ضروری سہولیات، موافقت ، ترامیم اور/ یا خدمات کا جائزہ لیں اور تعین کریں جس سے اسے اسکول کی سرگرمیوں تک یکساں مواقع اور رسائی میسرآئے۔

Section 504 اور 504 کے بارے میں مزید معلومات Section 504 Procedures Manual میں دستیاب ہیں۔
https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/pdf/Section504Manual.pdf

اور FCPS کی ویب سائٹ پر:

https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support/Section-504-information

### 504 سوالات وجوابات

#### اگر کسی معذوری کے بارے میں کوئی شبہ ہے تو یہ کیوں اہم ہے کہ طالبعلم کو سیکشن 504 کے تحت ممکنہ اہلیت کیلئے زیرغور لایا جائے؟

504 معذوری کے حامل افراد کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے اور انہیں ان پروگراموں اور سرگرمیوں تک یکساں رسائی اورمواقع فراہم کرتا ہے جنہیں وفاقی مالی اعانت مل رہی ہوتی ہے، بشمول وہ جن کو اسکول مالی امداد فراہم کرتے ہیں۔ معذوری کا حامل ایک طالبعلم ہوسکتا ہے کہ IDEA کے تحت خصوصی تعلیم کا اہل نہ ہو، لیکن سیکشن 504 کے تحت معذوری کےساتھ اہل قرار دے دیا جائے۔ اگر باخبر کمیٹی یہ تعین کرتی ہے کہ طالبعلم کو ذہنی یا جسمانی کمی یا خرابی ہے جس سے اس کی زندگی کی ایک اہم سرگرمی خاصی حد تک محدود ہوجاتی ہے تو وہ طالبعلم 504 کے تحت ایک معذوری کا حامل سمجھا جائے گا۔ 504 کے تحت معذوری کے حامل طالبعلم کی منفرد معذوری سے متعلقہ ضروریات پر باخبر کمیٹی غور کرے گی تاکہ ماحول یا سرگرمی میں کسی ضروری سہولیات، موافقت یا ترامیم کا تعین کیا جاسکے۔

**معذوری کا حامل طالبعلم:** معذوری کا حامل طالبعلم وہ شخص ہے جو:

1. کسی ذہنی یا جسمانی کمی یا خرابی کا شکار ہو جس سے زندگی کی ایک یا ایک سے زیادہ بڑی سرگرمیاں محدود ہوکر رہ جائیں؛
2. ایسی خرابی یا کمی کا ریکارڈ رکھتا ہو یا تصور کیا جاتا ہو کہ وہ ایسی کمی کا شکار ہے۔

**باخبر کمیٹی :** یہ کمیٹی پرنسپل یا اس کے نامزد اہلکار، استاد (اساتذہ) اور اگرمناسب ہو تو اسکول کے عملے کے ارکان پر مشتمل ہوتی ہے۔

**زندگی کی بڑی سرگرمیاں:** افعال جیسا کہ اپنا خیال رکھنا، دستی کام سرانجام دینا، پیدل چلنا، دیکھنا، سننا، بولنا، سانس لینا، کھانا کھانا، مُڑنا، بڑے جسمانی فعل کا آپریشن، پڑھنا، سوچنا، بات چیت کرنا، مطالعہ، توجہ مرکوز کرنا اور کام کرنا۔ زندگی کی بڑی سرگرمیوں کی اس فہرست کو ADAAA نے وسعت دی ہے، لیکن یہ مکمل اور جامع فہرست نہیں ہے۔

## جب کسی طالبعلم کو سیکشن 504 کے تحت ممکنہ طور پر اہل تصور کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

LSC بچے کے اسکول میں 504 کے تحت اہلیت کے فیصلے کرتی ہے۔ جب کسی طالبعلم کو LSC میں ریفر کیا جاتا ہے تو اس کے اسکول میں افعال کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ LSC انواع و اقسام کے ذرائع سے معلومات کا جائزہ لے گی۔

ان معلومات میں ریفرل، تعلیمی ریکارڈ جیسا کہ گروپ ٹیسٹنگ، گزشتہ رپورٹ کارڈز، اساتذہ یا اسکول کے دیگر عملے کی زبانی یا تحریری رپورٹیں، والدین کی طرف سے مہیا کی گئی معلومات اور/ یا پیشہ ورماہرین کی رپورٹیں ( مثلاً طبی رپورٹیں) شامل ہوسکتی ہیں۔ LSC کسی بھی نجی جانچ پڑتال کے نتائج پربھی غور کرسکتی ہے۔ دستیاب معلومات کا جائزہ لینے اور طالبعلم کی اسکول میں حالیہ کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے، LSC کے ارکان اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا طالبعلم کو خصوصی تعلیم کیلئے پرکھا جائے ، سیکشن 504 کی اہلیت کیلئے جانچا جائے اور/ یا کسی دوسرے اقدام کی سفارش کی جائے۔ اگر LSC خیال نہیں کرتی کہ کافی معلومات موجود ہیں، تو مزید اعدادوشمار جمع کرنے تک 504 کی اہلیت کا فیصلہ موخر کردیا جائے۔ اگر LSC سیکشن 504 کی ممکنہ اہلیت کیلئے باقاعدہ انفرادی امتحان کی سفارش کرتی ہے تو اسکول جانچ پڑتال کیلئے والدین کی رضامندی حاصل کرے گا۔

LSC کی سفارش کردہ باقاعدہ اسیسمنٹس والدین کو بلاقیمت فراہم کی جاتی ہیں۔

## ایک طالبعلم سیکشن 504 کے تحت کب کوالیفائی کرتا ہے؟

یہ فیصلہ کہ آیا طالبعلم 504 کےتحت کوالیفائی کرتا ہے، ہرانفرادی کیس کی نوعیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ باخبر کمیٹی متعلقہ معلومات اور طالبعلم کے انفرادی پروفائل یاخاکہ کا جائزہ لیتی ہے تاکہ یہ تعین کرے کہ آیا کسی جسمانی یا ذہنی کمی یا خامی کی موجودگی کے پیمانے پر پورا اترتا ہے جو واضح طور پر ***زندگی کی بڑی سرگرمی*** کو محدود کرتا ہے۔

## اگر ایک بچہ خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے نااہل قرار پاتا ہے، تو کیا کمیٹی کو 504 جانچ پڑتال کیلئے ریفرل بنانا چاہیئے؟

504 جانچ پڑتال کیلئے مناسبت کے بارے میں فیصلے انفرادی کیس کی نوعیت کی بنیاد پر کئے جانے چاہیئں۔ بعض طالبعلم جوIDEA کے تحت خصوصی تعلیم کیلئے اہل ثابت نہیں ہوتے، وہ ہوسکتا ہے کہ 504 اہلیت کے پیمانے پر پورا اتریں۔

## کیا ایک طالبعلم ،جو خصوصی تعلیمی خدمات کے لیئے اہل ہے، سیکشن 504 کے تحت بھی کوالیفائی کرسکتا ہے؟

Rehabilitation Act of 1973 کا سیکشن 504 ،ترمیم شدہ، شہری حقوق کا قانون ہے جس کا اطلاق ان تمام طالبعلموں پر ہوتا ہے جو 504 کے تحت معذوری کی تعریف پر پورا اترتے ہیں۔ وہ طالبعلم جو IDEA کے تحت اہل قرار پاتے ہیں، وہ 504 کے اندر بھی آتےہیں اور IEP کی تشکیل 504 کی شرائط پوری کرنے کا ایک طریقہ ہے ۔

## والدین کس طرح سے فیصلوں میں شامل ہیں؟

والدین کو 504 کے تحت جانچ پڑتال، شناخت اور/ یا داخلوں سے متعلق کئے گئے فیصلوں کے حوالے سے ضابطے کے تحفظات فراہم کئے جاتے ہیں۔ جانچ پڑتال، دوبارہ چھان بین ، داخلے میں نمایاں تبدیلی اور/ یا 504 منصوبے کے آغازسے قبل والدین کو نوٹس بھیجے جاتے ہیں۔ والدین کی آراء پر اس وقت غور کیا جاتا ہے جب فیصلے کئے جاتے ہیں اور والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ LSC کے اجلاس میں شرکت کریں، بشرطیکہ طالبعلم 504 کی اہلیت رکھتا ہو، باخبر کمیٹی 504 پلان پرغور کرنے کیلئے سرگرم عمل ہوگی۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے والدین کا خیرمقدم کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچے کی نشوونما اور گھر اور کمیونٹی میں اس کے موجودہ افعال سے متعلق معلومات سے آگاہ کریں ،جو اُن کے مشاہدے پر مبنی ہوں۔ والدین اکثر اوقات بچے کی ابتدائی زندگی کے متعلق قیمتی معلومات فراہم کرنے کے قابل ہوتے ہیں جو کسی اور ماخذ سے عام طور پر دستیاب نہیں ہوتیں۔

## 504 منصوبے کیسے تحریر کئے جاتے ہیں؟

باخبر کمیٹی یہ تعین کرنے کیلئے اجلاس منعقد کرتی ہے کہ 504 کے اہل طالبعلم کو مساوی رسائی اورFAPE حاصل کرنے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہے۔ کمیٹی کے ارکان میں، اسکول کا پرنسپل یا ان کا نامزد کردہ فرد اور کم ازکم ایک استاد جو براہ راست طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہو، شامل ہوتے ہیں۔ اگر مناسب ہو تو اسکول سے دیگر پیشہ ور ماہرارکان بھی شامل کئے جاتے ہیں ، اور ان کی نشاندہی طالبعلم کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جاتی ہے۔ والدین کمیٹی کو اس وقت اپنی آراء سے آگاہ کرسکتے ہیں جب ایک 504 منصوبہ زیر غور ہو، تشکیل دیا جارہا ہو یا اس پر نظرثانی کی جارہی ہو۔ ایک بار منصوبہ وضع کرلیا جائے ، تو یہ اسکول پر منحصر ہے کہ وہ اس پر دیانتداری سے عمل درآمد کو یقینی بنائے۔

مناسب سہولیات اور/ یا خدمات کی شناخت طالبعلم کی معذوری کے نتیجے میں پیدا ہونے والی منفرد ضروریات کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ 504 منصوبوں میں شامل سہولیات طالبعلم کو FCPS کی جانب سے پیش کئے گئے پروگراموں اورسرگرمیوں تک رسائی اور ان سے حاصل ہونے فوائد کے مواقع فراہم کرنے کیلئے وضع کی جاتی ہیں نہ کہ کارکردگی یا اسکور بہتر بنانے کیلئے۔

## 504 منصوبہ میں کن کن شعبوں پر توجہ دی جانی چاہیئے؟

جب 504 منصوبہ تشکیل دیا جارہا ہو تو باخبر کمیٹی کو مندرجہ ذیل امور پر غور کرنا چاہیئے:

- **طالبعلم کی معذوری کی نوعیت اور زندگی کی بڑی سرگرمی جو اس سے محدود ہوگئی ہو.** باخبر کمیٹی لازماً یہ تعین کرے کہ معذوری کیسے طالبعلم کی اسکول ڈسٹرکٹ کے پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی کو محدود کرتی ہے تاکہ ایک منصوبہ تشکیل دیا جائے جس میں اس طالبعلم کی منفرد ضروریات کے مطابق مناسب سہولیات اور/ یا خدمات موجود ہوں۔

- **ضروری سہولیات اور/ یا امداد.** 504 منصوبہ کے قلب میں ان تبدیلیوں ، موافقت اور خدمات کو شامل ہونا چاہیئے جن سے یہ یقینی بنایا جائے کہ معذوری کے حامل طالبعلم کو اسکول ڈویژن کے پروگراموں اور خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہے۔ باخبر کمیٹی کو رسائی کی ضروریات، بشمول زبان سے متعلق اور/ یا بات چیت، نقل وحرکت، ٹرانسپورٹیشن، معاون ٹیکنالوجی ، ٹیسٹنگ وغیرہ پر بات کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیئے۔

## اگر ایک طالبعلم کے پاس 504 منصوبہ موجود ہے، کیا ریاست کے معیاری ٹیسٹنگ کیلئے سہولیات بہم پہنچائی جاتی ہیں؟

اگر ایک طالبعلم معیاری ریاستی امتحانات میں سے ایک دینے کیلئے شیڈول ہوجاتا ہے ، جیسا کہ سٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) اسیسمنٹس، اور طالبعلم کو باقاعدہ تدریسی پروگرام کے حصہ کے طور پر 504 منصوبہ کے تحت کلاس روم ٹیسٹنگ کی سہولیات درکار ہیں، تو باخبر کمیٹی کو ریاستی اسیسمنٹ پروگرام (پروگراموں) کیلئے سہولیات پر غور کرنا چاہیئے۔ ٹیسٹنگ کی سہولتیں طالبعلم کو کامیابی کا مظاہرہ کرنے کیلئے مساوی موقع فراہم کرنے کیلئے دی جاتی ہیں نہ کہ بہتر اسکور حاصل کرنے کیلئے زیادہ فائدہ پہنچانے کیلئے۔

## ایک طالبعلم سیکشن 504 کے تحت کب کوالیفائی کرتا ہے؟

یہ فیصلہ کہ آیا طالبعلم 504 کےتحت کوالیفائی کرتا ہے، ہرانفرادی کیس کی نوعیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ باخبر کمیٹی متعلقہ معلومات اور طالبعلم کے انفرادی پروفائل یا خاکہ کا جائزہ لیتی ہے تاکہ یہ تعین کرے کہ آیا کسی جسمانی یا ذہنی کمی یا خامی کی موجودگی کے پیمانے پر پورا اترتا ہے جو واضح طور پر ***زندگی کی بڑی سرگرمی*** کو محدود کرتا ہے۔

## اگر ایک بچہ خصوصی تعلیمی خدمات کیلئے نااہل قرار پاتا ہے، تو کیا کمیٹی کو 504 جانچ پڑتال کیلئے ریفرل بنانا چاہیئے؟

سیکشن 504 جانچ پڑتال کیلئے مناسبت کے بارے میں فیصلے انفرادی کیس کی نوعیت کی بنیاد پر کئے جانے چاہیئں۔ بعض طالبعلم جوIDEA کے تحت خصوصی تعلیم کیلئے اہل ثابت نہیں ہوتے، وہ ہوسکتا ہے کہ 504 اہلیت کے پیمانے پر پورا اتریں۔

## کیا ایک طالبعلم ،جو خصوصی تعلیمی خدمات کے لیئے اہل ہے، 504 کے تحت بھی کوالیفائی کرسکتا ہے؟

سیکشن 504 ، شہری حقوق کا قانون ہے جس کا اطلاق ان تمام طالبعلموں پر ہوتا ہے جو 504 کے تحت معذوری کی تعریف پر پورا اترتے ہیں۔ وہ طالبعلم جو IDEA کے تحت اہل قرار پاتے ہیں، وہ سیکشن 504 کے اندر بھی آتےہیں اور IEP کی تشکیل 504 کی شرائط پوری کرنے کا ایک طریقہ ہے۔

## 504 منصوبہ میں کن کن شعبوں پر توجہ دی جانی چاہیئے؟

جب 504 منصوبہ تشکیل دیا جارہا ہو تو باخبر کمیٹی کو مندرجہ ذیل امور پر غور کرنا چاہیئے:

- **طالبعلم کی معذوری کی نوعیت اور زندگی کی بڑی سرگرمی جو اس سے محدود ہوگئی ہو۔** باخبر کمیٹی لازماً یہ تعین کرے کہ معذوری کیسے بچے کی اسکول ڈسٹرکٹ کے پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی کو محدود کرتی ہے تاکہ ایک منصوبہ تشکیل دیا جائے جس میں اس طالبعلم کی منفرد ضروریات کے مطابق مناسب سہولیات اور/ یا خدمات موجود ہوں۔

- **ضروری سہولیات اور/ یا امداد۔** 504 منصوبہ کے قلب میں ان تبدیلیوں ، موافقت اور خدمات کو شامل ہونا چاہیئے جن سے یہ یقینی بنایا جائے کہ معذوری کے حامل طالبعلم کو اسکول ڈویژن کے پروگراموں اور خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہے۔ باخبر کمیٹی کو رسائی کی ضروریات، بشمول زبان سے متعلق اور/ یا بات چیت، نقل وحرکت، ٹرانسپورٹیشن، معاون ٹیکنالوجی ، ٹیسٹنگ وغیرہ پر بات کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیئے۔

## اگر ایک طالبعلم کے پاس 504 منصوبہ موجود ہے، توکیا ریاست کے معیاری ٹیسٹنگ کیلئے سہولیات بہم پہنچائی جاتی ہیں؟

اگر ایک طالبعلم معیاری ریاستی امتحانات میں سے ایک دینے کیلئے شیڈول ہوجاتا ہے ، جیسا کہ SOL اسیسمنٹس، اور طالبعلم کو باقاعدہ تدریسی پروگرام کے حصہ کے طور پر 504 منصوبہ کے تحت کلاس روم ٹیسٹنگ کی سہولیات درکار ہیں، تو باخبر کمیٹی کو ریاستی اسیسمنٹ پروگرام (پروگراموں) کیلئے سہولیات پر غور کرنا چاہیئے۔ ٹیسٹنگ کی سہولتیں طالبعلم کو کامیابی کا مظاہرہ کرنے کیلئے مساوی موقع فراہم کرنے کیلئے دی جاتی ہیں نہ کہ بہتر اسکور حاصل کرنے کیلئے زیادہ فائدہ پہنچانے کیلئے۔

# ماخذ اور معلومات

## تعریفیں

**REHABILITATION ACT OF 1973 (TITLE 5)**— بحالی کا قانون ایک وفاقی قانون ہے جو ایسے کسی بھی پروگرام یا سرگرمی، جس میں وفاقی فنڈز حاصل کئے گئے ہوں، معذوری کے حامل افراد سے امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔

**STUDENT WITH A DISABILITY**—معذوری کا حامل ایک ایسا طالبعلم ایک ایسا شخص ہوتا ہے (1) جو کسی جسمانی کمی یا خرابی کا شکار ہو جس سے زندگی کی ایک یا ایک سے زیادہ بڑی سرگرمیاں محدود ہوکر رہ جائیں؛ (2) ایسے ریکارڈ کا حامل ہوتا ہے جیسا کہ ایک خرابی یا کمی یا (3) سمجھا جاتا ہے کہ اس میں ***ایسی*** خرابی موجود ہے۔

**KNOWLEDGEABLE COMMITTEE**— باخبر کمیٹی پرنسپل یا اس کے نامزد اہلکار، استاد (اساتذہ) اور اگرمناسب ہو تو اسکول کے عملے کے دیگر ارکان پر مشتمل ہوتی ہے۔

**MAJOR LIFE ACTIVITIES**— زندگی کے بڑے افعال جیسا کہ اپنا خیال رکھنا، دستی کام سرانجام دینا، پیدل چلنا، دیکھنا، سننا، بولنا، سانس لینا، کھانا کھانا، مُڑنا، بڑے جسمانی فعل کا آپریشن، پڑھنا، سوچنا، بات چیت کرنا، مطالعہ، توجہ مرکوز کرنا اور کام کرنا۔ زندگی کی بڑی سرگرمیوں کی اس فہرست کو ADAAA نے وسعت دی ہے، لیکن یہ مکمل اور جامع فہرست نہیں ہے۔

**REHABILITATION ACT OF 1973** کے سیکشن 504 (504) اور2008 ADA Amendments Act of وفاقی قوانین ہیں جو ایسے کسی بھی پروگرام یا سرگرمی کو، جو وفاقی مالی اعانت حاصل کرتے ہیں، جیسا کہ FCPS ، کسی بھی فرد کیخلاف ***معذوری*** کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے روکتا ہے۔ FCPS ریگولیشن 1454.7 ایف سی پی ایس میں 504 اور ADA Amendments Act کے نفاذ کے طریقہ ہائے کار بیان کرتا ہے۔ بنیادی طورپر، یہ قوانین اورFCPS ریگولیشن منصفانہ مواقع اور معذوری کے حامل طالبعلموں کو یکساں رسائی فراہم کرتے ہیں ان کی رو سے لازم ہے کہ معذوری کے حامل طالبعلم کو، جو504 کوالیفائیڈ ہیں، FCPS کے پیش کردہ کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں ،معذوری کی بنیاد پر، شرکت سے انکار نہیں کیا جائے گا، نہ فوائد سے محروم رکھا جائے گا اور نہ امتیازی سلوک کیا جائے گا۔

یہ بھی لازم ہے کہ ہر اس طالبعلم کو، جو504 اہلیت کا حامل ہے، تمام سرگرمیوں اور پروگراموں تک رسائی حاصل ہے، اور اُسے اس کی معذوری کی بنیاد پر شرکت سے محروم نہیں کیا جاسکتا اور اُسے لازماً ایک مفت اور مناسب پبلک ایجوکیشن FAPE کی پیشکش کی جائے گی۔ ایک طالبعلم کو ،جو 504 کا اہل ہے ، 504 پلان کی ضرورت ہوسکتی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ FCPS اس طالبعلم کو جو 504 کا اہل ہے ، درکار سہولیات فراہم کرے گا، موافقت یا ترامیم کرے گا تاکہ اسے اسکول کی سرگرمیوں میں بشمول تعلیم ، یکساں رسائی اور مواقع میسر آئیں۔

اسکول کی LSC ایک طالبعلم کی 504 اہلیت کا تعین کرتی ہے۔ اگرایک طالبعلم کو ،جو 504 کا اہل (اہل پایا گیا ) ہے ، ایک کمیٹی جو پرنسپل یا اس کے نامزد اہلکار، اساتذہ اور اسکول کے عملے ، جو مناسب ہو، پر مشتمل ہو، اور جسے ***باخبر کمیٹی*** کہا جاتا ہے، والدین کو مدعو کرے گی تاکہ وہ 504 کے اہل طالبعلم کیلئے ضروری سہولیات، موافقت ، ترامیم اور/ یا خدمات کا جائزہ لیں اور تعین کریں جسے 504 کا اہل طالبعلم اسکول میں استعمال کرے۔

سیکشن504 اور 504 کے بارے میں مزید معلومات Section 504 Procedures Manual اور https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/pdf/Section504Manual.pdf اور FCPS کی ویب سائٹ https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support/Section-504-information. پر دستیاب ہیں۔

## پیرینٹ ریسورس سینٹر(PRC)

ایف سی پی ایس کا PRC والدین میں ان سہولیات کے متعلق آگہی کو فروغ دیتا ہے جو خصوصی تعلیم حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو فراہم کی جاتی ہیں یا جن کے پاس سیکشن 504 منصوبے ہوتے ہیں۔ PRC والدین کو ، فری ورکشاپس ، خفیہ مشاورت اور ماخذ کی ایک لائبریری کے ذریعہ تعلیمی فیصلوں کے عمل میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، جس سے والدین اور اسکول کے مابین اشتراک کار کو فروغ ملتا ہے۔ PRC ماہرینِ تعلیم اور کمیونٹی کیلئے ایک وسیلے کا کام بھی دیتا ہے۔

### پیرینٹ ایجوکیشن پروگرام ورکشاپس

PRC تمام والدین کیلئے ایک سال بھر کا والدین تعلیمی پروگرام کا منصوبہ تشکیل دیتا ہے بلکہ ان والدین کیلئے بھی جن کے بچے معذوری یا خصوصی ضروریات کے حامل ہوں۔ والدین کے لئے DSS، DSS کمیونٹی، اور مقامی، علاقائی اور قومی پریزینٹرز خصوصی تعلیم ، ذہنی صحت اور دیگر حالیہ تعلیمی موضوعات پر ورکشاپس کاؤنٹی بھر میں پیش کرتے ہیں۔ ورکشاپس کے موضوعات میں خصوصی تعلیم کا طریقہ کار ، مطالعہ اور تنظیمی مہارتیں،سماجی مہارتیں ، رویے پر قابو پانا، پوسٹ سیکنڈری آپشنز، ذہنی صحت، منتقلی اور دیگر عنوانات شامل ہوتے ہیں۔ PRC کی مالی اعانت اور لینگوئج سروسز کی مدد سے طالبعلموں کے انگریزی نہ بولنے والے والدین کیلئے تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ اضافی سہولیات کیلئے PRC اور DSS کے عملے کے ارکان معاونت کرتے ہیں۔ تمام سرگرمی اور ورکشاپ کے متعلق معلومات PRC کی ویب سائٹ https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/parent-resource-center پر دستیاب ہیں۔ علاوہ ازیں، PRC YouTube چینل میں، جو https://www.youtube.com/c/FCPSParentResourceCenter پر واقع ہے، ماضی کے مہمان مقررین کی جامع لائبریری موجود ہے۔

### PRC لائبریری Dunn Loring Center برائے والدین کی خدمات

PRC والدین اور اساتذہ کیلئے ایک جامع اور مفت لایبریری کا حامل ہے، جس میں خصوصی تعلیم، 504 منصوبے، معذوری کے شعبے، ذہنی صحت، والدین کی تربیت، نصابی اعانت اور تعلیم میں جدید ترین رحجانات پر چھ ہزار سے زیادہ کتابیں، DVDs, CDs, videos موجود ہیں۔ لائبریری کے بعض ماخذ متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ لائبریری میں VDOE کی مطبوعات اور اس کے ساتھ ساتھ مقامی کمیونٹی کے وسائل اور ایجنسیوں کی معلومات بھی موجود ہیں۔ PRC لائبریری کے آن لائن کیٹیلاگ کے استعمال کیلئے ویب سائٹ https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/parent-resource-center پر تشریف لے جایئے۔

**آن لائن اور *News You Choose* کے ذریعہ دستیاب وسائل**

PRC والدین، اساتذہ اور کمیونٹی کے ارکان کیلئے PRC کی ویب سائٹ پر وسائل کی نشرواشاعت کا کام کرتا ہے جن تک https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/parent-resource-center پر رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ *the PRC News You Choose* کے سبسکرائیبرز ورکشاپوں، سرگرمیوں، آئندہ تقریبات اور PRC سے براہ راست خبریں بذریعہ ای میل حاصل کرتے ہیں۔ والدین، عملے کے ارکان اور کمیونٹی کے ارکان FCPS ہوم پیج پر *News You Choose* پردستخط کرکے اسکی ڈاک فہرست میں شامل ہوسکتےہیں۔ براہ مہربانی واضح کیجیئے کہ آپ کو PRC سے معلومات درکار ہیں جو Office of Professional Learning and Family Engagement کے ماتحت ہے۔

PRC والدین کو ذاتی طور پر ، بذریعہ فون یا ای میل، رازداری کیساتھ مشاورت فراہم کرتا ہے جس میں ایسی معلومات بھی شامل ہوسکتی ہیں جو تعلیم کے معاملات، کمیونٹی کے وسائل اور فنی معاونت سے متعلق ہوں۔ تمام PRC لائبریری مواد ، ورکشاپس، تربیتی پروگرامز اورمشاورت کمیونٹی کے تمام ارکان اور اساتذہ کو بلاقیمت فراہم کی جاتی ہیں۔ والدین 703-204-3941 پر کال کرسکتے ہیں یا اس پتے پر ای میل کیجیئے PRC@fcps.edu .

# فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز ریسورسز

| وسائل | ویب سائٹ | فون نمبر |
|---|---|---|
| اکیڈمی سپورٹ سروسز | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services/academy | 571-423-4150 |
| معذوری کے حامل طلباء کے لیئے مشاورتی کمیٹی (ACSD) | https://www.fcps.edu/committee/advisory-committee-students-disabilities-acsd-2020-21 | |
| مددگار ٹیکنالوجی کی سہولتیں (ATS) | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/assistive-technology-services-ats | 571-423-4867 |
| حاضری اور اسکول میں مشغولیت | https://www.fcps.edu/attendance | |
| اطلاقی رویے کا تجزیہ (ABA) | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/applied-behavior-analysis-aba-program | 571-423-4110 |
| روزگار اور منتقلی کی خدمات | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services | |
| کیرئیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/career-and-technical-education-cte | |
| چائلڈ فائنڈ ارلی چائلڈ ہڈ کی شناخت اور خدمات | https://www.fcps.edu/registration/early-childhood-prek/early-childhood-child-find | 571-423-4121 |
| طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/high-incidence-disabilities-team-k-12-20 | 571-423-4106 |
| بُل رَن چائلڈ فائنڈ | https://www.fcps.edu/registration/early-childhood-prek/early-childhood-child-find | 703-456-2200 |
| بحران سے بچاؤ اور پالیسی اسپیشلسٹ | ضبط وتحمل اور تنہائی | 571-423-4470 |
| ڈن لورنگ چائلڈ فائنڈ | https://www.fcps.edu/registration/early-childhood-prek/early-childhood-child-find | 703-204-6760 |
| ورجینیا ہلز چائلڈ فائنڈ | https://www.fcps.edu/registration/early-childhood-prek/early-childhood-child-find | 703-317-1400 |

| | | |
|---|---|---|
| سہولتیں اور<br>نقل وحمل | https://www.fcps.edu/department/department-facilities-and-transportation-services | 571-423-2350 |
| گھرانوں اور طلباء کے<br>محتسب اعلیٰ | https://www.fcps.edu/department/ombudsman | 571-423-4014 |
| FECEP / ہیڈ اسٹارٹ | https://www.fcps.edu/registration/early-childhood-prek | 703-208-7900 |
| گریجویشن کی شرائط اور کورس<br>پلاننگ | https://www.fcps.edu/academics/graduation-requirements-and-course-planning | |

| وسائل | ویب سائٹ | فون نمبر |
|---|---|---|
| بے گھر افراد کا رابطہ دفتر | https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/information-homeless-families | 571-423-4332 |
| ذہنی صحت کے وسائل | https://www.fcps.edu/resources/student-safety-and-wellness/school-psychology-services/mental-health-resources-and | کال کیجیئے 911 زندگی خطرہ سے دوچارہونے کی ہنگامی صورت حال میں ; TTY ڈائل کیجیے 711<br><br>CrisisLink Regional Hotline: 703-527-4077: ٹیکسٹ کیجیے NEEDHELP to 85511 |
| پیرنٹ ریسورس سینٹر | https://www.fcps.edu/resources/family-engagement/parent-resource-center | 703-204-3941 |
| ریجن 1 دفتر | https://www.fcps.edu/department/region-1 | 571-423-1110 |
| ریجن 2 دفتر | https://www.fcps.edu/department/region-2 | 571-423-1120 |
| ریجن 3 دفتر | https://www.fcps.edu/department/region-3 | 571-423-1130 |
| ریجن 4 دفتر | https://www.fcps.edu/department/region-4 | 571-423-1140 |
| ریجن 5 دفتر | https://www.fcps.edu/department/region-5 | 571-423-1150 |
| اسکول ایج چائلڈ کیئر (SACC) | https://www.fcps.edu/registration/school-age-child-care-sacc | 703-449-8989 |
| خصوصی تعلیم کی تدریس | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction | 571-423-4100 |
| اسپیشل ایجوکیشن پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن | www.fairfaxcountysepta.org | |
| خصوصی تعلیم کیلئے پروسیجرل معاونت | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support | 571-423-4290 |
| محکمہ خصوصی خدمات | https://www.fcps.edu/department/department-special-services | 571-423-1300 |
| اسٹوڈنٹ رجسٹریشن | https://www.fcps.edu/registration | 703-204-6740 |
| طالب علموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ (SR&R) | https://www.fcps.edu/srr | 571-423-4274 |
| منضبط مواد کے غلط استعمال سے بچاؤ کے ماہرین | https://www.fcps.edu/resources/student-safety-and-wellness/alcohol-tobacco-and-other-drug-programs | 571-423-4270 |

# فیئرفیکس کاؤنٹی گورنمنٹ ریسورسز

| وسائل | ویب سائٹ | فون نمبر |
|---|---|---|
| بائیسکل اور پیدل چلنے والوں کا پروگرام | https://www.fairfaxcounty.gov/transportation/bike-walk | 703-877-5600 |
| بچے کی دیکھ بھال کی امداد اور ریفرل | https://www.fairfaxcounty.gov/office-for-children/ccar | 703-449-8484 |
| بچے کی نگرانی کے رہنما اصول | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/children-youth/child-supervision-guidelines | 703-324-7500 |
| کمیونٹی کی اصلاحات کی خدمت | https://www.fairfaxcounty.gov/juveniledomesticrelations/community-corrections | 703-246-3040 |
| کمیونٹی کے صحت عامہ کا جال | https://www.fairfaxcounty.gov/strategymanagementhhs/community-health-care-network-transition | 703-324-4444 |
| کوآرڈی نیٹڈ سروسز پلاننگ | https://www.fairfaxcounty.gov/neighborhood-community-services/coordinated-services-planning | 703-222-0880 |
| محکمہ خاندانی خدمات | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/ | 703-324-7500 |
| بالغ افراد کی حفاظت کی خدمات | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/older-adults/adult-protective-services | 703-324-7450 |
| بچے کی حفاظت کی خدمات کی ہاٹ لائن | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/ | 703-324-7400 |
| نشوونما میں معذوری کی خدمات | https://www.fairfaxcounty.gov/community-services-board/developmental-disabilities | 703-324-4400 |
| فیئرفیکس ایریا ڈس ایبلیٹی سروسز بورڈ | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/disabilities/fairfax-area-disability-services-board | 703-324-5421 |
| فیئرفیکس - فالس چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ | https://www.fairfaxcounty.gov/community-services-board/ | 703-383-8500 |
| رضاعی دیکھ بھال اور بچہ گود لینا | https://www.fairfaxcounty.gov/familyservices/children-youth/foster-care-adoption | 703-324-7500 |

| | | |
|---|---|---|
| 703-246-2411 | https://www.fairfaxcounty.gov/health/ | محکمه صحت |

| وسائل | ویب سائٹ | فون نمبر |
|---|---|---|
| بے گھر کے وسائل اور معلومات: | https://www.fairfaxcounty.gov/homeless/ | 703-324-9492 |
| انسانی خدمات کے وسائل کی رہنمائی | https://www.fairfaxcounty.gov/hsrg/ | 703-324-7164 |
| فیئرفیکس / فالس چرچ کے نوزائیدہ اور کم سن بچوں کا تعلق | https://www.fairfaxcounty.gov/office-for-children/infant-and-toddler-connection | 703-246-7121 |
| تفریح اور پارکس | https://www.fairfaxcounty.gov/topics/recreation-and-parks | 703-324-8700 |
| اسکول ایج چائلڈ کیر (SACC) | https://www.fairfaxcounty.gov/office-for-children/sacc | 703-449-1414 |
| علاج معالجے تفریحی خدمات | https://www.fairfaxcounty.gov/neighborhood-community-services/therapeutic-recreation | 703-324-5532 |

فیئرفیکس کاؤنٹی گورنمنٹ ریسورسز کے متعلق مزید معلومات https://www.fairfaxcounty.gov/ پردستیاب ہیں۔

# کمیونٹی اور دیگر وسائل

| فون نمبر | ویب سائٹ | وسائل |
| --- | --- | --- |
| 2-1-1 | http://www.211virginia.org | 2-1-1 |
| 703-738-9984 | http://www.adhdnova.com/ | ADHD ریسورس گروپ آف ناردرن ورجینیا |
| 202-467-5081 | http://www.acb.org/ | امریکن کونسل آف دی بلائنڈ |
| 800-638-8255 | https://www.asha.org/ | امریکن اسپیچ اینڈ ہیئرنگ ایسوسی ایشن |
| 703-208-1119 | https://thearcofnova.org/ | دی آرک آف نارتھ ورجینیا |
| 703-495-8444 | https://www.asnv.org/ | آٹزم سوسائٹی آف امریکہ ۔ ناردرن ورجینیا چیپٹر |
| 804-355-5748 | https://www.biav.net/ | برین انجری ایسوسی ایشن آف ورجینیا |
| 703-829-6129 | https://www.meetup.com/novachad/ | چلڈرن اینڈ اڈلٹس وِد اٹینشن ڈیفی سیٹ ہائپرایکٹیویٹی ڈس آرڈر(C.H.A.D.D) – ناردرن ورجینیا چیپٹر |
| 973-642-8100 | https://www.parentcenterhub.org/ | سینٹر فار پیرنٹ انفارمیشن اینڈ ریسورسز |
| 888-232-7733 | https://www.cec.sped.org/ | کونسل فار ایکسیپشنل چلڈرن (CEC) |
| 703-527-4077 | https://prsinc.org/crisislink/ | کرائسس لنک |
| 703-621-7129 | https://www.dsanv.org/ | ڈاؤن سنڈرم ایسوسی ایشن آف ناردرن ورجینیا |
| 703-324-8126 | https://fairfax-futures.org/parents-%20resources.htm | فیئر فیکس فیوچرز |
| 703-539-2904 | https://formedfamiliesforward.org/ | فارمڈ فیملیز فارورڈ |
| 703-698-2450 | https://www.inova.org/about-inova/inova-your-community/community-access-care/care-connection-children | INOVA کیئر کنیکشن فار چلڈرن |
| 703-204-9100 | https://www.jssa.org/ | جیوش سوشل سروس ایجینسی آف میری لینڈ، ڈی سی، اینڈ ناردرن ورجینیا |

| | | |
|---|---|---|
| 800-221-4792 | https://learningally.org/ | لرننگ ایلے |

| فون نمبر | ویب سائٹ | وسائل |
|---|---|---|
| 571-458-7310 | https://www.nami-northernvirginia.org/ | نیشنل الائنس آن مینٹل اِلنیس (NAMI) - ناردرن ورجینیا |
| 800-370-2943 | https://www.nichd.nih.gov/ | نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ اینڈ ہیومن ڈیویلپمنٹ |
| 571-748-2500 | https://www.nvfs.org/ | ناردرن ورجینیا فیملی سروسز |
| 703-642-0700 | https://www.novaregion.org/281/Quick-Guide-Online | ناردرن ورجینیا ریجنل کمیشن کوئیک گائیڈ: نجی و سرکاری ایجنسیوں کی فہرست جو شمالی ورجینیا میں مختلف قسم کی خدمات سرانجام دیتی ہیں |
| 703-352-9055 | https://nvrc.org/ | بہرے اور ثقل سماعت سے متاثرہ افراد کیلئے ناردرن ورجینیا ریسورس سینٹر |
| 866-366-9710 | https://researchautism.org/ | آرگنائزیشن فار آٹزم ریسرچ (OAR) |
| 703-249-5099 | https://poac-nova.org/ | پیرنٹس آف آٹسٹک چلڈرن آف ناردرن ورجینیا |
| 703-923-0010 | http://www.peatc.org/ | پیرنٹ ایجوکیشن ایڈؤوکیسی ٹریننگ سینٹر |
| 703-585-7239 | https://www.regratifyingfoundation.org/ | ریگریٹی فائنگ فاؤنڈیشن |
| 703-820-9001 | https://www.scanva.org/ | اسکین آف ناردرن ورجینیا |
| 800-292-3820 | http://www.doe.virginia.gov/ | ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن |
| 804-786-3921 | http://www.dbhds.virginia.gov/ | ورجینیا محکمہ برائے رویے سے متعلق صحت اور ترقیاتی کاموں کی خدمات |
| 804-371-3151 | https://www.vdbvi.org/ | ورجینیا ڈیپارٹمنٹ فار دی بلائنڈ اینڈ ویژن امپیئرڈ |

# ضمیمہ

## ضمیمہ A – IEP فارمز

[خصوصی تعلیم سے متعلق فارمز]

## ضمیمہ B – اصطلاحات کی فرہنگ

**504 PLAN** – ایک منصوبہ ہے جس میں موافقت، سہولیات اور تبدیلیاں بیان کی گئی ہوں جو ایک ایسے طالبعلم کو FCPS کی جانب سے پیش کردہ پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کیلئے درکار ہوں جو معذوری کا حامل ہے جس سے اس سے زندگی کی بڑی سرگرمی متاثرہوتی ہے (تاہم وہ IEP کیلئے کوالیفائی نہیں کرتا)۔ (سیکشن 504 بھی دیکھیئے۔)

**ACCOMMODATION سہولیات**– یہ تبدیل کردیتی ہیں کہ ایک طالبعلم مواد کے متعلق توقعات کو یکساں رکھتے ہوئے کیسے سیکھے گا اور/ یا علم کا اظہار کرے گا۔

**ADAPTIVE PHYSICAL EDUCATION تصرف کردہ جسمانی تعلیم** –تصرف کردہ جسمانی تعلیم کے اساتذہ خصوصی ہدایات کے مستحق طلبا وطالبات کو اعانت، مشاورت فراہم کرتے ہیں اور ان سے تعاون کرتے ہیں۔

**ADMINISTRATIVE REVIEW انتظامی جائزہ**– ایک رضاکارانہ، غیررسمی مصالحتی عمل ہے جو والدین اور اسکول کے عملے کے ارکان کے مابین اختلافات کو ایک مقرر کردہ کمیٹی کے سامنے پیش کرنے کی اجازت دیتا ہے جو عملے کے ایسے ارکان پر مشتمل ہوتی ہے جن کا تعلق طالبعلم کے ساتھ براہ راست نہیں ہوتا۔

**ANNUAL REVIEW سالانہ جائزہ**– اسکول کے عملے کے ارکان اور والدین کی ایک شیڈولڈ کمیٹی طالبعلم کے IEP اہداف اور اغراض ومقاصد کا جائزہ لیتی ہے اور نئی یا پہلے سے جاری خدمات کی مناسبت کا تعین کرتی ہے۔

**ASSISTIVE TECHNOLOGY SERVICES معاون ٹیکنالوجی خدمات (ATS)**–ATS کمپیوٹرز، ابلاغ کے بہتر آلات اور ضرورت کے مطابق ڈھالی گئی ٹیکنالوجی کی سہولیات کو بروئے کار لاتی ہے تاکہ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز(FCPS) کے معذوری کے حامل طلبا وطالبات کی خفتہ صلاحیتوں کو بھرپورانداز میں استعمال کرنے کے قابل بنائے۔

**BASE SCHOOL بیس اسکول**– وہ اسکول جو گھر کے مقامی پتہ کے قریب خدمات سرانجام دے رہا ہو۔

**BASIS FOR COMMITTEE DECISION کمیٹی کے فیصلوں کی بنیاد (BCD)**– اہلیت کمیٹی کی جانب سے استعمال کی جانیوالی تعریفیں اور پیمانے ،جن سے اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ آیا طالبعلم خصوصی تعلیمی کی سہولیات حاصل کرنےکے اہل ہیں۔ طالبعلموں کو لازماً مروجہ طریقہ ہائے کار کے مطابق جانچا گیا ہو۔

**BEHAVIORAL INTERVENTION PLAN طرزعمل کی اصلاح کا منصوبہ (BIP)** –ایک ایسا منصوبہ ہے جو FBA کے بعد آتا ہے جس میں طرزعمل کی مثبت اصلاحات بروئے کار لائی جاتی ہیں اور ایسے رویوں کی اصلاح میں معاونت کرتا ہے جو معذوری کے حامل طالبعلموں کی تعلیم میں رکاوٹ ڈال رہے ہوتے ہیں، یا جو دوسروں کی تعلیم یا طرزعمل میں مداخلت کرتا ہے یا جس کیلئے انضباطی کارروائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ (فعال رویے کی تشخیص بھی دیکھیئے۔)

**BEHAVIOR INTERVENTION TEACHER طرزعمل کی اصلاح کا استاد (BIT)** – اساتذہ اپنے تفویض کردہ علاقوں میں طرزعمل کے سدباب اور اصلاحات کی حکمت عملیوں اورمعاون خدمات وضع کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے کیلئے اسکولوں کو اپنی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

**BUSINESS DAYS کاروباری دن**– وفاقی اور ریاستی تعطیلات سے قطع نظر، سوموارسے جمعہ، سال کے 12 مہینے۔

**CALENDAR DAYS کیلنڈر دن**– مسلسل دن ، بشمول ہفتہ اور اتوارکے دن۔ جب کبھی کوئی مدتِ وقت جو اصطلاح "کیلنڈر کے دن" سے طے کی گئی ہو، ہفتے کے دن، اتوار کے دن ، یا کسی وفاقی یا ریاستی چھٹی والے دن ختم ہوجائے گی ، ایسی کارروائی کیلئے مدت وقت اگلے دن تک توسیع کردی جائے گی ، ہفتے کے دن ، اتوار کے دن یا کسی وفاقی یا ریاستی چھٹی کے دن نہیں۔

**CASE MANAGER کیس مینیجر**– اسٹاف کا رکن جو کسی انفرادی طالبعلم سے متعلق معلومات جمع کرنے، نگرانی کرنے اور استعمال کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

**CHILD FIND چائلڈ فائنڈ** – ایک پبلک اسکول کا پروگرام جو 2 سے 21 سال تک کے ایسے بچوں اور لڑکے لڑکیوں کی نشاندہی کرتا ہے اور شناخت کرتا ہے ،جنہیں خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہوتی ہے۔

**CHILD WITH A DISABILITY معذوری کا حامل بچہ**– وہ بچے جن کی، خصوصی تعلیم سے متعلق قواعدوضوابط کے مطابق، جانچ پڑتال اور نشاندہی کی گئی ہو، جو ذہنی معذوری، ثقلِ سماعت، بول چال یا زبان میں نقص، آٹزم، بصری خرابی ، جذباتی معذوری، تکلیف دہ دماغی چوٹ، متعدد معذوریوں، نشوونما میں تاخیر یا کسی مخصوص معذوری کا شکار ہیں اور جنہیں خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات درکار ہوں۔

**COMMUNITY SERVICES BOARD کمیونٹی سروس بورڈ**– مقامی حکومتی ایجینسی جو ذہنی معذوری اور ذہنی امراض کا شکاربالغ افراد کو ہرممکن حد تک خودمختار بنانے کیلئے خدمات فراہم کرتی ہے۔

**CONSENT رضامندی**– والد یا والدہ (والدین) یا اہل طالبعلم کو مکمل طورپر تمام معلومات سے آگاہ کردیا گیا ہے جو اس سرگرمی سے متعلق ہو جس کیلئے والد یا والدہ (والدین) یا اہل طالبعلم سے ان کی مادری زبان میں، یا کسی دوسرے ابلاغ کے ذریعے رضامندی حاصل کی گئی ہو؛ والد یا والدہ (والدین) اور اہل طالبعلم سمجھتے ہوں اور تحریری طورپر رضامند ہوں کہ اس سرگرمی کو کیا جائے گا جس کی رضامندی حاصل کی گئی ہو، اور اجازت نامہ میں وہ سرگرمی اور اس ریکارڈ (اگر کوئی ہو) کی فہرست بیان کی گئی ہو، جو جاری کیا جائے گا اور کسے جاری کیا جائے گا؛ اور والد یا والدہ (والدین) یا اہل طالبعلم سمجھتے ہوں کہ اس رضامندی کا اظہار ، جو والد یا والدہ (والدین) یا اہل طالبعلم کی جانب سے کیا جارہا ہے، رضاکارانہ ہے اور کسی بھی وقت منسوخ کیا جاسکتاہے۔

**CONTINUUM OF SERVICES خدمات کا تسلسل**– ان خدمات کی ادائیگی کے آپشنز کی طرف اشارہ کرتا ہے جو اہل طالبعلموں کو پیش کئے جاتے ہیں۔

**COUNSELING SERVICES کونسلنگ کی خدمات**– ایک طالبعلم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) سے متعلقہ خدمت، جو ایک قلیل مدت ساختہ اصلاح ہو اور جو ایک مخصوص اغراض ومقاصد اور اہداف کی حامل ہو کہ اسکول کے ماحول کے اندر رہتے ہوئے طالبعلم کی سماجی، جذباتی اور تعلیمی نشوونما ہو۔

**DEAF/HARD OF HEARING SERVICES معذور/ ثقل سماعت کے افراد کیلئے خدمات**– نقص سماعت کے حامل طالبعلموں کیلئے تعلیمی خدمات اہل طالبعلموں کیلئے سفری خدمات اور کسی خاص مقام پر جاری پروگراموں کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہیں۔

**DEPARTMENT OF AGING AND REHABILITATIVE SERVICES محکمہ عمررسیدہ افراد و بحالی خدمات (DARS)**– حکومتِ ورجینیا کی یہ ایجنسی جسمانی، ذہنی اورجذباتی معذوریوں کے حامل افراد کی معاونت کرتی ہے تاکہ وہ ہر ممکن حد تک خودمختار ہو سکیں۔

**DUE PROCESS HEARING سماعت کا باقاعدہ طریقہ کار**– ایک باقاعدہ طریقہ کار جو والدین اور اسکول سسٹم کے مابین خصوصی تعلیمی خدمات کی

فراہمی پر مبنی تنازعات کو حل کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ (غیرجانبدار سماعت بھی دیکھیئے۔)

**EARLY INTERVENTION ابتدائی اصلاحات**—وہ تخصیصی خدمات جو نومولود اور کم سِن بچوں کو فراہم کی جاتی ہیں جو نشوونما میں تاخیر کے خطرات سے دوچار ہیں، یا اس کے آثار نظر آتے ہیں۔

**EDUCATIONAL EVALUATION تعلیمی جانچ پڑتال** (جانچ پڑتال دیکھیئے)

**ELIGIBILITY COMMITTEE اہلیت کمیٹی**– پیشہ ور عملے کے ارکان اور والدین پر مشتمل ایک کمیٹی جو ایک طالبعلم کی انفرادی ضروریات کومدنظر رکھتے ہوئے یہ تعین کرے کہ آیا طالبعلم خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کا اہل ہے اہلیت کمیٹیاں عام طور پر طالبعلم کے اسکول میں میٹنگ کرتی ہیں۔

**EVALUATION جانچ پڑتال**– کسی طالبعلم کی نفسیاتی، طبی، سماجی و ثقافتی اور تعلیمی معلومات جمع کرنے اور تجزیہ کرنے کا عمل تاکہ اہلیت کمیٹی یہ تعین کرسکے کہ آیا طالبعلم خصوصی تعلیمی خدمات اور شعبوں کیلئے اہل ہے۔ اہلیت کمیٹی والدین اور اسکول کے عملے کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اور اس کے ساتھ ساتھ ان معلومات کا، جو والدین نے نجی پریکٹیشنرز سے حاصل کی ہوں، جائزہ لیتی ہے:

- **Educational Assessment تعلیمی تشخیص**– ایک تحریری رپورٹ جس میں موجودہ تعلیمی کارکردگی بیان کی گئی ہو اور تعلیمی مہارتوں ، زبان کی کارکردگی اور عملی شعبوں میں درست تدریسی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہو۔ اس رپورٹ میں تعلیمی امتحانات کے نتائج، کلاس روم ٹیچر کا موقف، اور کلاس روم مشاہدے کی معلومات شامل ہوتی ہیں۔

- **Medical Assessment طبی تشخیص**– ایک لائسنس یافتہ معالج کی تحریری رپورٹ، جس میں عمومی میڈیکل ہسٹری اور کسی طبی یا صحت کے مسائل کا تذکرہ ہوجس سے تعلیمی ترقی میں رکاوٹ پیش آسکتی ہے۔

- **Psychological Assessment نفسیاتی تشخیص**– ایک منظور شدہ نفسیات دان کی تحریری رپورٹ جو مناسب تشخیصوں پر مبنی ہوں جس میں انفرادی انٹیلی جینس ٹیسٹس اور نفسیاتی وتعلیمی آزمائشیں بھی شامل ہوسکتی ہیں۔

- **Sociocultural Assessment سماجی و ثقافتی تشخیص**– ایک تحریری رپورٹ جس میں نشوونما کی تاریخ اور گھر اوراسکول میں حسب منشا رویے کو بیان کیا گیا ہو۔ ایک سماجی کارکن یا وزیٹنگ ٹیچر یہ جانچ پڑتال مکمل کرتا ہے۔ دیگرجانچ پڑتال کی رپورٹوں میں بول چال اورزبان، پیشہ ورانہ تھیراپی وغیرہ، جہاں مناسب ہو، شامل کی جاسکتی ہیں۔

**EXTENDED SCHOOL YEAR (ESY) SERVICES توسیعی اسکول سال خدمات**– ایسی خصوصی تعلیمی اور/ یا متعلقہ خدمات ہیں، جو معذوری کے حامل طلباء کے لیئے، عام اسکول کے سال کے علاوہ بھی، ایک مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) فراہم کرنے کی نیت سے، پیش کی جاتی ہیں اور یہ خدمات بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام IEP کے مطابق اور گھرانوں کے لیئے، مفت ہوتی ہیں۔ ESY خدمات مختلف حالات اور طریقہ ہائے کار کے ذریعہ پیش کی جاسکتی ہیں، بشمول کلاس روم میں تدریس، والدین کی رہنمائی میں گھر می پروگرام جس کا ٹیچر اور/ یا مشاورتی یا نگرانی میں اعانت کرنے والے عملے کے ارکان جائزہ لیں۔

**FREE APPROPRIATE PUBLIC EDUCATION مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE)**–ایک قانونی ضرورت جس میں معذوری کے حامل بچوں اور نوجوانوں کو ان کی ضروریات کے مطابق پبلک تعلیم فراہم کی جائے جو خاندانوں پر کوئی مالی بوجھ نہ ڈالے۔

**FUNCTIONAL BEHAVIORAL ASSESSMENT با ضابطہ رویے کی جانچ (FBA)** ایک ٹیم یہ جانچ مکمل کرتی ہے جس میں، مشکل طرز عمل کے فعل سے متعلق قیاس آرائی کی جاتی ہے کہ کیسے طالب علم کا رویہ نمایاں طور پر اسکی اپنی اور/ یا دوسروں کی تعلیم میں رکاوٹ کا سبب بنتا ہے۔اس کے نتیجے میں طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP) تیار کیا جاتا ہے۔ (رویے کی اصلاح کا منصوبہ بھی دیکھیئے)

**GENERAL EDUCATION عمومی تعلیم**– عمومی تعلیم کی کلاس یا سرگرمی میں براہ راست شرکت جس کی منصوبہ بندی اورانتظام عمومی تعلیم کے عملے کے ارکان کرتے ہیں (مثال کے طورپر اس میں لنچ یا جاب کی تربیت ایسی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں ،جس میں ایک طالبعلم اپنے عمومی تعلیم کے ساتھیوں کے ساتھ حصہ لیتا ہے۔ )

**HOME-BASED INSTRUCTION گھر پر مبنی تعلیم** — گھر پر مبنی تعلیم خصوصی تعلیم کے ان طالبعلموں کو فراہم کی جاسکتی ہے جو انضباطی بنیاد پر یا کسی اور وجہ سے اسکول سے نکال دیئے گئے ہیں۔ گھر پر مبنی تعلیم کا مقصد طالبعلم کو کلاس روم کی تعلیم کے ساتھ لیکر چلنا ہے یہانتکہ اُسے کلاس روم کے ماحول میں واپس آنے کی اجازت مل جائے۔

**HOMEBOUND INSTRUCTION گھر کے اندر خدمات**— گھر کے اندر خدمات ایسے طالبعلموں کو فراہم کی جاسکتی ہیں جو کسی ایسی عارضے میں مبتلا ہیں جس کی وجہ سے وہ کلاس روم کی تدریس میں شرکت نہیں کرسکتے کیونکہ وہ گھر یا کسی شفاخانہ میں محصور ہوتے ہیں۔

**IDEA**– (معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ دیکھیئے۔)

**IDENTIFICATION شناخت** والدین، استاد / استانی یا کسی دوسرے فرد کی جانب سے یہ تسلیم کیا جانا کہ بچے کو خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے۔

**INDIVIDUALIZED EDUCATION PROGRAM (IEP) انفرادی تعلیمی پروگرام** خصوصی تعلیمی سہولتیں حاصل کرنے والے ہر طالب علم کا ایک تحریری پلان جس میں طالب علم کی خصوصی تعلیمی ضروریات اور طالب علم کو مطلوب مخصوص خصوصی تعلیمی سہولتوں کی معلومات شامل ہوتی ہے۔

**IEP ٹیم** – والدین، خصوصی تعلیم کا استاد، عمومی تعلیم کا استاد، طالبعلم (اگر مناسب ہو) خصوصی تعلیم کی خدمات فراہم کرنے یا ان کی نگرانی کرنے کے قابل اسکول سسٹم کا ایک نمائندہ اور درخواست کرنے کی صورت میں دیگر افراد ،جو IEP وضع کرنے کیلئے ایک کانفرنس میں ملاقات کرتے ہیں ۔

**IMPARTIAL HEARING غیر جانبدارسماعت** – ایک باقاعدہ طریقہ کار جو والدین اور اسکول ڈسٹرکٹس کے مابین خصوصی تعلیمی خدمات کی فراہمی پر مبنی تنازعات کو حل کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ( سماعت کا قانونی طریقہ کاربھی دیکھیئے۔)

**INDIVIDUALS WITH DISABILITIES EDUCATION ACT معذوری کے حامل افراد کا ایکٹ (IDEA)**– وفاقی قانون جو حکم دیتا ہے کہ اسکول جانیوالی عمر کے ایسے تمام بچے جو معذوری کے حامل ہوں، کیلئے مناسب عمومی تعلیم (FAPE) دستیاب ہو۔ یہ پبلک لاء 108-446 کے نام سے بھی موسوم ہے۔

**LEAST RESTRICTIVE ENVIRONMENT کم سے کم پابندی والا ماحول (LRE)**– اس ماحول کا تعین IEP ٹیم کرتی ہے جو بچے کی تعلیمی اور جسمانی ضروریات پورا کرنے کیلئے عمومی تعلیم اور سرگرمیوں میں بچے کو زیادہ سے زیادہ وقت دیتی ہے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ خصوصی کلاسیں، الگ اسکول میں داخلہ یا معذوری کے حامل طالبعلم کی عمومی تعلیم کے ماحول سے علحیدگی جب معذوری کی علامت یا شدت اس نوعیت کی ہو کہ عام کلاس میں اضافی مدد اور خدمات کے ساتھ تسلی بخش طور پر پوری نہ کی جا سکتی ہوں۔

**LOCAL EDUCATION AGENCY لوکل ایجوکیشن ایجنسی (LEA)**– پبلک اسکول سسٹم (مثال کے طور پرفیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز)۔

**LOCAL SCREENING COMMITTEE لوکل اسکریننگ کمیٹی (LSC)**– ایک کمیٹی جو خصوصی تعلیم کے ریفرلز کا جائزہ لینے اورتعلیمی مشکلات کے تجربہ سے گزرنے والے طالبعلموں کی ضروریات کی نشاندہی کرنے کیلئے تمام اسکولوں میں قائم کی جا تی ہے۔ LSC میں پرنسپل (یا ان کا نامزد فرد)، طالبعلم کا استاد، خصوصی تعلیم کا ٹیچر، اسکول کا ماہر نفسیات، اسکول کا سماجی کارکن، ریفرل کا آغاز کرنے والا اور جہاں مناسب ہو تو دیگر عملے کے ارکان شامل ہوتے ہیں۔ والدین کو میٹنگ کے بارے میں بتایا جاتا ہے اور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس میں شرکت کریں اور کارروائی میں حصہ لیں۔

**MEDIATION ثالثی یا مصالحت** –ایک عمل جس میں ایک غیر جانبدار شخص دو فریقوں کے مابین سہولت پیدا کرتا ہے اور معاملات کو حل کئے بغیر یا فریقین پر کوئی حل مسلط کئے بغیر، انہیں اس قابل بناتا ہے کہ وہ تنازعہ کو سمجھیں اور حل کریں۔

**OCCUPATIONAL THERAPY پیشہ ورانہ تھیراپی (OT)**– ایک خدمت جو طالبعلم کے IEP کے ساتھ منسلک ہوتی ہے، جس میں ادراکی، حسی، بصری حرکت، اعصاب اور اپنا خیال رکھنے کی صلاحیتوں کی کمی کے تدارک یا پورا کرنے پرزور دیتی ہے۔

**OMBUDSMAN محتسب اعلیٰ**– محتسب اعلیٰ دفتر طلبا وطالبات، گھرانوں اور کمیونٹی کے ارکان کو پیش آنے والی کسی بھی طرح کی مشکلات، شکایات اور طلباء سے منسلک دیگر مسائل کے غیر رسمی حل نکالنے کے سلسلے میں ایک خود مختار، رازدارانہ ذریعہ فراہم کرتا ہے۔

**PARENT والد یا والدہ**– ایک حقیقی والد یا والدہ یا گود لینے والا، رضاعی ، متبادل والدین، سرپرست، آزاد نابالغ، تحویل میں لینے والے سوتیلے والدین یا ایک ایسا فرد جو والدین کے قائم مقام فرائض سرانجام دے رہا ہو جس کے ساتھ طالبعلم رہائش پذیرہو یا جو طالبعلم کی فلاح وبہبود کا قانونی طورپر ذمہ دار ہو۔ اس اصطلاح میں متعدد صفات اور استثنیٰ شامل ہیں؛ مزید تفصیلات کیلئے، *2010 ورجینیا اسپیشل ہینڈ بک:*
https://www.doe.virginia.gov/special_ed/parents/parents_guide.pdf میں فرہنگ دیکھیئے۔

**PHYSICAL THERAPY فزیکل تھیراپی (PT)**– ایک خدمت جو طالبعلم کے IEP کے ساتھ منسلک ہوتی ہے، جس میں نقل وحرکت، چال ڈھال، پٹھوں کی طاقت اور جسمانی وضع وقطع کے تدارک یا پورا کرنے پرزور دیتی ہے۔

**POSITIVE BEHAVIOR APPROACH مثبت طرزعمل کے طریقے (PBA)**– ایک اسکول کی سطح پر اندازفکر جس میں طرزعمل کےمتعلق خدشات کا تدارک کیا جاتا ہے اور کارروائی کی جاتی ہے جس سے عملے کو، جو تمام طلبا و طالبات کو مثبت رویے سکھارہے ہوتے ہیں یا فروغ دے رہے ہوتے ہیں، مدد ملتی ہے۔

**PROCESSING DISORDER پراسیسنگ ڈس آرڈر**– ممیز کرنے کی صلاحیت، معنی اخذ کرنے اور/ یا علامتوں ، اشیاء اور/ یا ماحول میں رونما ہونے والے واقعات پر مناسب ردعمل دینے میں کمی ہونا۔

**PROCEDURAL SUPPORT LIAISON پروسیجرل سپورٹ لیژون (PSL)**– آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ سے تعلق رکھنے والے ایف سی پی ایس کے عملے کا ایک رکن جو والدین اور اسکول کے عملے کیلئے خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کرکے اوروالدین اور اسکول عملے کے درمیان بات چیت میں سہولت پیدا کرکے ایک وسیلہ کے طورپر خدمت سرانجام دیتا ہے تاکہ باہمی اشتراک سے فیصلہ سازی کے عمل میں مدد ملے۔ ایک PSL بطور ایک اضافی IEP ٹیم ممبر کے خدمات سرانجام دے سکتا ہے۔ ایک PSL والدین اور عملے کی رہنمائی کرسکتا ہے جب وفاقی، ریاستی اور مقامی خصوصی تعلیم کے رہنما اصولوں اور طریقہ ہائے کار سے متعلق سوالات جنم لیتے ہیں۔ ایک PSL ہر pyramid کیلئے مخصوص کیا جاتا ہے۔

**PROGRAM OF STUDIES پروگرام آف اسٹڈیز (POS)**– ایف سی پی ایس کے لیے بنیادی ہدایات کا پروگرام ۔ اس میں کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک کے تمام مضامین کے تدریسی مقاصد، تدریسی مواد کے کیٹلاگز، اور منتخب مقاصد کے حصول میں طالبعلموں کو جانچنے کے ٹیسٹس (گریڈ لیول کے مطابق مقامی اسکولوں میں جائزہ کیلئے دستیاب ہیں)، پر مشتمل دستاویزات کی سیریز شامل ہوتی ہیں۔

**PUBLIC LAW 108-446 پبلک لاء 446-108**– وفاقی قانون جو لازم قراردیتا ہے کہ اسکول جانے والی عمر کے تمام بچوں جو معذوری کے حامل ہوں، کیلئے FAPE دستیاب ہو۔ اسے IDEA بھی کہتے ہیں۔

**REEVALUATION ازسرنو جانچ پڑتال**– ایک جائزہ جو IEP ٹیم کی جانب سے لیا جاتا ہے اور ہر تین سال کے بعد یا اگر ضرورت پڑے تو جلد لیا جاسکتا ہے۔ یہ تعین کرتی ہے کہ آیا خصوصی تعلیم کی اہلیت جاری رکھنے کیلئے تازہ ترین معلومات ، اور طالبعلم کی انفرادی ضروریات کا تعین کرنے کیلئے معلومات کی اقسام کی ضرورت ہے یا نہیں۔

**REFERRAL ریفرل**– اسکول یا ایجنسی کو بتانا کہ ایک طالبعلم کو خصوصی تعلیم کی ضروریات ہوسکتی ہیں۔ یہ ریفرل والدین ، استاد / استانی یا عملے کے کسی رکن جو طالبعلم کے ساتھ کام کرچکا ہو، کی جانب سے تیارکیا جاسکتا ہے۔ طالبعلموں کو ریفرکئے جانے کیلئے اسکول میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**RELATED SERVICES متعلقہ خدمات**– امداد خدمات جنہیں ایک طالبعلم کے IEP میں تعین کیا جاتا ہے، اور جو تعلیمی وسائل سے استفادہ کرنے کیلئے بچے کیلئے ضروری ہوتی ہیں۔

**SOCIOCULTURAL EVALUATION سماجی وثقافتی جانچ پڑتال** (جانچ پڑتال دیکھیئے)

**SECTION 504 سیکشن 504**– بحالی ایکٹ مجریہ 1973ء میں ایک وفاقی قانون، جو کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے خاتمہ کیلئے وضع کیا گیا تھا۔ سیکشن 504 کے مطابق، ایسی جسمانی یا ذہنی کمی جس سے زندگی کی ایک یا ایک سے زیادہ بڑی سرگرمیاں محدود ہوکر رہ جائیں، کے حامل طالبعلم کو معذوری کی بنیاد پر ایف سی پی ایس کی پیش کردہ کسی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت سے نہیں خارج کیا جائے گا، فوائد سے محروم نہیں کیا جائے گا اورنہ امتیازی سلوک کیا جائے گا۔ سیکشن 504 کے مطابق قابلیت 504 منصوبہ پر منتج ہوسکتی ہے جو اُن موافقت، سہولیات اور تبدیلیوں کی صراحت کرتا ہے جو ایک طالبعلم کو ایف سی پی ایس کے پیش کردہ پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے کیلئے درکار ہوسکتی ہیں۔

**SPECIAL EDUCATION خصوصی تعلیم**–خاص طورپر تیارکردہ تدریس، جس میں والدین پر کوئی مالی بوجھ نہیں ہوتا، جس میں معذوری کے حامل بچے کی منفرد ضروریات کو پورا کرنا ہوتا ہے، بشمول کلاس روم میں تدریس، جسمانی تعلیم کی تدریس، گھرمیں پڑھائی اور اسپتالوں اور اداروں میں تدریس۔ اس اصطلاح میں اسپیچ تھیراپی یا کوئی اور متعلقہ خدمات اور پیشہ ورانہ تعلیم بھی شامل ہوتی ہیں اگر یہ خدمات خاص طورپر تیار کردہ تدریس پر مشتمل ہوں اور اس سے والدین پر کوئی مالی بوجھ نہ آئے۔

**STANDARDS OF LEARNING اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL)**– بنیادی علم اور مہارتوں کا خاکہ، جو ورجینیا کے طالبعلموں کو گریڈز K-12 میں چار ضروری مضامین انگریزی، ریاضی، سائنس اور معاشرتی علوم میں پڑھایا جاتا ہے۔

**STATE EDUCATION AGENCY اسٹیٹ ایجوکیشن ایجنسی (SEA)**–ریاستی ایجنسی جو اسکول پروگراموں پر عمل درآمد کی ذمہ دار ہوتی ہے (مثال کے طورپر ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن)۔

**TRANSITION PLANNING GUIDE اگلے مرحلہ کی منصوبہ بندی کی رہنمائی**– ایک تحریری منصوبہ جو والدین کی مدد کیلئے طالبعلم کی اسکول سے کمیونٹی میں زندگی کی طرف پیش قدمی کیلئے وضع کیا جاتا ہے۔ اس میں کیریئرمیں دلچسپیاں اور مقاصد؛ لوگوں سے ملنے جلنے، سماجی ، اپنی وکالت خود کرنے اور خودمختار زندگی گزارنے کی مہارتیں ؛ اورمقاصد کے حصول کیلئے کورسز اور وسائل شامل ہوتے ہیں اوریہ اسکول سے فارغ التحصیل ہونے والے طالبعلموں کیلئے اُخری کڑی ہوتا ہے۔ اگلے مرحلہ کا منصوبہ آٹھویں گریڈ میں یا جب طالبعلم 14 سال کا ہوتا ہے، جو بھی پہلے ہو، طالبعلم کے IEP کا حصہ بن جاتا ہے ۔

# ضمیمہ C متعلقہ مخفف

ریاست ورجینیا اور ایف سی پی ایس میں عام تعلیم سے متعلقہ مخففات کی فہرست

| مخف | معنی |
|---|---|
| CST | بچے کی تعلیم کی ٹیم |
| CTS | روزگار اور منتقلی کی خدمات |
| DARS | محکمہ برائے خدمات عمررسیدگی و بحالی |
| DD | نشوونما میں تاخیر |
| DRS | محکمہ بحالیٔ خدمات |
| DSM-V | تشخیصی وشماریاتی مینوئل ، 5 واں ایڈیشن |
| DX | تشخیص |
| ECSE | ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم |
| ECIDS | ابتدائی بچپن کی شناخت اور خدمات |
| ED | جذباتی معذوری |
| ESOL | دیگر زبانوں کے حامل انگریزی بولنے والے |
| ESY | توسیعی اسکول سال |
| FAPE | مفت و مناسب سرکاری تعلیم |
| FBA | فعال رویے کی تشخیص |
| FCPS | فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز |
| FERPA | فیملی ایجوکیشنل رائٹس اینڈ پرائیویسی ایکٹ |
| FOIA | آزادی اظہار اطلاعات کا قانون |
| HI | سماعت میں نقص |
| IAES | عبوری متبادل تعلیم کا ماحول |
| ID | ذہنی معذوری (MD کی جگہ ) |

| مخف | معنی |
|---|---|
| 2E | دوہرا غیر معمولی |
| 504 | بحالی ایکٹ مجریہ 1973ء کی ایک دفعہ |
| AAC | بڑھانے والی اور متبادل بات چیت |
| ABA | اطلاقی رویے کا تجزیہ |
| ACSD | معذوری کے حامل طلباء کے لیئے مشاورتی کمیٹی |
| ADA | معذوری کے حامل امریکیوں کا قانون |
| ADD | توجہ کی کمی کا عارضہ ، جسے اب ADHD" بنیادی طور پر عدم توجہ کی قسم" سے تبدیل کردیا گیا ہے |
| ADHD | توجہ کی کمی کا عارضہ |
| APD | سمعی عمل کا عارضہ |
| ASD | آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر |
| ASL | امریکن سائن لینگویج |
| ATS | مددگار ٹیکنالوجی کی سہولتیں |
| AYP | موزوں سالانہ ترقی |
| BCD | کمیٹی کے فیصلے کی بنیاد |
| BD | رویے کا عارضہ |
| BIP | طرزعمل کی اصلاحات کا منصوبہ |
| CAPD | مرکزی سمعی عمل کا عارضہ |
| CSA | جامع خدمات کا قانون |
| CSB | کمیونٹی سروسز بورڈ، فیئر فیکس - فالس چرچ |

| مخفف | معنی |
|---|---|
| IDEA | معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ |
| IEE | آزادانہ تعلیمی جانچ |
| ITC | شیرخوار چھوٹے بچہ کا تعلق |
| EFE | تعلیم برائے روزگار |
| EFEO | دفتر میں روزگار سے متعلق تعلیم |
| ETR | روزگار اور منتقلی میں اعانت |
| IEP | انفرادی تعلیمی پروگرام |
| ISP | انفرادی خدمات کا منصوبہ |
| IQ | ذہانت کا پیمانہ |
| KIT | رابطہ میں رہیئے |
| LD | سیکھنے کی معذوری |
| LEA | مقامی تعلیم کا ادارہ |
| LEP | محدود انگریزی کی استعداد |
| LRE | کم سے کم پابندی والا ماحول |
| LSC | مقامی اسکریننگ کمیٹی |
| MD | متعدد معذوریاں |
| MDR | طرز عمل کے تعین کا جائزہ |
| MR | ذہنی پسماندگی ( اب ID) |
| MTSS | مدد کا متعدد-درجوں کا نظام |
| NCLB | کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے ایکٹ مجریہ 2001ء |
| NVLD | غیر زبانی سیکھنے کی معذوری |

| مخفف | معنی |
|---|---|
| OSEP | دفتربرائے خصوصی تعلیم پروگرامز، (امریکی محکمہ تعلیم)، آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ (FCPS) |
| OSERS | دفتر برائے خصوصی تعلیمی اور بحالی خدمات (امریکی محکمہ تعلیم) |
| OT | پیشہ وارانہ تھیراپی |
| PAC | پری اسکول آٹزم کلاس |
| PBA | مثبت طرزعمل کا طریقہ |
| PDD | نشوونما میں سرایت کرنے والا عارضہ (بعض اوقات آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈرکا مترادف استعمال ہوتا ہے) |
| PE | جسمانی تعلیم |
| PECS | تصویر کے تبادلے کے ذریعہ بات چیت کا نظام |
| PDC | پری اسکول ڈائیگناسٹک سینٹر |
| PLOP | کارکردگی کی موجودہ سطح |
| PRC | پیرنٹ ریسورس سینٹر |
| PSL | طریقہ کار کے معاون رابطہ کار |
| PT | فزیکل تھیراپی |
| PTSD | بعد از تکلیف تناؤ کا عارضہ |
| PWN | پیشگی تحریری نوٹس |
| RTI | اصلاحات پر ردعمل |
| SD | سنگین معذوری |
| SEA | ریاستی تعلیمی ادارہ ( ورجینیا میں ، ورجینیا محکمہ تعلیم) |
| SSEAC | ریاستی خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی |

| مخف | معنی |
| --- | --- |
| SI | حسی انضمام |
| SLD | سیکھنے کی مخصوص معذوری |
| SLI | تقریر ۔ زبان کی خرابی |
| SLP | تقریر ۔ زبان کی خرابی کی تشخیص کا ماہر |
| SOL | تعلیمی معیارات کا امتحان |
| SP/L; S/L | گفتگو زبان |
| SPD | حسی عمل کا عارضہ |
| SPED | خصوصی تعلیم |
| SR&R | طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریاں |
| STEP | سیکنڈری ٹرانزیشن ٹو ایمپلائمنٹ پروگرام |
| TBI | تکلیف دہ دماغی چوٹ |
| T/TAC | تربیت / فنی معاونت کا مرکز |
| USDOE | امریکی محکمہ تعلیم |

| مخف | معنی |
| --- | --- |
| VAAP | ورجینیا متبادل تشخیصی پروگرام |
| VDOE | ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن |
| VI | بصارت میں نقص |
| VR | پیشہ ورانہ بحالی |
| VSDB | ورجینیا اسکول برائے بہرہ ونابینا افراد |
| VSEP | ورجینیا قائم مقام تشخیصی پروگرام |
| WAT | کام سےآگاہی اور تربیت |

## اہلیت کی میٹنگس کیلئے خصوصی تعلیم کے ریفرل اور مدتِ وقت

**ریفرل بنائیے**

کثیر المقاصد ریفرل فارم کے صفحات 1 اور 2 مکمل کیجیئے (SS/SE-5)

مقامی اسکریننگ کمیٹی (LSC) کے سربراہ کو فوری طورپر مطلع کیجیئے کہ وہ LSC ایجنڈے پر ڈال دے

↓

**لوکل اسکریننگ کمیٹی (LSC) کی میٹنگ**

*ریفرل کے 10 کاروباری دنوں کے اندر اندر منعقد ہونی چاہیئے*

اگر ٹیسٹنگ کی سفارش اور اجازت دے دی گئی ہے:

↓

**خصوصی تعلیم جانچ پڑتال**

*اہلیت میٹنگ سے قبل جانچ پڑتال مکمل ہوگئی ہے۔*

**طالبعلم کی آزمائش-** طالبعلم کو نوٹس اور جانچ پڑتال کے اجازت نامہ (SS/SE-2) میں دیئے گئے تمام شعبوں میں جانچا گیا ہے۔

**سماجی پس منظر-** والدین تعلیمی، نشوونما اور خاندانی پس منظر پر بات چیت کیلئے اسکول کے سوشل ورکر سے ملاقات کرتے ہیں

**تشریحی کانفرنس-** والدین کی اسکول کے ماہر نفسیات سے جانچ پڑتال کے نتائج کا جائزہ لینے کیلئے اختیاری ملاقات

↓

**اہلیت کی میٹنگ**

*ریفرل کے 65 کاروباری دنوں کے اندر اندر منعقد ہونی چاہیئے*

اہلیت کمیٹی تعین کرتی ہے کہ آیا طالبعلم خصوصی تعلیمی خدمات کا اہل ہے

اہلیت کا دوبارہ جائزہ لینے کی میٹنگز اسکول میں کام کرنے والے نامزد اہلکار کو درخواست ملنے کی تاریخ کے 65 کاروباری دنوں کے اندر اندر منعقد ہونی چاہیئں

↓

**انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میٹنگ**

*اگر طالبعلم اہل قرار پایا جاتا ہے تو اہلیت میٹنگ کے 30 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر ہونی چاہیئے*

والدین اور اساتذہ اہداف اور خدمات کیلئے ایک منصوبہ تشکیل دیں